وہ لوگ جو رہائش تبدیل کرنے کے خواہاں تھے ان کی تبدیلی رہائش کا خواب پورا ہوگا۔ ملازمت پیشہ افراد کی تبدیلی کا بھی امکان ہے۔ معاملات روزگار میں شامل دیگر افراد کے ساتھ تعلقات کچھ زیادہ خوشگوار نظر نہیں آتے۔ تاہم اعلیٰ افسران اور صاحب حیثیت افراد آپ کی بات پر توجہ دیں گے جو کہ ایک مثبت پہلو ہے۔ مجموعی لحاظ سے یہ وقت زیادہ سعد نہ ہے اس لیے تمام ایسے کام جن میں رسک کا عنصر ہو ان سے دور رہنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ بجلی، مشین یا گاڑی و موٹر سائیکل وغیرہ چلاتے ہوئے یا سڑک پار کرتے ہوئے حادثے کا امکان ہے۔ بچنے کی خواہش ہے تو محتاط رہیں ورنہ آپ کی مرضی۔ افراد خانہ کا دھیان رکھنے کا وقت ہے۔ خصوصاً خاندان کے عمر رسیدہ افراد اور خواتین کے حوالے سے صحت کے مسائل سامنے آئیں گے اور ہمارا مشورہ ہے کہ کسی بھی صورت ان سے لاپرواہی اختیار نہ کریں ورنہ ان لوگوں کی صحت کے مسائل میں بگاڑ پیدا ہوگا جو آگے چل کر پریشانی کا باعث ہوگا۔

21 مارچ تا 20 اپریل

معاملات زندگی کے حوالے سے ایک اچھا اور کامیاب وقت ہے کو ابھی صورت حال سے محسوس ہوتا ہے کہ آپ کو اس وقت کوئی نہ کوئی خوش خبری ضرور ملے گی۔ اس عرصے کے دوران وہ لوگ جو آگے بڑھنے اور کامیابی حاصل کرنے کی عملی خواہش رکھتے ہیں غیر معمولی کامیابی حاصل کریں گے۔ کاروباری اور پیشہ وارانہ حوالے سے نمایاں مقام حاصل کریں گے۔ آمدن اور ذرائع روزگار میں اضافہ ہوگا۔ خاص طور پر وہ لوگ جو بیک وقت دو یا دو سے زائد جگہوں پر کام کرتے ہیں یا کرنے کے خواہشمند ہیں۔ عمر میں آپ سے بڑے بہن بھائی خصوصاً بہنیں اس عرصہ میں مثبت طور پر آپ کی زندگی پر اثر انداز ہوں گی۔ البتہ آپ کی والدہ کی صحت اس عرصہ میں متاثر ہو سکتی ہے۔ گھریلو ماحول خوشگوار اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ وہ لوگ جو نئی نئی محفلوں کے شوقین ہیں اور نئے نئے تعلقات بنانا چاہتے ہیں یا وہ لوگ جو شوبز سے متعلق ہیں یا جو چاہتے ہیں کہ

معاشرے میں جانے پہچانے جائیں اِن کی قلبی خواہشات بھی اس وقت پوری ہوتی نظر آتی ہیں۔

20 اپریل تا 11 مئی

ایک ایسا وقت جو اس بات کا تقاضہ کر رہا ہے کہ آپ اپنی زندگی میں احتیاط کے عنصر کو داخل کریں۔ گو طبیعت پر یہ بات بوجھ ہی ہو لیکن زندگی کے ہر ہر امر میں سنجیدہ طرزِ عمل اور طرزِ فکر سے کام لیں یہی بات آپ کی کامیابی کا باعث ہو گی۔ گاڑی دھیان سے چلائیں، سڑک دیکھ بھال کر عبور کریں باورچی خانہ یا مشینوں وغیرہ کے استعمال میں محتاط رہیں اور اگر کسی بیماری کا شکار ہو جائیں تو مکمل علاج اور پرہیز پر توجہ دیں یہی وقت کا تقاضا اور آپ کے لیے بہتر طرزِ عمل ہے۔ بچوں کی صحت سے متعلق مسائل بھی پیدا ہوں گے۔ سو صاحب اولاد لوگ دھیان رکھیں۔ ہاں وہ لوگ جو تعلیمی یا ذہنی قسم کے کاموں سے منسلک ہیں اِن کے لیے آگے بڑھنے کے امکان پیدا ہوں گے۔ تاہم وہ جو جوئے اور ریس کے شوقین ہیں اِن کے لیے ہمارا مشورہ کچھ زیادہ خوش کن نہیں کیوں کہ یہ وقت سٹہ اور رسک لینے کے کاموں میں عجب قسم کی صورت حال کا عکاس ہے۔ ذہنی دباؤ میں اضافے کا امکان ہے سو ایسی صورت سے اول تو بچیں اور اگر شکار ہو جائیں تو جلد حالت سکون کو اختیار کرنے کی کوشش کریں۔

11 مئی تا 05 جولائی

معاملات زندگی توجہ طلب ہوں گے۔ زندگی بسر کرنے کا طریقہ کیا ہے؟ کیا آپ درست راستے پر ہیں۔ اس بارے ضرور سوچیں۔ دیکھیں زندگی میں کتنا وقت اور حاصل امور اور معاملات پر خرچ کر رہے ہیں، یاروں دوستوں اور دیگر معاملات میں الجھنے کی بجائے کام اور روزگار کے امور پر توجہ دیں۔ مالی اور مادی حوالے سے ملے جلے رجحانات کا حامل ہو گا۔ یعنی کچھ معاملات میں تو حالات حسب خواہش رہیں گے اور کچھ میں مایوسی یا پریشانی کا سامنا ہو گا۔ وہ لوگ جو مقدمات یا وراثت یا شراکت سے متعلق معاملات میں تناؤ کا شکار ہیں یہ وقت اس حوالے سے زیادہ گنجائش لیے ہوئے نہ ہو گا۔ تناؤ اور پریشانی میں اضافہ ممکن ہے۔ وہ جن سے اس عرصہ میں ادھار وغیرہ مانگا جائے۔ اِن کو کسی بھی صورت میں ادھار نہیں دینا چاہیے۔ واپسی مشکل ہو گی۔ شیئرز کے کام میں زیادہ منافع کا لالچ نہ کریں۔ مناسب منافع کما کر اپنا سرمایہ محفوظ کر لیں۔ ذاتی مالی و مادی امور کے حوالے سے اچھا وقت ہے، مالی آسودگی اور خوشحالی رہے گی۔ وہ جو کاروبار میں پھیلاؤ کے لیے کام کرنا چاہے اور نوکری میں افسران سے اچھے تعلقات اور فائدہ کی توقع رکھنی چاہے، گفتگو کے دوران محتاط رہیں اور اپنی زبان پر قابو رکھیں۔ یہ فساد کا باعث ہو سکتی ہے۔

05 جولائی تا 23 اگست

اولاد کے حوالے سے خوشخبری ملنے کا امکان ہے۔ ممکن ہے گھر کے بچے غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کریں یا بچہ کی پیدائش کے حوالے سے مبارک کا پیغام بھی نظر آتا ہے۔ یوں عمر کے حساب سے بچے کیریئر اور تعلیمی معاملات میں کامیابی دیکھائیں گے۔ اب تک جن مسائل کا آپ کو سامنا تھا اِن سے نجات کا وقت آ گیا ہے۔ اللہ کی مدد سے آنے والے دن نسبتاً پُر سکون اور اچھے ہوں گے۔ مالی و مادی لحاظ سے اچھا وقت ہے اور اس حوالے سے کامیابی ملے گی اور ذرائع آمدن میں اضافہ ہو گا۔ بیرون ملک جانے کے خواہش مند یا بیرون ملک کے حوالے کسی بھی قسم کے معاملات طے کرنے کے خواہش مند کھل کر کام کریں۔ انشاء اللہ کامیابی ہو گی۔ مذہبی رجحان اس وقت زیادہ ہو گا، معاشرے میں بہتر مقام اور نام پائیں گے۔ اس کی وجہ صدقہ خیرات یا مذہبی سفر بھی ہو سکتے ہیں۔ اسی طرح وہ لوگ جو علوم مخفی سے متعلق ہیں اِن کے علم میں اضافہ ہو گا اور ایسے لوگوں کی مجلس ملے گی جو اس حوالے سے مستند ہوں گے۔ خاندانی زندگی بہتر بسر ہو گی۔

23 اگست تا 20 اکتوبر

آپ کی زندگی کا جو شعبہ اس وقت خاص طور پر قابل غور اور توجہ ہے وہ ہے آپ کی ازدواجی اور خانگی زندگی۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات کی گرم جوشی ختم ہونے ہو جائے گی اور بات بے بات کوئی نہ کوئی مسئلہ کھڑا ہو گا۔ زیادہ بحث مباحثہ فائدہ مند نہ ہو گا۔ روزمرہ کی زندگی میں بھی اپنے اوپر قابو رکھیں اور غصہ اور جذبات کو کنٹرول کرنے کی کوشش کریں۔ بیرون ملک سفر کے لیے ایجنٹ حضرات کو پیسہ نہ دیں اور نہ ہی غلط یا مشکوک کاغذات پر سفر کریں۔ پکڑے جانے اور رقم کے ضائع ہونے کا بہت زیادہ امکان ہے۔ باپ کی صحت پر توجہ دیں۔ زیر بحث وقت کے لیے ہمارا پہلا اور آخری مشورہ یہ ہے کہ گزرے وقت کو سب کچھ خیال نہ کریں۔ پردہ غیب سے اب کیا نمودار ہو رہا ہے اس کو مکمل توجہ اور سنجیدگی سے لیں ورنہ اچھے نتائج حاصل نہ ہوں گے۔ اس وقت مالی حوالے سے حد درجہ محتاط اور توجہ طلب وقت ہے۔ آپ چاہے بزنس مین ہوں چاہے نوکری پیشہ، آپ محسوس کریں گے کہ جن لوگوں نے آپ کو روپیہ دینا ہے یا جن کے پاس آپ کے بل وغیرہ

سہ جہتی طلسم زحل

اس طلسم کے خاص فوائد میں یہ بات شامل ہے کہ وہ نحس کواکبی سحری' جادو یا دیگر اثرات جو عرصہ دراز سے فرد پر طاری ہوں اِن کا مداوا کیا جا سکتا ہے۔ ایسی نحوستیں جو طویل عرصہ سے فرد کو متاثر کر رہی ہیں اور علاج کی کوئی صورت سامنے نہ آتی ہو اس کے علاج کے لیے موثر ہے۔ ساڑھ ستی اور نحوست زحل کے خاتمہ کے لیے بھی یہ موثر ہے۔ بڑی عمارتیں جیسا کہ پلازے یا ملٹی سٹوری بلڈنگیں یا بڑے بڑے گھر یا بڑے حویلی نما مکان یا شاندار جگہ وغیرہ' جو سب کی نظر میں آئے' ان کو رد بلا اور سحری و نحس اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے یہ طلسم استعمال کیا جا سکتا ہے۔ بڑی عمر کے افراد یا بڑی عمر اور صاحب حیثیت افراد کے لیے بھی مفید ہے۔ وہ افراد جو کسی مزمن مرض کا شکار ہوں ان کے لیے بھی یہ طلسم موثر و مفید ثابت ہوگا۔ یہ طلسم خاص طور پر ان لوگوں کے لیے بھی بہت موثر اور ہر لحاظ سے سود مند ہے جو علوم مخفی کے حصول میں سرگرداں ہیں۔ عملیات' نجوم' سحر' پامسٹری' جفر' رمل' حاضرات اور ایسے تمام علوم سے متعلق لوگوں کے لیے یہ طلسم ان کی روحانی اور مخفی قوتوں کو ترقی دینے اور اِن کی قوت و علم میں اضافہ کا باعث ہوگا۔ اور وہ لوگ جو اپنی ذات یا ادارہ کو دوسرے لوگوں کی نظر میں موثر و معتبر بنانے کے خواہش مند ہیں اِن کو بھی اس قدیم اور خفیہ طلسم کی قوتوں سے فائدہ اُٹھانا چاہیے۔

رُکے ہوئے ہیں مزید التواء کی خبر دیں گے۔ سو اب تک کی جمع پونجی کے نکالنے اور استعمال کرنے کی ضرورت پیش آئے گی۔ سو اس عرصہ کے دوران اخراجات پر قابو رکھیں اور صرف بہت ضروری اخراجات کریں۔ گھر کی مرمت نئی گاڑی یا ایسے ہی دیگر تمام معاملات پر خرچ کرنے کی بالکل کوئی ضرورت نہیں۔ اِسی طرح کسی کو قرض دینے، چاہے دو دن کے لیے بھی کوئی غلطی نہ کریں۔ جس کو قرض دیں گے اس سے واپسی مشکل ہوگی چاہے ذاتی طور پر جتنا بھی وعدہ کا پکا ہو۔ آپ کو قرض دینا اس کے مالی تناؤ میں اضافہ کرے گا اور یوں آپ کو اپنی رقم کی وصولی مشکل ہو جائے گی۔

20 اکتوبر تا 11 دسمبر

مالی اور مادی حوالے سے ایک اچھے وقت کی نوید ہے۔ اللہ کی ذات سے توقع ہے کہ اس عرصے میں مادی و معاشی حوالے سے اچھی تبدیلیاں واقع ہوں گی اور آپ کا دل گواہی دے گا کہ آپ کے حالات میں مثبت تبدیلی آئے گی۔ یوں یہ وقت ان لوگوں کے لیے بھی بہت بہتر ہے جن کو پہلے تعلیمی حوالے سے کچھ مشکلات تھیں۔ اب ان کی مشکلات کا حل نکل آئے گا اور وہ جس طرح چاہ رہے تھے بالکل اس کے قریب قریب ان کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ زمین جائیداد اور زراعت اور ذاتی بزنس کرنے والوں کے لیے نسبتاً زیادہ فوائد کا حصول ہوگا۔ دوستوں کا حلقہ وسیع ہوگا اور باہم اعتماد کی فضا قائم ہوگی۔ اس عرصہ میں کوئی بھی معاملہ جلد بازی اور غصہ کے تحت طے نہ کریں بلکہ اپنے اندر تحمل اور بار بار ذہنی روش کے تبدیل ہونے کو کنٹرول کریں۔

11 دسمبر تا 31 دسمبر

ہمارا مشورہ ہے کہ اس وقت جو بھی کام سامنے آئے دوسروں پر ڈالنے کی بجائے خود اس کو کرنے کی کوشش کریں جس قدر توقعات اور امیدیں دوسروں سے لگائیں گے اتنا ہی مایوسی اور پریشانی ہوگی۔ افراد خانہ اور بہن بھائیوں کے ساتھ معاملات اور تعلقات میں محتاط رویہ اختیار کرنا ضروری ہے۔ روکے ہوئے بل اور عرصہ سے مطلوبہ رقم کا حصول نظر آتا ہے۔ کاروباری اور پیشہ ور افراد کو آگے بڑھنے اور کامیابی کے کئی امکانات نظر آئیں گے جن سے فائدہ اٹھانا آپ کی سمجھ اور وقت کی نزاکت کو سمجھنے پر ہے۔ تاہم جہاں تک مالی امور کی دیگر شکلوں کا تعلق ہے یعنی دوسروں کو ادھار دینا یا شراکت کے لیے رقم لگانا وغیرہ جیسے معاملات کو ابھی بھی ہماری رائے اِن سے ملوث نہ ہونے کے بارے میں ہے۔ یہ معاملات فائدہ مند ثابت نہ ہوں گے۔ اپنے طرز گفتگو اور معاملات طے کرتے ہوئے اپنے رد عمل کو کنٹرول کریں۔ شتر بے مہار ہونے سے صرف اور صرف پریشانی اور مسائل میں اضافہ ہوگا اور کچھ حاصل نہ ہوگا۔

یکم جنوری تا 3 مارچ

طویل دورانیہ کے سفر سوچ سمجھ کر کریں اور بیرون ملک جانے کے لیے کسی ایجنٹ پر بلا سوچے سمجھے بھروسہ نہ کریں اور نہ ہی بیرونی ممالک کے حوالے سے دیگر معاملات میں جلد بازی اور لاپرواہی اختیار نہ کریں ورنہ نقصان اٹھائیں گے۔ نوکری پیشہ افراد کو افسران بالا کی طرف سے مثبت رویہ ملے گا اور اِن کی پوزیشن مستحکم ہوگی۔ پیشہ ورانہ سیاست میں بھی حکمت اور اعلیٰ افسران کا تعاون رہے گا۔ بہت ممکن ہے اس حوالے سے پروموشن یا مالی فائدہ ملے۔ وہ جو کاروبار میں ہیں ان کو بھی اچھی امید رکھنی چاہیے، کاروبار کے پھلنے پھولنے کے اچھے امکانات ہیں۔ شادی یا منگنی وغیرہ کے خواہشمند بھی اس عرصہ میں خوشی دیکھ سکیں گے۔ گھریلو ماحول اور گھر کو خوشگوار بنانے کی طرف رجحان رہے گا۔ گھر کی تزئین و آرائش کی طرف متوجہ ہوں گے۔ وہ افراد جو اس سے پہلے صحت کے مسائل کا شکار تھے اب اِن کو بھی صحت میں بہتری، مناسب اور درست علاج کی سمت ملے گی۔

3 مارچ تا 21 مارچ

گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا افراد خانہ اور شریک حیات کے ساتھ اچھا وقت گزرے گا۔ افسران بالا کا تعاون حاصل ہوگا اور صاحب منصب لوگوں کے ساتھ تعلقات قائم ہوں گے۔ ہاں تبدیلی وغیرہ کا خطرہ بھی اس کے ساتھ ساتھ نظر آتا ہے۔ اس برج سے متعلق وہ لوگ جو مخالفین کے ہاتھوں تنگ تھے اب اِن کو بھی آسودگی ملے گی اور مخالفین زیر ہوں گے۔ قانونی اور عدالتی امور میں کامیابی حاصل ہوگی۔ چھوٹے بہن بھائیوں کا تعاون حاصل ہوگا تاہم اِن کے مزاج میں تھوڑی سی خودسری بھی ہوگی تاہم مجموعی طور پر ان کی طرف سے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں وہ بہر حال آپ کی طرف ہی ہوں گے۔ سوشل تعلقات میں اضافہ ہوگا۔ تاہم نظر کچھ ایسا آتا ہے کہ قریبی رشتہ دار مسائل کا شکار ہوں گے اور آپ کی مدد کے طالب بھی ہوں گے۔ مجموعی لحاظ سے ایک اچھا وقت ہے۔

21 مارچ تا 20 اپریل

اس وقت کے بارے میں کہا جاسکتا ہے کہ معاشرے میں آپ کے مقام اور اچھی شہرت میں اضافہ ہوگا۔ صاحب حیثیت افراد، افسران اور دیگر لوگ فوائد دینے کا باعث ہوں گے۔ یہ اب آپ پر ہے کہ اس اچھے وقت کا فائدہ آپ کس طور اٹھاتے ہیں۔ نوکری پیشہ افراد کی ترقی یا کسی طور پر مالی فائدے وغیرہ کی کافی توقع ہے۔ آپ کے اعتماد میں اضافہ ہوگا۔ وہ جن کی ترقی رکی ہوئی ہے۔ اب انھیں بھی اس کا وقت آگیا ہے۔ اس طرح حکومت کے پاس رکے ہوئے کاموں کی تکمیل نظر آرہی ہے۔ اس عرصہ میں بہتر اور اچھے لباس پر توجہ مرکوز ہوگی۔ گھریلو شخصیت اور کام کی جگہ پر نسبتاً بہتر ماحول بنانے کی کوشش کریں گے۔ مالی اور مادی حوالے سے اچھا وقت ہے اور جس طرف بھی توجہ دیں گے کچھ نہ کچھ کامیابی ضرور حاصل کرلیں گے۔ چاہے جزوی طور پر ہی کیوں نہ ہو۔ یہ وقت آپ کو کچھ نہ کچھ ضرور دے گا۔ وہ لوگ جو کاروبار کرتے ہیں چاہے اس کی نوعیت اور حجم کچھ بھی ہو اُن کو مواقع ملیں گے کہ آگے بڑھ سکیں، جس قدر کوشش کریں گے اسی قدر کامیابی کے امکانات زیادہ ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد کے لیے بھی وقت اچھا ثابت ہوگا۔ نئی اور بہتر نوکری کی تلاش، تنخواہ یا ترقی وغیرہ کے حوالے سے خوشی حاصل ہو سکتی ہے وہ جو چاہتے ہیں کہ کامیابی حاصل کریں، ضرور ایک قدم آگے

بڑھائیں۔ وہ لوگ جن کا تعلق کسی حوالے سے سیاسی معاملات کے ساتھ ہے تو توقع ہے کہ اِن کی ساکھ بہتر ہوگی اور ماضی میں اگر کسی عہدے یا پوزیشن کے خواہش مند تھے، تاہم اس کا حصول نہ ہوسکا تھا تو اب کامیابی کا امکان ہے۔ اس برج سے متعلق جو لوگ باپ یا خاندان کے بڑوں سے توقع لگائے بیٹھے ہیں امید ہے اللہ کے فضل سے اِن کی اب سنی جائے گی اور تکمیل خواہش کے اسباب پیدا ہوں گے۔ جہاں تک گھریلو اور خاندانی زندگی کا تعلق ہے یہ خوشگوار اور اچھی بسر ہوگی۔ تاہم اس سارے خوشگوار ماحول کے باوجود کچھ لوگ غیر محسوس طور پر آپ کے خلاف بدگوئی اور خفیہ سازش قسم کے اقدامات کرسکتے ہیں۔ سو اِن مخالفین سے ہوشیار رہیں اِن کو پہچاننا آسان نہ ہوگا۔

20 اپریل تا 11 مئی

ایک ایسا وقت جس کے بارے میں یہ نہیں کہا جاسکتا کہ بہت زیادہ آپ کے حق میں ہے۔ افراد خانہ میں سے کسی کی صحت خاص طور پر ماں یا بیوی وغیرہ کی خراب ہوگی جس کی وجہ سے کئی مسائل درآئیں گے اور آپ کا تعلق ایک جذباتی خاندان سے بھی تو ہے پھر اندرون خانہ بھی چھوٹے موٹے جھگڑے لازم شدت پکڑیں گے اور اگر سمجھ داری سے کام نہ لیا گیا تو باہمی اختلاف خاندان کو تقسیم کرنے کا باعث بنے گا۔ مشینری اور آگ کے کاموں میں محتاط رہیں اِن سے نقصان کا واضح امکان ہے۔ مثبت بات اس عرصے میں یہ ہے کہ وہ افراد جو اپنے اندر آگے بڑھنے یا کامیابی حاصل کرنے کا شدید جذبہ رکھتے ہیں، اس عرصے کے دوران اپنی فطری جبلت کے تحت کام کرتے ہوئے کوئی نہ کوئی کامیابی ضرور حاصل کریں گے۔ چاہے تعلق نوکری سے ہو یا کاروبار سے یا بازار سیاست وغیرہ سے۔ اس عرصے کے دوران کوشش کریں کوئی بھی معاملہ کسی بھی صورت قانون کے ہاتھ میں نہ جائے ورنہ مسائل اور طویل المدت پریشانی ساتھ چلتی رہے گی۔

11 مئی تا 05 جولائی

یہ کوئی طاقت ور وقت نہیں اس لیے ایسے اقدامات مفید نہ ہوں گے اور لوگ آپ کے دباؤ میں آسانی سے نہیں آئیں گے۔ یار دوستوں کے ساتھ تفریح وغیرہ سے پرہیز کریں یا غلط کاموں میں ملوث ہوں یا کوئی بدنامی وغیرہ سے واسطہ پڑے گا۔ بیرون ملک جانے کے لیے کسی ایجنٹ کو روپیہ نہ دیں اور نہ غلط یا مشکوک کاغذات پر دستخط کریں۔ پکڑے جائیں گے۔ معاملات میں قدرے تبدیلی واقع ہوگی اور معاملات میں نسبتاً تناؤ اور التواء کا ظہور ہوگا۔ تمام ایسے معاملات اور فیصلے جن کے اثرات دوررس اور مستقبل پر بہت اہم طریق سے اثر انداز ہوں گے۔ اِن کو چھیڑنا اور اِن کے بارے میں فیصلہ کن قدم اٹھانا ابھی مفید نہیں ہے، صبر وتحمل سے کام لیں۔ چھوٹے موٹے بادی امراض، آنکھوں اور سر درد وغیرہ جیسے مسائل سے واسطہ رہے گا۔ اس طرح ذہنی اور جذباتی حوالوں سے غیر مطمئن رہیں گے۔ ہمارا مشورہ ہے جلد بازی اور فیصلہ کن گفتگو نہ کریں کیونکہ زبان درازی یا جلد بازی میں آپ افراد خانہ اور ارد گرد کے ماحول کو اپنے خراب اور اپنے خلاف کرنے کا باعث بھی بن سکتے ہیں۔

05 جولائی تا 23 اگست

جاری وقت میں سب سے اہم معاملہ آپ کی اپنی ذات ہے اس وقت آپ کو دوسروں پر توجہ دینے کی بجائے اپنی ذات کو مرکز بنانا چاہیے۔ معاملہ چاہے آپ کی صحت کا ہو چاہے روزگار و بزنس کا۔ ہر جگہ اور ہر وقت اِن کے بارے میں اپنے رویہ میں اصلاح کریں بصورت دیگر ایسا نجومی حکم بن رہا ہے کہ آپ کی صحت خراب ہوسکتی ہے۔ خاص طور پر ایسے افراد تو ضرور متاثر ہوں گے جو مزمن امراض کا شکار ہیں۔ نوکری پیشہ افراد کا تعلق اُن کے افسروں کے ساتھ کیسا ہے یہ بھی اس وقت کا اہم سوال ہے۔ سینئر آفیسر مسائل پیدا کرسکتے ہیں سو اس وقت زندگی میں عمومی رویہ براہ راست جواب دینے کا آپ کو اختیار نہیں کرنا چاہیے بلکہ ڈپلومیسی سے کام لینا چاہیے۔ مذہبی اور علوم مخفی سے متعلق امور میں آپ کی دلچسپی بڑھے گی اور کوشش کرنے سے ان حوالے سے اچھی خاصی سمجھ بوجھ حاصل ہوسکتی ہے۔

23 اگست تا 20 اکتوبر

نوکری پیشہ افراد کو اپنے افسران سے شکایت رہے گی کہ اِن کا رویہ سخت یا تکلیف دہ ہے اور اس مشکل سے صرف اس صورت نکلا جاسکتا ہے جب آپ افسران کے تابع دار بن کر وقت بسر کریں اور اپنی ذمہ داریوں کو زیادہ سے زیادہ پورا کریں۔ کاروباری افراد کو بھی غیر معمولی دباؤ کا سامنا ہوگا جس کا مقابلہ صرف محنت اور کام پر توجہ دینے سے کیا جاسکتا ہے۔ اب جس وقت سے آپ گزریں گے، کوشش کریں لاپرواہی اور جلد بازی کے قریب نہ جائیں۔ اس وقت کو امتحان کی طرح گزارنے کی کوشش کریں۔ مطلب یہ کہ کچھ مسائل تو سامنے آئیں گے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ یہ زندگی کا اختتام ہے۔ آنے والا وقت اور کل کیا لائے گا؟ اس پر بھی نظر رکھیں۔ اس وقت ذہن دماغ، سردرد، آنکھ درد جیسے چھوٹے بڑے مسائل تنگ کریں گے۔ اور اس

سہ جہتی طلسم زہرہ

زہرہ کا زیرِ بحث طلسم کئی حوالوں سے موثر و متبرک ہے۔ وہ لوگ جو اپنی زندگی آرام، سکون اور آسودگی سے بسر کرنا چاہتے ہیں۔ اِن کے لیے یہ طلسم ایک نعمت کی سی حیثیت رکھتا ہے۔ حصولِ دولت اور خوشحالی جیسے مقاصد میں بھی موثر کردار ادا کرتا ہے۔ اس طلسم کا ایک خاص استعمال پیار محبت اور جنسی معاملات میں ہے۔ وہ لوگ جو حصولِ مطلوب کے مسئلے کا شکار ہیں یا وہ جو کسی خاص فرد کو اپنا دوست بنانا چاہتے ہیں یا کسی خاص فرد کے ساتھ شادی کے خواہش مند ہیں ان سب کے لیے یہ طلسم کام دے گا۔

عام لوگوں کے دلوں میں محبت پیدا کرنے اور لوگوں کا رجحان اور طلب اپنے لیے پیدا کرنے کے لیے بھی یہ موثر ہے۔ یہ تسخیر، محبت اور الفت جیسے معاملات سے منسوب ہے اور آپ میں دوسروں کے لیے کشش اور طلب پیدا کرتا ہے۔ وہ لوگ جو فنونِ لطیفہ مثلاً فلم، ٹی وی، ڈرامہ، آرٹ اور دوسرے ایسے شعبوں سے متعلق ہیں اِن کے لیے بھی یہ بہت فائدہ مند ہے۔ لوگوں میں شہرت اور شائقین کی توجہ حاصل کرنے اور اِن کے دلوں میں داخل ہونے اور راج کرنے کے لیے اس طلسم سے ضرور فائدہ اُٹھانا چاہیے۔ اِسی طرح وہ تمام لوگ جن کے پاس گاہک آتے ہیں اور اِن کو ضرورت ہوتی ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگ اِن کے پاس آئیں، اِن کے لیے بھی اس طلسم کو استعمال کرنا بہت مفید ہے۔ جنسی کشش اور جنسِ مخالف کی توجہ حاصل کرنے کے حوالے سے بھی اس کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔

کے علاوہ بھی صحت کے مختلف مسائل سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ نوجوان افراد کم ہی مرض سے متاثر ہوتے ہیں تاہم اس برج سے منسلک بڑی عمر کے افراد خاص طور پر اور چھوٹی عمر کے افراد عمومی طور پر صحت کے امور میں احتیاط برتیں۔ معمولی مرض کو بھی لاپرواہی اور بے توجہی سے نہ لیں ورنہ زیادہ گھمبیر مسائل سے واسطہ پڑے گا۔ ازدواجی اور گھریلو حوالے سے بھی مسائل سامنے آئیں گے۔ گو ہر خاندان کے حساب سے اس کی نوعیت فرق ہو سکتی ہے تاہم عمومی طور پر میاں بیوی میں سرد مہری اور سازش اور فریب کا شکار ہونے کے واضح اشارے مل رہے ہیں۔ ان صورتِ حال میں بہتر ہے شریکِ حیات سے زیادہ توقعات وابستہ نہ کریں اور جیسے تیسے وقت کو گزرنے دیں۔ انشاء اللہ آنے والے دنوں میں بہتری پیدا ہوگی۔

20 اکتوبر تا 11 دسمبر

مالی اور مادی حوالے سے اچھا وقت ہے اور جس قدر محنت اور کوشش کریں گے کامیابی حاصل کرنے میں کامیاب رہیں گے۔ بزنس مین کی آمدن میں اضافہ کے ساتھ ساتھ بے روزگار افراد کو روزگار ملنے کا امکان بھی نظر آ رہا ہے۔ صحت کے حوالے سے ابھی بھی والدہ کی طبیعت پریشان کن ہو سکتی ہے۔ البتہ دیگر اہلِ خانہ کی طرف سے کچھ زیادہ پریشانی یا بیماری کا اشارہ نہیں ملتا۔ بہر حال یہ ایک مصروف وقت ہے۔ کئی کاموں اور مصروفیات میں مشغول ہوں گے اور تنگیٔ وقت کو محسوس کریں گے۔ وہ لوگ جو گھوم پھر کر اشیاء فروخت کرتے ہیں یا مارکیٹنگ کا کام یا شہر سے باہر روزگار کے امور سے منسلک ہیں اِن لوگوں کو خاص طور پر بہتری کی توقع کرنی چاہیے۔ اِسی طرح اس برج سے متعلق وہ لوگ جو تحریر، تقریر، چھاپہ خانہ وغیرہ جیسے کاموں سے منسلک ہیں اِن کے لیے بھی خاص طور پر اچھا وقت ہے۔ اولاد اور شریکِ حیات کی طرف سے خوشی ملے گی اور آسودہ حال رہیں گے۔

11 دسمبر تا 31 دسمبر

جلد بازی اور بلا سوچے سمجھے کسی کام میں ہاتھ نہ ڈالیں اور اپنے طرزِ گفتگو کو بے قابو نہ ہونے دیں۔ یہ آپ کا طرزِ عمل اور طرزِ گفتگو ہوگا جو آپ کے لیے مسائل پیدا کرنے یا حل کرنے کا باعث ہوگا۔ باقی آپ پر ہے کہ آپ کیا طرزِ کار اختیار کرتے ہیں۔ ہمارا تو مشورہ تھا جو دے دیا۔ فیصلہ کرنے اور سوچ میں متضاد رویے سامنے آئیں گے جو معاملات کو مزید پیچیدہ بنانے کا کام کریں گے۔ آنکھوں اور سر کے امراض سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ جذباتی کیفیت بھی اتار چڑھاؤ کا شکار رہے گی اور افرادِ خانہ یا دیگر لوگوں کے ساتھ تعلقات میں تناؤ آ سکتا ہے جس کی بڑی وجہ آپ خود ہوں گے۔ جلد بازی اور غصہ دونوں کنٹرول میں رکھیں۔ شادی اور شراکت داری کے معاملات میں نہ پڑیں کیونکہ یہ وقت ایسے معاملات کے حوالے سے مستقبل میں تنازعات کا اشارہ دے رہا ہے۔ معاملاتِ زندگی میں تحمل اور سمجھ داری سے کام لیں۔ غیر محتاط رویہ اور جلد بازی تباہی اور نقصان کی طرف لے جائے گی۔

یکم جنوری تا 3 مارچ

نوکری پیشہ افراد کے تعلقات اعلیٰ افسران وغیرہ سے اچھے ہوں گے اور اِن کی طرف داری حاصل رہے گی۔ نوکری پیشہ ہوں یا کاروباری افرادان امور مدد یا عمومی لحاظ سے بہتری کی توقع کی جا سکتی ہے۔ شادی شدہ افراد کی ازدواجی زندگی خوشگوار بسر ہوگی۔ ملنے جلنے والے لوگوں کے ساتھ عمومی طور پر اچھے تعلقات رہیں گے اور واقفیت میں اضافہ ہوگا۔ مستقبل کے لیے سرمایہ کاری کرنے کے لیے مناسب وقت ہے۔ انشاء اللہ اچھے نتائج آئیں گے۔ وہ لوگ جو شادی یا منگنی وغیرہ کے خواہش مند ہیں اِن کی تمنا پوری ہونے کے اسباب پیدا ہوں گے اور ازدواجی حوالے سے خوشی ملے گی۔ وہ جو عاشقی کے مریض ہیں اِن کو بھی حسب خواہش کچھ نہ کچھ کامیابی ہو گی۔

3 مارچ تا 21 مارچ

وراثت کے حوالے سے اگر کوئی مسئلہ ہے تو اس عرصے میں اس کا آپ کے حق میں ہونا قدرے مشکل ہوگا۔ حسب منشا کامیابی کا حصول نہ ہو گا۔ بانڈ، ریس اور لاٹری جیسے معاملات میں زیادہ اخراجات کسی صورت نہ کریں۔ زیادہ خرچہ نقصان کا باعث ہوگا۔ کاروباری حوالے سے بھی ایسے کاموں سے بچیں جہاں رسک کا عنصر واقع ہو۔ ملازم پیشہ افراد افسران سے تعلقات بہتر رکھنے کی کوشش کریں اور دفتری معاملات کو احسن طریقے سے چلانے کی کوشش کریں۔ زیر بحث وقت کو کچھ زیادہ سعد وقت نہیں کہا جا سکتا۔ جاری وقت کے حوالے سے ہمارا سب سے پہلا اور اہم مشورہ یہ ہے کہ کوئی بھی معاملہ درپیش ہو محتاط رویہ اختیار کریں۔ فوری ردعمل، فوری ایکشن، فوری جواب آپ کے لیے کسی بھی حالت میں اچھی صورت حال حاصل کرنے کا باعث نہ ہوگا۔ کئی ایک رشتہ دار اس وقت آپ کی مخالفت کریں گے یا کم از کم صورت حال یہ ہوگی کہ سامنے آئے بغیر آپ کے لیے مسائل پیدا کرنے کا باعث ہوں گے۔ اخراجات میں اضافہ ہوگا اور اُن جگہوں پر بھی خرچ اُٹھ جائے گا جن کی توقع نہ تھی۔ صحت کے مسائل پیش آ سکتے ہیں خاص طور پر گردن، گلے اور آنکھوں کے قریب و جوار میں واقع ہونے والے امراض زیادہ خطرناک ہوں گے۔

21 مارچ تا 20 اپریل

بیرون ملک جانے یا بیرون ملک تجارت کرنے کے خواہش مند افراد کے لیے بھی اس حوالے سے کام کرنے کا موزوں وقت ہے، کامیابی کے کافی امکانات ہیں۔ وہ کاروباری افراد جو کوئی نیا کام شروع کرنا چاہتے ہیں یا پرانے کام کو بڑھانے کے خواہش مند ہیں انہیں اس وقت مناسب حال قدم اٹھا لینا چاہیے، کامیابی ہوگی۔ بیرون ملک تجارت کرنے، تعلقات بنانے یا

خط/منی آرڈر

خط یا منی آرڈر فارم کے سب سے نچلے حصے پر اپنا کوائف نام نام والدہ، پتہ اور مقصد صاف اور واضح تحریر کیا کریں۔ جواب طلب امور کے لیے اپنا پتہ لکھا جوابی خط لازم ارسال کریں۔

کام لینے کے حوالے سے موزوں وقت ہے۔ صدقہ خیرات معاملات میں آسانی پیدا کرنے کا باعث ہوگا۔ وہ خواتین وحضرات جو حج عمرہ یا ایسی دیگر مذہبی زیارتوں پر جانے کی خواہش رکھتے ہیں ان کو اپنی دلی تمنا پوری کرنے کا موقعہ ملے گا۔ آپ کو لوگوں کا تعاون ملے گا اور لوگ آپ کی طرف الفت محبت اور بھائی چارے کا رویہ رکھیں گے۔ مالی حوالے سے بھی اچھا وقت ہے۔ مالی و مادی معاملات میں بڑھوتری ہوگی اور خوشحالی دیکھیں گے۔

20 اپریل تا 11 مئی

شادی اور رشتے کی تلاش میں جو خواتین وحضرات ہیں ان کو اس وقت اپنی کوشش تیز کرنی چاہیے۔ خوشی ملنے کا کافی امکان ہے۔ ایک اچھا اور خوش قسمت وقت ہے کئی ایک معاملات میں کامیابی ملنے کا امکان ہے تاہم اس کے ساتھ ساتھ معمولی سا خطرہ یہ بھی ہے کہ آپ کے بھائی یا ایسے ہی کسی قریبی عزیز کو صحت کے مسائل سے سامنا ہوگا۔ امیدیں اور خواہش ہر انسان کے دل میں ہزاروں کے تعداد میں ہوتی ہے تاہم یہ وقت ایسا ہے۔ جو آپ کی کئی ایک قلبی خواہشات کی تکمیل کا اشارہ کر رہا ہے۔ کاروباری اور مادی لحاظ سے بھی اچھا وقت ہے۔ ذرائع آمدن میں اضافہ ہوگا اور جس بھی روزگار سے منسلک ہیں اس میں کامیابی ہوگی۔ اگر آپ کا روزگار کچھ ایسا ہے کہ آپ کو جائے رہائش سے کافی سفر کرنا پڑتا ہے تو پھر اس وقت جس قدر ہو سکے کام کریں بہت اچھے نتائج آئیں گے۔ اسی طرح سیل کا کام کرنے والوں کے لیے بھی اچھے مواقع نظر آ رہے ہیں۔ ماضی میں اس حوالے سے کچھ خدشات تھے تو اب ان کا حل نکلنے کی امید نظر آتی ہے۔ جنس مخالف کے لوگوں کے ساتھ تعلق و روابط قائم ہو سکتے ہیں۔ معاشرتی تعلقات میں بھی اضافہ ہوگا۔ زندگی یا گھر کو آرام دہ کرنے کے لیے بھی اقدامات کریں گے۔

11 مئی تا 05 جولائی

وہ جو ملک سے باہر جانے کے خواہشمند ہیں یا کسی بیرونی ملک میں یا اس سے کام کرنا چاہتے ہیں اس وقت محتاط رہیں ایسے مواقع سامنے آنے پر معاملات کی مکمل چھان بین کی ضرورت ہے۔ اسی طرح کسی ایجنٹ کو رقم وغیرہ بھی نہ دیں کچھ نہ کچھ گڑبڑ متوقع ہے۔ معاملات میں تناؤ کی کیفیت جاری رہے گی بلکہ اس بات کا امکان ہے کہ اس میں یہ اضافہ ہوگا اور مسائل کچھ بڑھیں گے۔ خاص طور پر وہ لوگ جو پیٹھ پیچھے یا چھپ کر آپ کی مخالفت پر کمر بستہ تھے اِن کے ساتھ کچھ لوگ مل کر سامنے آ کر مخالفت اور نقصان پہنچانے پر آمادہ ہوں گے۔ سو اس کا بندوبست کریں۔ سستی اور کاہلی سے کام نہ لیں اور معاملات کو مناسب طریق اور رفتار سے اختتام کی طرف لے جانے کی کوشش کریں۔ دوسری طرف فطرت نے جو اچھائی آپ کے لیے رکھی ہے اس کے تحت مالی و مادی حوالے سے بہتر صورت حال آپ کے سامنے آئے گی اور آپ نے توجہ سے کام لیا تو بالضرور اپنی پوزیشن مستحکم کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ افراد خانہ کے ساتھ اپنے رویہ پر نظر ثانی کریں ممکن ہے وہ اس حوالے سے کچھ پریشانی محسوس کریں۔

05 جولائی تا 23 اگست

وہ افراد جن کے شریک حیات کے ساتھ تعلقات تناؤ کا شکار تھے۔ اب ایسا وقت ہے کہ صدق قلب سے کوشش کی جائے تو معاملات کا بہتر حل نکل سکتا ہے۔ یہ وقت اُن مسائل کا حل لے کر آئے گا جن کا شراکت یا ازدواجی حوالے سے آپ کو پہلے سامنا تھا۔ کاروبار شریک، ساجھے کے بزنس، مشترکہ خاندان میں رہنے والوں کو جن مسائل کا سامنا تھا اب اِن کے حل نکل آئیں گے۔ سو ہمارا مشورہ ہے کہ وقت کے دھارے سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھاتے ہوئے معاملات حیات میں بہتری کی کوشش کریں، کامیابی ہوگی۔ دفتر میں ساتھیوں کے ساتھ تعلقات میں موجود تناؤ کی کیفیت ختم ہو جائے گی اور عام معاشرتی مخالفت کی لہر بھی ختم ہو جائے گی۔ سفر کا امکان ہے سو بیرون ملک جانے یا بیرون ملک تجارت یا کاروبار وغیرہ یا نوکری کے حوالے سے کوشش کرنا چاہیں تو اِن دنوں میں کر سکتے ہیں۔ اچھے امکانات ہیں وہ والدین جو اپنی اولاد کے معاملات کی وجہ سے پریشان تھے اب اِن کو بھی سکون کا سانس ملے گا اور اولاد سے متعلق پریشانیوں اور مسائل میں بھی کمی واقع ہوگی۔

23 اگست تا 20 اکتوبر

آپ کے مخالفین اس وقت سر اٹھانے کی کوشش کریں گے اور اگر وہ یا آپ غیر قانونی ذرائع سے فیصلہ کرنے کی کوشش کریں گے تو کچھ بعید نہیں کہ آپ جسمانی تکلیف، درد اور زخم کا شکار ہوں۔ معاملات کو جس قدر خوش اسلوبی سے ہو سکے طے کرنے کی کوشش کریں۔ اس وقت مار پیٹ یا زور زبردستی سے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ بلکہ آپ کا نقصان اور پریشانی بڑھے گی۔ اس عرصہ کے دوران یہ بھی ممکن ہے کہ مخالفین اور خفیہ دشمن اپنی کارستانیوں میں تیزی لے آئیں۔ ان کے اقدامات میں خفیہ سازش سے لے کر آپ کو مسائل کا شکار کرنے کے لئے جادو ٹونے کا استعمال بھی ہو سکتا ہے۔ میٹھی

گردش حالات/ساڑھ ستی

کیا آپ ساڑھ ستی کا شکار ہیں۔ یہ بات سادہ حساب سے بھی معلوم ہو جاتی ہے لیکن کسی بھی فرد کو تین طریقوں سے ساڑھ ستی کا سامنا ہو سکتا ہے۔

اول: طالع پیدائش

دوم: طالع قمری

سوم: ذاتی نام

ہماری یہ رپورٹ آپ کو تینوں طریقوں سے ساڑھ ستی کی معلومات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ اس کے حل کے لیے ضروری صدقات، اپاؤ، جواہرات وظائف اور عملیاتی حل بھی بیان کرے گی۔

بات اس عرصہ میں یہ ہو سکتی ہے کہ آپ کو مذہبی حوالے سے کسی سفر کا موقع ملے۔ بیرون ملک جانے کے شوقین اس وقت مشکوک طریقوں یا کاغذات استعمال نہ کریں، پکڑے جانے کا واضح حکم سامنے آ رہا ہے۔ یہ وقت تبدیلی حالات کا مظہر ہے۔ معاملات میں رکاوٹ اور مسائل سر اٹھاتے محسوس ہوں گے۔ روپیہ کا استعمال اور اخراجات زیادہ تر ایسے مقام پر ہوں گے جہاں آپ کو زیادہ توقع نہ ہوگی۔ کسی بے وقت شادی یا مرگ کا آنا یا پھر گھر میں بیماری کا داخل ہونا اور ڈاکٹروں اور ادویات پر ایک بڑی رقم خرچ ہونا وغیرہ جیسے معاملات پیش آ سکتے ہیں۔ خاص طور پر بیوی کی صحت کا خیال رکھیں اور بیماری کے پھیلنے سے پہلے کنٹرول کرنے کی کوشش کریں۔

20 اکتوبر تا 11 دسمبر

یہ وقت آپ کے زخموں کا مداوا لے کر آئے گا اور آپ جن چھوٹے موٹے مسائل کا شکار تھے اب فطرت کی طرف سے ان میں آسودگی ملنے کا وقت آ گیا ہے ہمارے حساب سے اس وقت کو آپ کو بہت توجہ سے صرف کرنا چاہیے۔ آپ اس دوران مختلف سمتوں سے فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔ مالی آسودگی اور خوشحالی نصیب ہوگی آپ کا تعلق کسی بھی شعبہ حیات سے ہو اللہ کے فضل سے اس میں آپ کے لیے بہت مواقع پیدا ہوں گے۔ نوکری پیشہ افراد کو خاص طور پر افسران سے تعلق بڑھانے اور دیگر فوائد حاصل کرنے کے مواقع ملیں گے۔ تاہم اس دوران شریک حیات کی صحت کا خیال رکھیں، خراب ہو سکتی ہے۔ اس کے علاوہ اپنی اشیا اور گھر و اموال کی حفاظت کریں۔ چوری چکاری کا خدشہ ہے۔ نوکری کے علاوہ کتابت، تحریر و تقریر، ننگ، فوٹو اسٹیٹ اور ایسے ہی دیگر کاموں سے متعلق افراد خاص طور پر اس وقت کے اثرات سے مستفید ہوں گے۔

11 دسمبر تا 31 دسمبر

اس وقت اپنے معاملات پر توجہ دیں کیونکہ لاپرواہی اور سستی آپ کے لیے مشکلات میں اضافے کا باعث ہوگی۔ وہ جو آپ کے مخالف اور خفیہ دشمن تھے وہ اپنی سرگرمیاں ایک دفعہ پھر شروع کر دیں گے۔ سوان سے محتاط رہیں اور کسی طور ان کے جال میں نہ پھنسیں "چاہے کتنا بھی دل لبھانے والا ہو۔ کاروباری یا پیشہ ورانہ امور کی انجام دہی کے لیے سفر در پیش ہوگا اور یہ اچھا بھی ثابت ہوگا۔ افراد خانہ کے ساتھ تعلقات پر نظر ثانی کریں اور تناؤ جو پیدا ہو رہا ہوگا اس کو کم سے کم کرنے کی کوشش کریں، صحت کا دھیان رکھیں۔ ملازمین توجہ کے طالب ہوں گے اور اگر آپ ان سے پورا کام لینے کے خواہش مند ہیں تو پھر ان پر پوری توجہ بھی دیں مالی معاملات کے حوالے سے عمومی طور پر اچھا وقت ہے۔

ارتکاز توجہ/منتشر خیالات

بعض کاموں میں جسمانی طاقت کی بجائے دماغی یا روحانی قوت کی ضرورت ہوتی ہے۔ گو شعبہ کوئی بھی ہو یکسو ہو کر کام کرنا کامیابی کے حصول کے لیے ضروری ہوتا ہے تاہم عملیات، روحانیات، تسخیر اور ایسے دیگر کاموں میں ارتکاز توجہ اور یکسوئی کی حد درجہ ضرورت ہوتی ہے۔ اس صلاحیت کی بڑھوتری کے لیے مرجان کا استعمال مفید ثابت ہوتا ہے۔

یکم جنوری تا 3 مارچ

ایسے تمام لوگ جو عاشقانہ مزاج یا سرگرمیوں میں ملوث ہیں یا بانڈ جوا اور ایسے دیگر امور سے متعلق ہیں یا چھپ کر غیر قانونی یا نیم غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہیں اِن کے راز افشاں ہونے کا خطرہ ہے۔ مزاج میں چڑچڑا پن اور تناؤ زیادہ ہوگا اور صحت بھی خراب ہو سکتی ہے۔ ذہنی دباؤ اور ٹینشن بھی بیماری کا سبب ہوگی۔ اس وقت کو تحمل بلکہ نیم خاموشی اور چال بازی کی سی کیفیت کے تحت بسر کریں گے۔ تو نسبتاً حالات موافق ہوں گے ورنہ سیدھا پچ کسی کو اچھا نہ لگے گا۔ چند اہم شعبے جن میں اب آپ کو محتاط رویہ اختیار کرنا ہے۔ وہ ہے مخالفین کا شعبہ۔ لوگ سامنے سے اور چھپ کر تنگ اور پریشان کریں گے۔ خفیہ سازش اور ایسی دیگر کارروائیوں کا واضح امکان ہے۔ نوکری پیشہ افراد کے ساتھ کاروباری افراد کو بھی اس حوالے سے توجہ دینی چاہیے۔ ساس بہو کے تعلقات کا جائزہ بھی اس کو ایسی صورت حال میں تحمل سے لینا ضروری ہے۔

3 مارچ تا 21 مارچ

عزت وقار کے معاملات توجہ طلب اور بعض اوقات نازک صورت اختیار کر جائیں گے۔ معاملات صحت پر خصوصی توجہ دیں چاہیے آپ کی عمر اور جنس کچھ بھی ہو، محتاط رہیں۔ خاص طور پر خواتین احتیاط سے کام لیں۔ روزمرہ امور اور ساتھ کام کرنے والوں کے ساتھ اپنی بات منوانے یا غلبہ حاصل کرنے کے حوالے سے مسائل پیدا ہوں گے۔ خاص بات یہ ہے کہ جذباتی اور غلبہ حاصل کرنے کے رویہ کا کم سے کم مظاہرہ کریں۔ یہ ایک ایسا وقت ہے جب آپ کو صاحب اقتدار اور با حیثیت افراد کے ساتھ اُلجھنے سے باز رہنا چاہیے۔ ورنہ آپ بے مقصد امور میں یہ سارا وقت ضائع کر دیں گے اور اس وقت کی سعادت سے فائدہ اُٹھانے سے مکمل طور پر محروم رہیں گے۔ لوگ تناؤ اور مسائل پیدا کرنے والی گفتگو اور حرکات میں ملوث ہو سکتے ہیں۔ ان پر توجہ نہ دیں اور اگر آپ نے ایسا کیا تو کئی شعبہ حیات میں بہتر نتائج حاصل کر پائیں گے۔ پیشہ وارانہ زندگی میں کامیابی اِسی طرزِ عمل کی مرہون منت ہوگی۔ نظر کے مسائل اور سر درد وغیرہ جیسے امراض سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔

21 مارچ تا 20 اپریل

بانڈ اور ریس کے شوقین خواتین و حضرات زیادہ بڑی رقم نہ لگائیں، کم ہی چانس نظر آتا ہے۔ دوسرے معاملات میں تناؤ کی طرح اس عرصہ میں مخالفین اور تنقید نگاروں کا سامنا ہوگا۔ تاہم زیادہ پریشانی میں پڑنے کی

بچے کا نام/صدقہ وغیرہ

علم نجوم کی روشنی میں بچے کا نام استخراج کروا کر آپ اپنے بچے کو کواکب کے نحس اثرات سے محفوظ اور سعد اثرات کے تحت کر سکتے ہیں۔ نام استخراج کرنے کے ساتھ یہ بھی راہنمائی کر دی جاتی ہے کہ نومولود کے زائچہ کے حوالے سے کون سا صدقہ زائچہ کی نحوست کے خاتمہ کے لیے بہتر ہوگا۔ اپنا برج معلوم کرنے کے خواہش مند بھی اس کے تحت معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ نام والد، نام والدہ، بچے کی تاریخ، وقت اور مقام پیدائش ارسال کر کے بچے کا نام استخراج کروائیں۔

بجائے معاملات کو کچھ عرصہ کے لئے التواء میں ڈال دیں آنے والوں دنوں میں کچھ نہ کچھ حل نکل آئے گا۔شراکت سے آنے والی آمدن، وراثت اور خاندانی جائیداد کے حوالے سے کمزوری نہ دیکھائیں، ورنہ آپ کے حق کے مارے جانے کا قوی امکان ہے۔قطعاً سستی کا مظاہرہ نہ کریں۔اس وقت کے بارے میں ہمارا مشورہ ہے کہ بہت زیادہ توقعات وابستہ نہ کریں اور اپنے آپ کو قائم کرنے کی کوشش کریں۔مالی و مادی لحاظ سے تنگی کا سامنا ہو گا۔یا تو آمدن کم ہوگی اور اگر آمدن ہوگی تو پھر خرچ ہونے کی بھی کوئی نہ کوئی سبیل نکل آئے گی۔ایسے اوقات ہوں گے جو آپ کی صحت کو نفسیاتی اور جذباتی حوالے سے متاثر کریں گے۔ہاں ایک بات ہے آپ اپنے مالی مادی اور دیگر معاملات میں ایک حد تک بہتری لا سکتے ہیں بشرطیکہ آپ حد درجہ ہو شیار اور محتاط روی کا طرز کار اختیار کریں۔ذاتی طور پر بھی خرابی صحت کا خطرہ ہے۔

20اپریل تا11 مئی

فنون لطیفہ سے متعلق افراد کے لیے آنے والا وقت بہتر امکانات اور چانس لے کر آئے گا۔جاری وقت میں مالی اُمور میں کافی زیادہ اتار چڑھاؤ نظر آتا ہے۔روپیہ کا آنا جانا لگا رہے گا۔تاہم حالات زیادہ تر آپ کی حمایت میں ہوں گے اور نسبتاً اچھی آمدن ہوگی۔افراد خانہ کی صحت کی طرف سے مسائل سامنے آئیں گے اور اس طرح کی کوئی نہ کوئی پریشانی تنگ کرتی رہے گی۔تاہم ایک بات ضرور ہے کہ اس عرصہ میں کیا کچھ اور کیسے پیش آئے گا اس کا زیادہ انحصار آپ کے رویے اور لوگوں کے ساتھ تعلقات کی نوعیت پر بھی ہوگا۔مسائل کا سامنا کرتے ہوئے گھبراہٹ کا شکار ہو جاتے ہیں یا تحمل اور ثابت قدمی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔شراکت پر کاروبار کرنے والوں کو نسبتاً زیادہ مسائل کا سامنا ہوگا۔یوں نوکری پیشہ کو بھی مسائل ہوں گے تاہم شراکت کار زیادہ متاثر ہوں گے۔کام اور کاروبار کی جگہ چغل خور اور کمینی حرکتیں کرنے والے زور پکڑیں گے۔اس عرصہ کے دوران کوئی بھی صورت ہو مقدمہ بازی میں الجھنے کی کوشش نہ کریں، عدالت سے باہر معاملات کو طے کرنا آپ کے لیے زیادہ مفید ثابت ہوگا۔ریس، جوا اور ایسے شعبوں سے ہم آپ کو سختی سے دور رہنے کی ہدایت کرتے ہیں اِن اوقات میں معمولی جیت کی بھی بھاری قیمت ادا کرنا پڑ سکتی ہے۔

11 مئی تا05جولائی

اپنے مخالفین اور دشمنوں پر نظر رکھیں گو آپ کے خلاف کوئی سخت اور

لوحِ مریخ و تحفظ و ردسحر

دشمن سے حفاظت، مخالفین پر غلبہ حاصل کرنے، دشمنوں کو شکست دینے، اِن کی تکلیفوں سے محفوظ رکھنے، مقدمہ یا لڑائی میں کامیابی، صحت، سحری و آسیبی امراض سے بچاؤ، تحفظ اور قوت جسمانی جیسے فوائد حاصل کرنے کے لیے یہ لوح استعمال ہوتی ہے۔اس کے استعمال سے آپ ایک خاص قسم کا روحانی تحفظ حاصل کریں گے۔مختلف مردانہ امراض، مسائل اور ازدواجی و جسمانی مسائل کے حل، مردانہ طاقت، صحت، جسمانی حالت کی بہتری کے ساتھ ساتھ آسیب اور سحر وغیرہ سے بچاؤ کے لئے بھی لوحِ مریخ استعمال کی جاتی ہے۔اِن حوالوں سے یہ ایک لاجواب لوح ہے۔

پریشان کن قدم اس وقت اٹھانے کی پوزیشن میں تو نہیں لیکن ممکن ہے کچھ نہ کچھ چھوٹا موٹا مسئلہ پیدا کرنے میں لگے رہیں۔پریشانی کی بات نہیں آپ کا پلڑا بھاری رہے گا۔اچھی امیدیں اور تمنائیں کامیابی کا باعث ہوں گی۔یہ وقت اُن معاملات میں آسانی لے کر آئے گا جن میں آپ اب سے پہلے تکلیف محسوس کر رہے تھے۔مالی، مادی اور کاروباری حوالے سے یہ وقت بہت اہم ہے اور جو لوگ ان حوالے سے کچھ منصوبے رکھتے ہیں ان کو اپنے منصوبوں پر عمل پیرا ہونا چاہیے، کامیابی کے کافی زیادہ امکانات ہیں۔ایک سے زائد جگہ سے آمدن ہو سکتی ہے تاہم اس وقت وہ افراد خانہ جو عمر میں بڑے ہیں جیسے والدہ، دادا، دادی وغیرہ ان کی صحت کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں اور اگر اِن کی ذمہ داری آپ پر ہے تو ظاہر بات ہے کہ آپ بھی ان کی بیماری اور مشکل جیسے مسائل سے متاثر ہوں گے۔فنون لطیفہ سے متعلق لوگوں کو اس وقت آگے بڑھنے اور نام کمانے کے مواقع ملیں گے اور شہرت کا حصول ہوگا۔بچوں کی تعلیم اور صحت کے معاملات کا دھیان رکھیں اور لاپرواہی اختیار نہ کریں اس حوالے سے بھی کچھ مشکلات سامنے آ سکتی ہیں۔

05جولائی تا23اگست

مادی و مالی معاملات میں کامیابی کے لیے غیر معمولی محنت اور توجہ

درکار ہو گی۔ ہاں یہ کوشش بے کار نہیں جائے گی اور اس کا ثمر آپ پا سکیں گے۔ یہ وقت آپ کی قوت ارادی کے تابع ہے۔ آپ کتنا اپنے اوپر قابو رکھ سکتے ہیں اور کتنا آپ اپنی زبان اور ہاتھ کو کنٹرول کر سکتے ہیں۔ کیونکہ اس وقت آپ زیادہ تر مسائل پر اپنے رویے اور قوت ارادی کی بدولت قابو پا سکتے ہیں۔ اس وقت وہ تمام لوگ اور مسائل سر اٹھانے کی اپنی سی سعی کریں گے جن کو آپ پہلے دباتے آئیں ہیں۔ شراکت میں کام کرنے والوں کے ساتھ، دفتر میں ساتھیوں کے ساتھ اَن بن کا ماحول رہے گا۔ خاندان کے افراد کے ساتھ بحث مباحثہ بڑھے گا اور ملنے جلنے والے وجہ بے وجہ بحث میں الجھیں گے۔ یہ سب معاملات ہمارے خیال میں ایسے ہیں جن پر آپ اپنے کنٹرول رویے کے بناء پر قابو پا سکتے ہیں۔ ہاں ایک بات اور۔ اور وہ بات ہے آپ کی ذاتی صحت سے متعلق۔ اس عرصہ میں آپ کی صحت کچھ بہتر نہ رہے گی بلکہ چھوٹے موٹے مسائل سے واسطہ رہے گا تاہم وہ افراد جو مستقل نوعیت کے امراض کا شکار ہیں یعنی دل، جوڑوں، پیٹ وغیرہ وغیرہ ان کو خصوصی احتیاط کرنی چاہیے ورنہ معاملات کے پیچیدہ ہونے کی پوزیشن نظر آ رہی ہے۔

23 اگست تا 20 اکتوبر

گھر میں موجودہ بڑے عمر کے افراد خصوصاً والدہ اور دیگر خواتین کی صحت کا دھیان رکھیں، ممکن ہے بیماری سے متاثر ہوں۔ آپ کاروباری فرد ہوں یا نوکری پیشہ آپ کی ذمہ داریوں اور فرائض میں اضافہ ہوگا۔ یہ اضافہ پریشان کن نہیں بلکہ فائدہ مند اور اطمینان قلب کا باعث ہوگا۔ ذرائع آمدن میں اضافہ ہوگا اور کوشش کرنے سے آمدن میں خاطر خواہ اضافہ کر سکتے ہیں۔ وہ لوگ جو نیا کام شروع کرنا چاہتے ہیں یا کام کو بڑھانے کے خواہش مند ہیں ان کو بلا خوف و خطر ایسا کر لینا چاہیے۔ ہاں اس وقت چانس اور قسمت کے کھیلوں سے کچھ محتاط رہیں تو زیادہ بہتر ہے۔ اس کے علاوہ جو بات اس عرصہ میں قابل توجہ ہے وہ آپ کی ذاتی اور افراد خانہ کی صحت ہے۔ اس حوالے سے کسی خاص فرد کی نشاندہی تو نہیں کی جا سکتی البتہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ وہ شعبہ حیات ہے جو آپ کے زائچہ کی رو سے آپ کے مسائل اور

خرابی جگر

جگر کے امراض سے صحت پانے اور جسم سے زہریلے مادے خارج کرنے کے لیے گارنٹ کو انگوٹھی یا لاکٹ کی شکل میں استعمال کیا جائے تو باعث صحت ہے۔

معاملات میں اتار چڑھاؤ کا مظہر ہے۔ اس حوالے سے وقت اور رقم دونوں خرچ کرنے ہوں گے۔

20 اکتوبر تا 11 دسمبر

وہ جن کی شادی وغیرہ نہیں ہوتی اس وقت اس حوالے سے پیش رفت ہو سکتی ہے۔ یوں شریک حیات کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ ایک خاص بات جو مدنظر رکھنی حد درجہ ضروری ہے وہ یہ ہے کہ جسمانی طاقت کے استعمال کا نہ سوچیں بلکہ ذہنی کاوش آپ کے ہر مسئلے کا حل ثابت ہوگی۔ اس عرصے کے دوران اپنا روپیہ نہ تو کسی کو اُدھار دیں اور نہ ہی آنکھیں بند کر کے کسی اور مقصد یعنی کاروبار وغیرہ کے لیے دیں متوقع نتائج کا حصول نہ ہو گا۔ ایک ایسا وقت جب آپ ذہانت کا استعمال کر کے کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ حصول کامیابی کے لیے مکمل توجہ اور دلچسپی کے ساتھ کام کریں کیونکہ یہ ایسا وقت ہے جو ماضی میں پیش آمدہ مسائل میں آسودگی اور آسانی کا وعدہ کر رہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھایا جائے۔ وہ جو خوبصورتی کے خواہش مند ہیں وہ لوگ اور چہرے وغیرہ کو جوان بنانے کے لیے کامیاب کوشش کر سکتے ہیں۔ وہ لوگ جو تحریر و تقریر اور پرنٹنگ وغیرہ کے شعبوں سے متعلق ہیں ان کو خاص طور پر کامیابی حاصل ہوگی۔ بانڈ ریس جیسے کاموں میں بھی کامیاب ہو سکتے ہیں بشرطیکہ کنفیوژن کا شکار نہ ہوں۔ سیر و تفریح کے مواقع ملیں گے۔

11 دسمبر تا 31 دسمبر

والدین یا بڑے بوڑھے جو آپ کے خاندان کا حصہ ہیں آپ کے لیے اُن کی صحت کے معاملات پر نظر رکھنا حد درجہ ضروری ہوگی۔ اور اگر ان کی مکمل ذمہ داری آپ پر ہے تو اس سلسلے میں خاص خیال رکھیں ورنہ ان کی صحت کے مسائل آپ کی زندگی کے دیگر شعبوں پر اثر انداز ہوں گے۔ ملے جلے حالات و واقعات پر مشتمل یہ وقت قسمت کے حوالے سے اچھے اشارے لیے ہوئے ہے۔ مالی، مادی، نوکری اور بزنس کے حوالے سے آگے بڑھنے اور ترقی کرنے کے مواقع دستیاب ہوں گے اور اللہ کی رضا و مرضی سے کئی کامیابیاں حاصل کر سکیں گے۔ کچھ ایسے امور بھی ہوں گے جو مستقبل میں اچھے حالات و واقعات کی ضمانت دیں گے۔ ہمارا مشورہ ہے اپنی آنکھیں اور کان کھول کر رکھیں آپ کے دشمن اور مخالف آپ سے زیادہ دور نہیں بلکہ آپ کی بغل کے نیچے ہیں۔ اگر آپ اب بھی ان کی پہچان نہیں کر سکے تو پھر کیا کہا جا سکتا ہے۔

یکم جنوری تا 3 مارچ

آپ کے مخالفین اور دشمن اب دب جائیں گے اور آپ کو ان پر غلبہ حاصل ہوگا۔ بڑے اور صاحب مرتبہ لوگوں کے ساتھ تعلق قائم ہوگا۔ پیشہ ورانہ زندگی میں اچھے مقام کو پاسکیں گے۔ عمومی طور پر اچھا اور شہرت دینے والا وقت ہے۔ فنون لطیفہ سے متعلق لوگ معاشرے میں نام کمانے میں کامیاب ہوں گے۔ خاندانی اور ازدواجی زندگی میں سکون اور پیار در آئے گا۔ جن افراد کو اس حوالے سے مسائل کا سامنا تھا ان کا کوئی نہ کوئی حل نکل آئے گا۔ اولاد کے حوالے سے بھی اچھی خبریں آئیں گی اور وہ عمر کے حساب سے تعلیمی، معاشی و مالی حوالے سے کامیابی حاصل کریں گے اور آپ کے لیے قابل فخر ہوں گے یہ بھی ممکن ہے کہ خاندان میں خوشی کی محفل برپا ہو۔

3 مارچ تا 21 مارچ

اس عرصہ میں حادثہ یا چوٹ کے لگنے کا امکان ہے سو بجلی، گاڑی وغیرہ جیسی اشیاء کے استعمال میں محتاط رہیں تا کہ کسی بڑے حادثہ سے بچ سکیں۔ زیر بحث عرصے کے دوران صحت اور اخراجات دو ایسے خاص امور ہیں جن کے بارے میں ہم خاص طور پر محتاط رہنے کا کہیں گے۔ کسی بھی صورت میں اِن معاملات میں لاپرواہی اختیار نہ کریں۔ ورنہ بعد میں شکایت نہ کریں یہ کیا ہوگیا؟ دراصل اس عرصہ میں اخراجات کہاں ہوں گے یہ تو کہنا مشکل ہے تاہم یہاں یا وہاں ہوں گے ضرور اور آپ اِن کا بوجھ بھی محسوس کریں گے۔ اِسی طرح خاندان اور جذباتی مسائل بھی سامنے آئیں گے جن کو جذبات میں آ کر طے کرنا کسی بھی صورت میں موزوں نہیں۔

معاملات کو اپنے حق میں کرنے کے لیے تحمل کو ساتھ ساتھ رکھیں۔ اور براہ راست ردعمل کی بجائے بالواسطہ طرز عمل اختیار کریں۔ یہی وقت کی ضرورت ہے۔ تمام ایسے معاملات جن میں آپ کی ذاتی شہرت یا نام داؤ پر لگے یا اس کو خطرہ ہو ان میں ملوث نہ ہوں بلکہ خوبصورتی کے ساتھ ایسے معاملات سے الگ رہیں۔

21 مارچ تا 20 اپریل

گھریلو و ازدواجی ماحول بہتر رہے گا اور شریک حیات کے ساتھ عموماً بنی رہے گی۔ شراکتی امور میں بھی عمومی طور پر حالات بہتر رہیں گے تاہم معاملات میں ٹھہراؤ کی کیفیت کا فقدان ہوگا یا تو آپ کو تیزی سے فیصلے اور کام کرنا ہوں گے یا پھر معاملات خود اپنی شکل تبدیل کر لیں گے۔ وقت کا ساتھ دینے کی کوشش کریں پیچھے رہ جانا ناکامی کی دلیل ہے۔ اس وقت اپنی ذات کے ساتھ ساتھ دوسرے لوگوں کے بارے میں بھی سوچیں گے اور یہ رویہ معاملات میں بہتری لائے گا۔ جاری کوائف صورت حال کئی سمتوں میں کامیابی کا اشارہ دے رہی ہے۔ کاروباری، مالی اور مادی حوالے سے اچھا وقت ہے۔ ایسے کام جس میں دوسرے لوگوں کے ساتھ میل ملاقات کا موقع یا ضرورت ہو اِن کے ذریعے اچھی آمدن اور کامیابی کا امکان ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ آپ کاروباری آدمی ہیں یا نوکری پیشہ ہیں اپنے کام پر توجہ مرتکز رکھیں۔ اِس طور ہی آپ اس وقت کو خوش گوار طریق سے بسر کر سکتے ہیں۔ اس وقت نوکری پیشہ افراد کے ساتھ کام کرنے والے اور افسران بالا اچھے رویے کا مظاہرہ کریں گے۔ اِن کو توقع ہوگی کہ آپ کام پر ذاتی حوالے سے توجہ دے رہے ہیں۔ آپ کا یہ رویہ یا طریقہ وقت کی بھی

سہ جہتی طلسم شمس

حکومت' طاقت اور اختیار کچھ ایسے الفاظ ہیں جن کے طلسم سے نہ کوئی بچا ہے اور نہ بچے گا۔ ہر وہ فرد جو کچھ نہ کچھ معاشی و مادی سمجھ بوجھ رکھتا ہے۔ وہ ان میں سے کسی نہ کسی کا طالب ضرور ہوتا ہے۔ عزت و وقار کے حصول' دوسرے لوگوں پر اپنا دبدبہ بٹھانے اور اپنا اختیار قائم کرنے کے لیے اس کا استعمال حد درجہ موثر ہے۔ سیاست سے متعلق لوگ یا وہ جو معاشرہ میں شہرت کے خواہش مند ہوں' کاروبار کو پھیلانے کے ساتھ ساتھ عزت' وقار اور شہرت کے طالب ہوں اِن کے لیے بھی اس طلسم کا استعمال مفید ہے۔ وہ جو پابندیوں میں جکڑے ہوں چاہے اِن کی نوعیت کچھ بھی ہو یا وہ جو حکومت یا صاحبان حکومت کے عتاب کا شکار ہوں' اِن سب کے لیے بھی اس طلسم کا استعمال حد درجہ مفید و موثر ہے۔ وہ لوگ جو صحت کے مسائل کا شکار ہیں یا وہ جو طویل عمر کے خواہش مند ہیں یا وہ جو صحت مند جسم اور زندگی کی تمنار کھتے ہیں اِن سب کے لیے اس طلسم کا استعمال منسوبی فوائد کے حصول میں معاون و مددگار ہوگا۔ قوت حیات کی کمی' عزت و وقار کی حفاظت' کاروبار کو استحکام دینے اور کمزور بنیادوں کو مستحکم کرنے کے لیے بھی یہ طلسم استعمال کیا جاتا ہے۔

ضرورت ہے سو اس پر توجہ دیں۔

20 اپریل تا 11 مئی

اس وقت آپ پوری توانائی کے ساتھ آگے بڑھنے اور حسب منشا کامیابی حاصل کرنے کے لیے جدوجہد کریں گے۔ مالی و مادی لحاظ سے ایک اچھا وقت ہے۔ مالی آسودگی حاصل ہوگی اور پیشہ ورانہ طور پر کوئی نہ کوئی کامیابی ضرور ملے گی۔ کاروباری افراد کو آگے بڑھنے کے مواقع ملیں گے اور نوکری پیشہ افراد کی قدر اور عزت بڑھے گی۔ اپنے اندر کی توانائی کو کام اور ورزش کے ذریعے کنٹرول کریں۔ زبان اور ہاتھ سے نہیں۔ گو صحت کی پرابلم تو نظر نہیں آتی پھر بھی چھوٹے موٹے مسئلے تنگ کریں گے، ہاں البتہ حادثہ یا چوٹ خطرناک ثابت ہوسکتی ہے۔ دوران گفتگو بحث اور پھر لڑائی میں دھیان سے پڑیں۔ اس عرصہ کے دوران بہن بھائیوں سے فوائد کا حصول ہو گا۔ اپنے اردگرد کے لوگوں پر اپنا رعب ڈالنے یا شدت سے حکم چلانا مناسب نہ ہوگا یہ رویہ آپ کے لیے مسائل پیدا کرے گا۔ اس وقت سب سے اہم بات یہ ہے کہ آپ اپنے مزاج پر قابو رکھیں، بصورت دیگر آپ اپنے لیے کئی مسائل پیدا کریں گے۔ دوسرے کی بات کو تحمل سے سنیں اور پھر جواب دیں یا اپنا لائحہ عمل تیار کریں۔

11 مئی تا 05 جولائی

وہ افراد جن کے والد حیات ہیں یا گھر میں اس درجہ کا کوئی اور بڑا بوڑھا ہے تو بہت ممکن ہے اس کی صحت کی خرابی وغیرہ سے واسطہ پڑے ایسی صورت میں علاج معالجہ پر توجہ دیں تا کہ معاملات میں زیادہ خرابی پیدا نہ ہو۔ تمام تو نہیں البتہ بہت سے افراد کا رجوع مذہب اور علوم مخفی کی طرف ہو سکتا ہے اور وہ مذہبی روحانی یا نجومی عملیاتی تعلیم کے حصول میں سنجیدہ ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کے ساتھ بھی ایسا ہے تو ضرور کوشش کریں کامیابی کا امکان ہے۔ اللہ کے فضل سے نوکری پیشہ افراد کو اس وقت کو محتاط رہ کر بسر کرنا چاہیے۔ افسران بالا آپ کی ہر ہر حرکت پر نظر رکھے ہوئے ہوں گے۔ یہ تو نہیں کہا جا سکتا کہ وہ آپ کو برطرف کرنا چاہتے ہیں تاہم یہ ضرور ہے کہ وہ آپ سے زیادہ سے زیادہ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ دکھانے کی خواہش رکھتے ہیں اور اگر یہ کہا جائے کہ اگر آپ اِن کو مطمئن کرنے میں کامیاب ہو گئے تو مستقبل میں ضرور اپنی محنت کا پھل پا سکیں گے۔ اس طرح وہ افراد جو خاندانی یا شراکت کے کاروبار میں ہیں۔ اِن کے بڑے یا شریک کار بھی نسبتاً سخت رویے کا مظاہرہ کریں گے ایسی صورت حال میں ناامید ہونے کی بجائے یاد رکھیں یہ برائی کی شکل میں اچھائی ہے اور اس کا ثمر بہر حال آپ کو ضرور ملے گا۔ شرط صرف محنت اور محنت کی ہے۔ اپنے کام اور منصب کے ساتھ مخلص رہیں۔ بلاشبہ دوسروں کا بھلا نہ سوچیں اپنا بھلا سوچیں۔

05 جولائی تا 23 اگست

ماسوائے اُن کے جو مزمن اور متعدی امراض کا شکار ہوں گے، اس برج سے متعلق لوگوں کی صحت اچھی رہے گی اور قدیمی بیماریوں میں اصلاح اور بہتری ہوگی۔ موج مستی والے ذہن کے لوگوں کو جنس مخالف کے ساتھ تعلقات بنانے کے مواقع دستیاب ہوں گے مگر اس بات کا دھیان رکھیں یہ تعلق شادی کے بندھن میں شائد ہی تبدیل ہو۔ یہ پس وقتی بخار ہے جو جلد اتر جائے گا۔ بانڈ ریس اور ایسے ذرائع سے تعلق رکھنے یا آمدن کے لیے کوشش کی جا سکتی ہے۔ کامیابی کے امکان ہیں تاہم بڑی رقم یا اوقات سے

باہر ہو کر مت کھیلیں۔ بہرحال یہ جوا ہے۔ صاحب حیثیت اور حکومتی اداروں یا جس فرم یا دفتر میں کام کر رہے ہیں اس کے ذمہ دار افراد سے تعلقات پیدا ہو سکتے ہیں۔ اب ایسے وقت کی ابتدا ہو رہی ہے جس میں اللہ کے فضل و کرم سے حالات میں جاری سختی میں کمی کا اشارہ ملتا ہے۔ وہ لوگ جو ایسے شعبوں سے متعلق ہیں جہاں شہرت اور عوامی مقبولیت کا حصول ہو سکتا ہے ان کو ضرور یہ خوشی نصیب ہوگی اور پبلک میں جانے جائیں گے۔ آرٹ اور فنون لطیفہ سے متعلق لوگ بھی کامیابی اور شہرت پائیں گے۔ اس برج سے تعلق رکھنے والے طالب علم تعلیمی شعبے میں کامیابی حاصل کریں گے اور اگر کوئی خاص مقاصد ہوں گے تو ان کی تکمیل کے اسباب بھی پردہ غیب سے ظہور پذیر ہوں گے۔

23 اگست تا 20 اکتوبر

زرعی یا خاندانی زمین اس عرصے میں فروخت نہ کریں اور جہاں تک پراپرٹی خریدنے کا سوال ہے خوب سوچ کر یہ قدم اٹھائیں۔ سیاست دان ہیں یا ایسا مزاج ہے تو شطرنج کی چال پر مہرے دھیان سے کھیلیں۔ ہمارا مشورہ ہے کہ اس عرصے میں زیادہ معاملات میں اُلجھنے کی بجائے اپنی زیادہ توجہ اپنے کام، روزگار، بزنس یا نوکری جو بھی آپ کرتے ہیں پر رکھیں۔ اپنے مالی، مادی اور معاش سے متعلق اُمور میں کامیابی کے بارے میں سوچنا اور عمل کرنا سب سے اچھا ہے۔ یہ ایک ایسا وقت ہے جس میں پیش آنے والے حالات کی حتمی نوعیت اور اس سے بھی زیادہ یہ کہ مستقبل میں آپ کے آج اٹھائے گئے اقدامات کیا نتائج لائیں گے یہ اہم موضوع ہے۔ جو کچھ بھی کریں جو بھی قدم اٹھائیں صرف جاری حالات کو سامنے رکھیں بلکہ یہ دیکھیں کہ آنے والے دنوں کو اس حوالے سے کیسے ڈیل کریں گے۔ ہمارا مشورہ ہے کہ صاحب حیثیت افراد، حکومتی اداروں اور دیگر صاحب مرتبہ سے بدمزگی سے بچیں ورنہ مشکل میں پھنس جائیں گے۔

20 اکتوبر تا 11 دسمبر

عمومی طور پر بہت زیادہ مثبت وقت نہیں ہے۔ معاملات زندگی میں تناؤ نظر آ رہا ہے وقت اور حالات کا تقاضا ہے کہ معاملات زندگی کو سنجیدہ سوچ کے ساتھ آگے بڑھائیں۔ ابھی مسائل کے مکمل حل یا ان سے باہر آنے کا مکمل راستہ ملتا نظر نہیں آتا۔ مخالفین اور دشمن طاقت پکڑیں گے، دنیاوی و روحانی حوالے سے مسائل کا شکار کر سکتے ہیں۔ اخراجات میں اضافہ ہوگا اور اس تناسب سے آمدن میں اضافہ ہوتا نظر نہیں آتا۔ ہاں اس عرصہ کی نحوست سے حفاظت یا بچاؤ کے لیے سفر کرنا مفید ثابت ہوگا۔ وہ لوگ جو علوم مخفی سیکھنے کے خواہش مند ہیں یا اس حوالے سے کام کر رہے ہیں۔ ان کے لیے یہ بہتر وقت ہے اور اس سمت میں کامیابی کے کچھ نہ کچھ امکانات ضرور نظر آتے ہیں۔ بدزبانی سے خاص طور پر بچیں۔ افراد خانہ کے ساتھ براہ راست گفتگو اور پھر ٹکراؤ کے بجائے خاموش اور بالواسطہ گفتگو کا سلسلہ زیادہ بہتر رہے گا۔

11 دسمبر تا 31 دسمبر

شادی بیاہ یا رشتہ کے خواہشمند اس وقت کچھ نہ کچھ حاصل کرتے نظر آ رہے ہیں۔ توقع ہے کہ ازدواجی معاملات کے حوالے سے پیش رفت ہوگی اور لڈؤں کا انتظام ہو سکے گا۔ وہ لوگ جن کا علوم مخفی یا ایسے ہی دیگر علوم کے ساتھ تعلق ہے ان کے لیے اس وقت آگے بڑھنے کے واضح امکانات ہیں۔ گو معاملات آسان نہ ہوں گے لیکن اگر توجہ محنت اور مستقبل مزاجی سے کام لیا گیا تو بالضرور کامیابی کا حصول ہوگا۔ باقی معاملات کے حوالے سے بھی کچھ ایسی ہی صورت حال پیش آئے گی۔ صرف اپنے کام اور منصب کے ساتھ مکمل سچائی کے ساتھ منسلک ہونا ہی کامیابی کا باعث ہوگا۔ یہ وقت سخت محنت کا متقاضی ہے۔ آپ کے قریبی رشتہ دار یا بھائی بہن آپ سے مالی مدد و تعاون کے خواستگار ہو سکتے ہیں۔ تاہم ہمارا مشورہ یہی ہوگا کہ اپنی گنجائش کے مطابق دوسروں کی مدد کریں ان کے لیے قرضہ یا اضافی ذمہ داریوں کا بوجھ نہ اٹھائیں۔

سنبلہ

یکم جنوری تا 3 مارچ

زیارت، عمرہ وحج کے حوالے سے ذہن بنے گا اور جو خواہش رکھتے ہیں اُن کو اس کو پورا کرنے کا موقع ملے گا۔ سٹہ اور بانڈنمبروں وغیرہ جیسے امور میں ملوث لوگوں کو اس وقت قسمت آزمانی چاہیے تاہم زیادہ رقم صرف نہ کریں۔ کم سے کم خرچے میں زیادہ سے زیادہ منافع کمانے کے گر ہاتھ آئیں۔ دیگر مالی و مادی حوالے سے اچھے حالات نظر آتے ہیں۔ دوستوں اور واقف کاروں کی تعداد میں اضافہ ہوگا اور اچھے تعلقات اور اثر ورسوخ والے افراد سے بھی تعلق پیدا ہوگا اور یہ تعلق ظاہر بات ہے زندگی کے مختلف امور میں کامیابی لاسکتا ہے۔ گھر کی تبدیلی، بہتر گھر، اپنا گھر، سواری کا حصول جیسے معاملات میں بھی خوشی مل سکتی ہے۔ بچوں کے حوالے سے البتہ مسائل نظر آرہے ہیں اور محسوس ایسا ہوتا ہے کہ آپ اس وقت اپنی اولاد کے طرز عمل کو اپنے اوپر طاری کرلیں گے جو آپ کے مزاج پر گراں گزر سکتا ہے۔

3 مارچ تا 21 مارچ

اس عرصہ کے دوران بہتر ہے اللہ واسطہ صدقہ خیرات یا نیک نامی کے کاموں میں حصہ دیں۔ یہی چیز آپ کے لیے آسانی اور بہتری پیدا کرے گی۔ مالی اور مادی معاملات کے حوالے سے اچھا وقت ہے اور ان سمتوں میں اچھے حالات سے واسطہ رہے گا۔ کسی پرانی امید وخواہش کے پورا ہونے کے بھی امکانات ہیں۔ وہ لوگ جو پہلے مخالفت پر کمربستہ تھے اور تنگ کررہے تھے اب اِن کو راہ راست پر لانے کا موقع ملے گا اور آپ کو اِن پر غلبہ حاصل ہوگا حج اور دیگر بیرون ملک سفر کے حوالے سے بھی اچھی پیش رفت ہوگی۔ پچھلے عرصے کی نسبت جاری وقت کئی ایک معاملات میں آسودگی کا باعث ہوگا۔ وہ لوگ جو زیارت یا کسی قسم کا مذہبی سفر کرنے کے خواہش مند ہیں، توقع ہے اِن کو ایسے مواقع ملیں گے۔ حکومتی اُمور اور معاملات میں آسانی کا پہلو سامنے آئے گا۔ اب تک جن مسائل کا شکار تھے اب اِن سے باہر نکلنے اور سکون کی سانس لینے کا موقع ملے گا اور اللہ کی رحمتیں شامل حال ہوں گی۔ حکومت سے متعلق کاموں میں رکاوٹ دور ہوگی اور افسران بالا اور حکام بالا سے تعاون حاصل ہوگا۔ نوکری پیشہ افراد کو بھی نسبتاً آسان وقت سے واسطہ پڑے گا۔

21 مارچ تا 20 اپریل

اس عرصہ میں کوشش کریں ذہنی تناؤ کا شکار نہ ہوں۔ حالات و معاملات جیسے بھی ہوں اپنے اندر تحمل اور صبر کا دامن پکڑے رکھنے کی ہمت قائم رکھیں بصورت دیگر یہی تناؤ ڈپریشن اور خرابی صحت کا باعث بن جائے گا۔ اس عرصے کے دوران عورتوں کو زنانہ امراض سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ جبکہ مردوں اور بچوں کو بھی صحت کے چھوٹے موٹے مسائل کا سامنا ہوگا۔ مخالفین اور دشمنوں میں اضافہ ہوگا۔ ہمسائیوں اور کام کرنے کی جگہ یا خاندان کے لوگ آپ کی بدخوئی اور دشمنی کا مظاہرہ کریں گے اور اِن پر قابو پانا اس وقت کافی مشکل ہوگا۔ طبیعت میں تیزی وتندی رہے گی کسی ایک فیصلہ پر قائم رہنا اور عمل کرنا آسان نہ ہوگا۔ ہمارا مشورہ ہے کہ نہایت سمجھ داری کے ساتھ اس وقت کو بسر کریں اور زیادہ تناؤ کا مظاہرہ کیے بغیر حالات پر قابو پانے کی کوشش کریں یہی اس وقت سب سے بہتر طرز کار ہے۔ وہ لوگ جو جوئے اور چانس کے کاموں میں دلچسپی رکھتے ہیں دھیان سے کھیلیں عموماً گیم ہاتھ میں آتے آتے نکل جائے گی۔ رسک لینے والے تمام کام عزت اور شہرت

کے لیے تازیانے کا کام دیں گے۔ کام چاہیے وہ ذاتی بزنس ہو یا کہیں نوکری کر رہے ہوں اپنے رویہ میں نرمی لانے کی کوشش کریں۔ سخت روی اور غصہ آپ کا دشمن ثابت ہوگا۔

راہنمائے عملیات	ماھانہ	50روپے
خالد روحانی جنتری	سالانہ	200روپے
خالد ہندی جنتری	سالانہ	200روپے
Far-zoq	سہ ماہی	50روپے

20اپریل تا11 مئی

صحت کا معاملہ شاید اس عرصے میں کسی نہ کسی حوالے سے آپ کے لیے دردِ سر بنا رہے ہے۔ ضروری نہیں کہ آپ متاثر ہوں بلکہ آپ کو گھر کے تمام افراد پر نظر رکھنی ہوگی۔ افراد خانہ اور بچوں کے متاثر و بیمار ہونے کا امکان ہے۔ مجموعی طور پر کچھ زیادہ اچھے حالات نظر نہیں آتے۔ ہاتھ، زبان، آنکھ اور دماغ پر تالے اور پہرے لگانے کی ضرورت ہے۔ اِن کا ضرورت سے زیادہ استعمال آپ کے لیے مسائل لائے گا۔ بلکہ ہمارا مشورہ تو یہ ہے کہ ہر معاملے میں توقف سے کام لیں۔ جلد بازی اور فوری فیصلے سے باز رہیں۔ یہی طرزِ عمل فائدہ دے گا۔ وہ دوست احباب جن پر آپ تکیہ کئے بیٹھے تھے آپ کی توقعات پر پورے نہ اتریں گے بلکہ بوقت ضرورت شاید آپ کو نظر بھی نہ آئیں۔ اگر آپ ریس یا جوئے کے شوقین ہیں تو اس وقت ہاتھ روک کر رکھیں۔ مخالفین سامنے آئے بغیر ایسے اقدامات کرنے کی کوشش کریں گے جن سے وہ آپ کو عملی طور پر قابل قدر مالی، مادی اور جسمانی نقصان پہنچا سکیں۔ جنسی زندگی کے حوالے سے بھی عجیب وغریب حالات وواقعات سے واسطہ رہے گا۔

لوح رفع نحوست ذنب (کیتو)

ذنب (کیتو) جب کسی کے زائچہ پیدائش میں نحس ہو تو متعلقہ معاملات میں ایک ایسی نحوست آجاتی ہے جو لڑائی جھگڑا، نقصان، حادثہ، پریشانی، جان لیوا مرض غرضیکہ گھٹیا قسم کے حالات سے انسان کو دوچار کر دیتی ہے۔ گھٹیا اور چھوٹے قسم کے لوگوں سے واسطہ پڑتا ہے اور انسان کو ان کے ہاتھوں ذلیل و خوار ہونا پڑتا ہے۔ لہذا ایسے لوگ جو اپنے آپ کو اوپر بیان کردہ حالات کا شکار محسوس کریں تو وہ سمجھ لیں اُن کو لوح رفع نحوست ذنب (کیتو) کی ضرورت ہے۔ اس خصوصی لوح کا حصول اُن کو مسائل سے چھٹکارہ دلائے گا۔

11 مئی تا05 جولائی

شادی شدہ افراد کو سسرال کے رویے سے شکایت پیدا ہوگی اور اِن کی شکایت کافی حد تک درست بھی ہوگی۔ تاہم دل پر نہ لگائیں تو اتنا بڑا مسئلہ نہیں ہے۔ اس مسئلہ کو نکال کر دیگر گھریلو ماحول خوشگوار ہوگا اور گھر میں اچھے دن گزریں گے۔ قانونی معاملات کے حوالے سے پہلے وقت کی نسبت یہ وقت بہتر نہیں ہے سو اس حوالے سے لاپرواہی اختیار نہ کریں بلکہ مناسب اور ذمہ دارانہ طرز اختیار کریں۔ اِس طرح وہ افراد جن کے روابط غیر ممالک کے ساتھ ہیں یعنی کاروبار کر رہے ہیں یا باہر جانے کے خواہش مند ہیں یا ایسے ہی دیگر کوئی معاملہ ہے تو معمول کے کاموں سے زیادہ کچھ حاصل نہ ہوگا۔ اس حوالے سے کوئی بھی نیا کام پایہ تکمیل تک نہ پہنچے گا۔ وہ لوگ جو علوم مخفی سے تعلق رکھتے ہیں اِن کے لیے یہ وقت بہت اہمیت کا حامل ہے اُن کو اپنی دلچسپی کے شعبے میں اکملیت اور قابلیت کو بڑھانے کے مواقع ملیں گے۔ اچھا استاد بھی مل سکتا ہے۔ باپ کے ساتھ تعلقات زیادہ خوشگوار نہ ہوں گے۔ خاص طور پر وہ لوگ جو اپنے باپ سے کوئی امید لگائے بیٹھے ہیں یا اُن کا خیال ہے کہ باپ کسی خاص حوالے سے اِن کے لیے مددگار ہوگا تو اس حوالے سے زیادہ امید لگانا فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔

05جولائی تا23 اگست

سفری معاملات میں محتاط طرزِ عمل اختیار کرنا بہتر رہے گا۔ اسی طرح بجلی اور دیگر حادثاتی معاملات سے بچنے اور محفوظ رکھنے کی اپنی سی کوشش کریں۔ معاملات زندگی کے حوالے سے اچھا وقت ہے۔ جہاں تک مالی و مادی امور کا تعلق ہے آمدنی اور ذرائع آمدنی میں اضافہ نظر آرہا ہے۔ آمدن میں اضافہ ہوگا تو طرز زندگی خود بخود تبدیل ہوگا۔ روپیہ کو کہیں خرچ بھی تو کرنا ہے۔ سو گھر کی آرائش اور ایسی دوسری جگہوں پر روپیہ خرچ ہوگا۔ گھر اور ذات کو بہتر اور خوبصورت بنانے پر توجہ ہوگی۔ کاروباری لوگ بھی آگے بڑھنے اور کامیابی حاصل کرنے کے بارے میں پُر امید رہیں۔ اچھا اور فائدہ مند وقت ہے۔ خاندان کے افراد کے ساتھ میل جول کا موقع ملے گا اور تعلقات و واقفیت میں خاندانی حوالے سے وسعت پیدا ہوگی۔ دوستوں اور واقف کاروں کا حلقہ

لال کتاب

لال کتاب کا یہ ترمیم شدہ ایڈیشن 1942ء میں شائع ہوا تھا۔ یہ کتاب ایک نایاب اور نہ دستیاب کتب میں شامل ہوتی ہے۔ جن کے پاس ہے بھی اُن کے پاس بھی کتاب کے مکمل صفحات نہیں ہیں۔ ادارے نے زرکثیر صرف کر کے اس کتاب کے تمام گمشدہ اوراق حاصل کر لیے ہیں۔ اب یہ مکمل حالت میں علوم مخفی کے ماہرین کے لیے دستیاب ہے۔ یہ کتاب پنڈت شرما گردھاری لال کی تحریر کردہ ہے۔ جو کہ خاندانی پنڈت اور نجومی تھے۔ علم نجوم اور علم سامدرک کے موضوع پر یہ ایک ایسی کتاب ہے جس کا کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا۔ اس کتاب کے ذریعے ہاتھ کی لکیروں سے بھی جنم کُنڈلی بنائی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ کسی بھی فرد کے حالات و واقعات زندگی معلوم کیے جا سکتے ہیں۔ ایک نادر اور نایاب قدیم کتاب۔ (فوٹو کاپی میں دستیاب ہے)

احباب بڑھے گا۔ وہ جو صحت کے مسائل سے گزر رہے تھے اب اِن کو صحت بہتر بنانے کے مواقع ملیں گے۔ ہو سکتا ہے ایسے ڈاکٹرز یا ادویات کا حصول ہو سکے جو صحت یابی یا تکلیف میں ازالہ کا کام سرانجام دے سکیں۔

23 اگست تا 20 اکتوبر

بیرون ملک جانے کے خواہشمند یا بیرونِ ملک سے کام یا نوکری والے تمام معاملات میں محتاط طرزِ عمل اختیار کریں۔ معاملات آپ کی سوچ کے مطابق اس وقت حل نہ ہوں گے اور بہت ممکن ہے کہ کسی ایجنٹ کو رقم دیں یا شراکت کریں اس سے نقصان کا اندیشہ ہے۔ وہ لوگ جو مذہبی رجحان رکھتے ہیں یا علوم مخفی میں دلچسپی رکھتے ہیں اِن کو اس عرصہ کے دوران روحانی اور ماورائی حوالوں سے کامیابی کی کافی توقع ہے۔ وہ لوگ جو اس سمت میں محنت کریں گے ضرور کسی نہ کسی حد تک کامیابی حاصل کر پائیں گے۔ اس عرصہ کے دوران آپ کا طرزِ عمل، طرزِ کار و طرزِ حیات حد درجہ اہمیت اختیار کر جائے گا۔ یہ ہی وہ شعبہ ہے جو اس بات کا فیصلہ کرے گا کہ آپ مسائل سے بھرپور وقت بسر کریں یا تحمل کا مظاہرہ کر کے نسبتاً پُرسکون زندگی بسر کر سکیں۔ معاملہ چاہے روزمرہ امور کا ہو، کاروباری یا دفتری ساتھیوں کا یا اولاد کا، اِن کی طرف سے متوقع یا مناسب حدود کے اندر طرزِ عمل کا کچھ فقدان ہو گا۔ آپ کا طرزِ عمل اس میں مسائل کو اُلجھا بھی سکتا ہے اور سلجھا بھی سکتا ہے۔ خصوصی طور پر یاد رکھیں اس عرصہ میں مقدمہ بازی اور معاملات کو حل کے لیے تھانہ کچہری کی طرف نہ لے کر جائیں۔ باہر ہی معاملات کو طے کر لیں۔

20 اکتوبر تا 11 دسمبر

آپ کے سامنے جو معاملات ہیں اِن کا حل نکلتا محسوس ہو گا۔ حالات واقعات میں اچھی تبدیلی آئے گی۔ اور تازہ ہوا کا جھونکا اطراف میں محسوس ہو گا۔ مالی اور مادی معاملات میں ترقی اور رزق میں اضافہ ہو گا۔ اِن معاملات میں اتار چڑھاؤ سے بھی گزرنا پڑے گا تاہم مجموعی طور پر اچھے حالات رہیں گے۔ بانڈز، ریس اور شیئرز وغیرہ جیسے کاموں کی طرف رغبت ہو گی اور اگر محدود پیمانے پر یہ کام کریں گے تو کامیابی کی بھی توقع کی جا سکتی ہے۔ وہ جو دینی کاموں سے متعلق ہے اِن کو بھی کامیابی ہو گی گو مجموعی طور پر ہر کام میں آپ کا دماغ خوب چلے گا اور ضرورت کے مطابق نت نئی تعلیم وغیرہ سامنے آئے گی۔ علم مخفی سے متعلق لوگوں یا دین سے متعلق لوگوں سے محبت و طلب رکھنے والوں کی ملاقات اور اکتساب ہو گا۔ تاہم ایک بات یاد رکھیں اور اس حوالے سے محتاط رہیں اور وہ ہے والدہ اور والدہ کے رشتہ دار یعنی یہ شعبہ اس عرصہ میں کمزور ثابت ہو گا اور پریشانی ہو سکتی ہے۔

11 دسمبر تا 31 دسمبر

اگر کوئی کام شراکت پر کرنا چاہتے ہیں تو اس وقت موزوں وقت ہے اور اس حوالے سے مناسب موقعہ بھی ملے گا تاہم ایک بات یاد رکھیں تمام معاملات کو تحریری اور قانونی شکل دیں۔ جلد بازی اور لاپرواہی مستقبل میں مسائل پیدا کر سکتی ہے۔ قانونی مسائل سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ لوگوں کے ساتھ تناؤ اور جھگڑے واقع ہو سکتے ہیں۔ مخالفت میں اضافہ ہو گا۔ تاہم پریشانی کو اپنے اوپر طاری نہ کریں۔ اس سارے مخالفانہ ماحول سے بچاؤ کے اسباب بھی پیدا ہوں گے۔ والد حیات ہیں تو ان سے زیادہ توقعات وابستہ نہ کریں۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے اور وہ لوگ جو علوم مخفی سے متعلق ہیں اِن کو بہتر راہنمائی اور حصول علم کے مواقع ملیں گے۔

میزان

یکم جنوری تا 3 مارچ

بہتر ہے کہ جن بھی حالات میں ہوں اپنے آپ کو تناؤ اور غصہ سے بچا کر رکھنے کی کوشش کریں۔ مایوسی اور ناکامی کا سوچنے کی بجائے چیزوں کی روشن سمت دیکھیں۔ یہ وقت آپ کے منفی حالات پر مرہم کا کام دے گا۔ مجموعی طور پر کہا جا سکتا ہے۔ کہ اب تک جن جن مسائل کا شکار تھے۔ اب ان کے حل ہونے کا وقت ہے۔ مالی معاملات بہتر شکل اختیار کریں گے۔ اور ایسے وقت چاہے آپ کا تعلق کاروباری دنیا سے ہو یا نوکری پیشہ سے، آسودگی اور ترقی کے امکانات پیدا ہوتے چلے جائیں گے۔ گھریلو اور ازدواجی حالات میں بہتری آئے گی۔ اور بیرون ملک سفر یا کاروبار یا تعلیمی سلسلے میں کامیابی کا بھی امکان ہے۔ وہ لوگ جو زیارت یا حج عمرہ پر جانے کے خواہشمند ہوں گے اِن کو بھی یہ سعد موقع ملے گا۔

3 مارچ تا 21 مارچ

زمین اور مکان یا جائداد وغیرہ کی خرید و فروخت کے خواہشمند توقع رکھ سکتے ہیں کہ کچھ نہ کچھ مثبت امکانات سامنے آئیں گے لیکن اس حوالے سے جاری وقت کو ہی حتمی خیال نہ کریں۔ آنے والے دنوں میں بھی یہ معاملا حل ہو سکتا ہے۔ دراصل ہم آپ کو جلد بازی سے باز رہنے اور اس کے نقصانات سے محفوظ دیکھنا چاہتے ہیں۔ وہ نوکری پیشہ افراد جو عرصے سے ترقی کے خواہش مند تھے یا کسی بہتر جگہ یا پوزیشن والی نوکری کی تلاش میں تھے اب وقت ہے کہ اِن کی مراد پوری ہوتی نظر آ رہی ہے۔ اِسی طرح کاروباری افراد کے لیے خوشی لانے والا وقت ہے۔ عزت و وقار میں اضافہ ہوگا اور لوگوں کے درمیان اچھی جگہ پائیں گے۔ شہرت اور نام حاصل ہوگا۔ دوسرے لوگوں میں اچھا مقام، پوزیشن اور عزت ملے گی۔ اس وقت آپ اپنے یا گھریلو کام کے حوالے سے قیمتی اشیاء کا اضافہ کریں گے۔ سیاسی اُمور سے تعلق رکھنے والوں کو عہدے کے حصول یا حسب منشا کام کروانے کے لیے اس وقت سے فائدہ اُٹھانا چاہیے۔

21 مارچ تا 20 اپریل

وہ لوگ جو اولاد کے خواہشمند ہیں لیکن کسی نہ کسی وجہ سے یہ خوشی حاصل نہیں ہوتی تھی یا وہ جو شادی شدہ ہیں اگر اولاد کی تمنا رکھتے ہیں تو یہ وقت اس حوالے سے مثبت اشارہ دے رہا ہے اور توقع ہے افراد خانہ کی تعداد میں اضافہ ہوگا۔ اس عرصے کے دوران وہ لوگ جو بانڈ ریس لاٹری جیسے کاموں میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ اِن کو کھیلنا چاہیے یا نہیں یہ بہت اہم سوال ہے۔ اس کا جواب یہی ہے کہ کم از کم رسک کی گیم کھیلیں کیونکہ جاری کو ابھی صورتحال بہت بڑے انعام کی نشان دہی نہیں کرتی۔ گھریلو اور خاندانی زندگی خوشگوار رہے گی اور سیر و تفریح کے مواقع ملیں گے۔ بچوں کے حوالے سے بھی اچھی خبریں آئیں گی۔ تعلیم حاصل کرنے، اچھے رزلٹ اور روزگار کے متلاشی حصول روزگار میں کامیاب ہوتے نظر آتے ہیں۔ معاشرتی اور سوشل تعلقات میں اضافہ ہوگا۔ میل ملاقات اور اکٹھے اُٹھنے بیٹھنے کے مواقع ملیں گے۔ بیرون ملک جانے یا اس حوالے سے معاملات طے کرنے یا مذہبی سفر پر جانے کے لیے بھی موزوں وقت اور امکانات ہیں۔ لوگوں کے ساتھ نئے تعلقات بنانے اور سوشل معاملات میں وسعت پیدا کرنے کے حوالے سے اچھا وقت ہے۔

20 اپریل تا 11 مئی

روحانی مشورے

اب تک اس کے تین ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ ہر گھر میں اس کتاب کا ہونا مفید ثابت ہوگا۔ یہ کتاب آپ کو بازاری عاملوں سے بچانے، بہتر اور درست راہنمائی کرنے کا باعث ہوگی۔ اس کتاب میں انسانی زندگی سے متعلق قریباً ایک ہزار امور و مسائل کے حل کے بارے میں اسماء الحسنیٰ کے حوالے سے آسان اور مجرب اعمال کا ذکر کیا گیا ہے۔ یہ اعمال ایسے ہیں کہ علم عملیات کے بنیادی اصولوں سے نابلد فرد بھی توجہ دینے سے ان سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ یہ کتاب درج ذیل حصوں پر مشتمل ہے۔

1) روحانی مشورے و اعمال

2) برکات بسم اللہ

3) حروف کی روحانی و عملیات تفسیر و تاثیر

4) بخاری اور ترمذی سے رسول ﷺ کی دعائیں اور روحانی علاج

5) استخارے اور اسم اعظم جیسے امور بھی اس کتاب میں زیر بحث آئے ہیں۔

مکان کی تعمیر اور اس حوالے سے یا صرف جائیداد بنانے کے حوالے سے زمین کی خریداری یا کرایہ وغیرہ کے لیے نئے مکان کی تلاش میں کامیابی ہوتی نظر آتی ہے۔ تعلیمی سلسلے سے منسلک افراد چاہے وہ پڑھ رہے ہوں یا پڑھا رہے ہوں یا کسی طور اس شعبے سے متعلق ہوں، ان کے لیے بھی کئی ایک کامیابیاں سامنے آئیں گی۔ بڑی عمر کے افراد کی صحت کا خیال رکھیں، یعنی باپ، دادا، دادی وغیرہ پر توجہ نہ دینا خرابی کا باعث ہوگا۔ اس بارے میں یہ تو نہیں کہا جاسکتا کہ ہر طرف خوشی ہی خوشی یا کامیابی ہی کامیابی ہوگی، البتہ یہ ضرور کہا جاسکتا ہے کہ زندگی کے کئی شعبوں میں غیر معمولی کامیابی کے حصول کا وقت آ گیا ہے۔ بانڈ ریس ایسے کام جن میں اچانک کامیابی کا حصول ہو سکتا ہے۔ ان میں کامیابی اور حصول زر کی کافی توقع ہے۔ اولاد کی طرف سے خوشی اور اطمینان کی خبریں ملیں گی۔ دوستوں اور تعلق داروں میں اضافہ ہوگا۔ خاندان میں خوشی کی تقریب ہوگی۔ آپ سے عمر میں اگر بڑے بہن بھائی ہیں تو ان سے توقعات کے حصول اور کاموں کے لیے مدد طلب کی جا سکتی ہے۔

11 مئی تا 05 جولائی

بیرون شہر یا ملک جانے کے حوالے سے محتاط طرز عمل کا مظاہرہ کریں۔ سفر کی مکمل تیاری کے ساتھ نکلیں تاہم باہر جانے کے لیے کسی کو رقم وغیرہ دینے میں محتاط رہیں۔ دھوکہ کا امکان ہے۔ یہ وقت بھی اپنے اندر چند مسائل لیکر آ رہا ہے۔ تاہم ان کی نوعیت اُن سے بالکل مختلف تو نہیں لیکن فرق ضرور ہے۔ اس وقت مالی حوالے سے کئی مسائل اور توجہ طلب معاملات سامنے آئیں گے۔ اگر آپ کا بینکوں کے ساتھ لین دین چل رہا ہے۔ اور آپ نے اقساط بروقت ادا نہیں کیں تو اب آپ کو مزید ڈھیل نہ ملے گی۔ قرض خواہ تنگ کریں گے۔ آپ کے مخالفین اپنے مقاصد کے حصول کے لیے آپ کو عدالتی کاروائی کا حصہ بھی بنا سکتے ہیں اور لوگوں کے ساتھ قانونی جنگ شروع ہو سکتی ہے۔ خاص طور پر اہم مقاصد کے حصول کے لیے زیادہ پُر امید احوال نظر نہیں آتا۔ تاہم اگر یہ کہا جائے تو غلط نہ ہوگا کہ اس ساری منفی صورت حال کے باوجود قدرت کی طرف سے ایسے اسباب بھی پیدا ہوں گے کہ اگر آپ تھوڑی سی توجہ دیں تو عام لوگوں تک آپ کی مالی و مادی پوزیشن کے متاثر ہونے کی خبر نہیں پہنچے گی اور دنیا والوں کے لیے آپ کا ظاہری طرز عمل اور بود و باش بہت حد تک پہلے جیسے رہیں گے۔

05 جولائی تا 23 اگست

موجودہ کو ابھی صورتحال میں کہا جاسکتا ہے کہ آپ اپنا حلقہ احباب اور کاروبار حیات میں نسبتاً بہتر مقام اور شہرت حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ یوں بھی لوگوں کا رجحان آپ کی طرف ہوگا اور مشاورت وغیرہ کے سلسلے میں بھی ملنے جلنے والے آپ سے رابطہ میں رہیں گے۔ کاروباری اور مالی حوالے سے صورت حال کچھ ایسی ہوگی کہ آپ کی آمدن بڑھ جائے

لوح رفع رجعت/نحوست زحل

ایسے تمام افراد جن کی زندگی میں تاخیر، التواء اور رکاوٹیں ایک لازمی امر ہے تو وہ یہ بات جان لیں کہ ان کے پیدائشی زائچہ میں زحل کا حالت رجعت/نحوست میں ہونا بھی اسی طرح لازم ہے۔ غربت اور تنگ دستی کے شکار لوگ بھی رجعت انحوست زحل کے تحت آتے ہیں۔ وہ تمام افراد جو کسی نہ کسی طرح زمین کی خرید و فروخت یا ایسا کوئی بھی شعبہ جو زمین سے منسلک ہو میں ہیں اور ان کو اپنے شعبہ میں خاطر خواہ کامیابی کی بجائے خاطر خواہ نقصان ہو تو ان کو بھی اس بات کو سمجھ لینا چاہیے کہ زحل ان کے زائچہ پیدائش میں حالت رجعت/نحوست میں ہے۔ خاص طور پر ان افراد کو خصوصی طور پر لوح رجعت/نحوست زحل کی ضرورت ہے جن کی زندگی میں ٹھہراؤ کی کمی ہو اور اہم معاملات مستقل بنیادوں پر حل نہ ہوتے ہوں۔ سو آج ہی ادارہ سے رابطہ کر کے لوح رفع رجعت انحوست زحل بنوائیں اور زندگی کے امتحانوں کو ثابت قدمی سے پار کرتے جائیں۔

گی اور اس طرح آپ کو کچھ نہ کچھ پس انداز کرنے میں کامیابی ہوگی۔

چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ اچھے تعلقات ہوں گے اور ذاتی حوالے سے بھی آپ کے یہ عزیز و اقارب بہتر پوزیشن اور آسودگی حاصل کر پائیں گے۔ چھوٹے اور کامیاب سفر کرنے کا موقع ملے گا۔ سفر تفریح اور کاروباری رشتہ داروں سے ملنے کے حوالے سے ہو سکتے ہیں۔ گھریلو اور ازدواجی حالات اچھے رہیں گے اور نسبتاً خوشگوار زندگی بسر کریں گے۔ طالب علموں اور اعلیٰ تعلیم کے حصول کے خواہشمند افراد کے لیے اچھا وقت ہے، جو بھی قدم اٹھائیں گے اس میں کامیابی ہوگی۔

23 اگست تا 20 اکتوبر

جو بھی صورت حال ہو جلد بازی اور تندی و تیزی سے کسی بھی ضرورت میں کام نہ لیں ورنہ مسائل میں بھی اضافہ ہی ہوگا۔ حالات میں تبدیلی محسوس کی جائے گی اور جس قدر آسانی پہلے تھی اب اتنی محسوس نہ ہوگی۔ صحت کے حوالے سے خاص طور پر محتاط رہیں یہ صرف عمومی امراض کی بات نہیں بلکہ راہ چلتے سائیکل یا گاڑی چلانے یا کام کرتے ہوئے بھی اپنے آپ کو بچا کر رکھنے کا وقت ہے تاکہ حادثہ وغیرہ سے محفوظ رہا جا سکے۔ اس وقت کو خوفناک وقت تصور نہ کر لیں۔ البتہ مشکل ضرور ہے۔ وراثت، خاندانی امور شراکت کے معاملات میں تناؤ کی کیفیت ہوگی اور مطلوبہ مقاصد کا حصول آسانی سے نہ ہوگا۔ مشترکہ کاروبار کرنے والوں کو شریک کار یا مال خریدنے والوں سے ادھار کی واپسی یا حساب کے حوالے سے شکایت پیدا ہونا امر لازم ہے۔ ہاں وہ لوگ جو موت، کفن دفن اور انشورنس وغیرہ کے کاموں سے متعلق ہیں ان کو فوائد کا حصول ہوگا۔ عمومی طور پر مالی معاملات میں تناؤ رہے گا۔ اور مالی و مادی حوالے سے کئی مسائل پریشانی کا باعث ہوں گے۔

20 اکتوبر تا 11 دسمبر

اس عرصے کے دوران نئے نئے لوگوں سے واقفیت ہوگی اور تعلقات میں اضافہ ہوگا۔ معمولی درجے سے لے کر اعلیٰ طبقے، تک رسائی کا وقت ہے۔ تجارتی اور مالی معاملات میں محتاط رویہ اختیار کریں۔ غیر معمولی اخراجات یا حساب نہ کرنا، مالی تنگی اور قرض کا شکار بنانے کا باعث ہوگا۔ کسی فیکٹری لگانے یا کوئی چیز بنانے کے کام میں کسی صورت نہ پڑیں۔ صرف اِدھر کا مال اُدھر کرنے جیسے کاموں میں آمدن ہوگی۔ یعنی کے ایک جگہ سے مال لیں اور دوسری جگہ بیچ دیں۔ اس وقت میں اتنا ہی کافی ہے۔ طبع میں فطری جلد بازی پر قابو پانے کی کوشش کریں ورنہ جو بھی قدم اٹھائیں گے وہ غلط جگہ جا پڑے گا۔ خاص طور پر شراکت پر کام کرنے والے دھیان کریں۔ شریک کار کسی بھی صورت موافق نہیں رہے گا۔ معمولی سی غلطی یا نقصان بھی اس کے لیے تکلیف کا باعث ہوگا اور باہمی تلخی کا باعث ہو سکتا ہے۔ اس دوران سفر کا بھی موقع ملے گا۔

11 دسمبر تا 31 دسمبر

یہ وقت اس بات کا متقاضی ہے کہ معاملات زندگی پر کنٹرول قائم رکھنے کی کوشش کریں۔ آمدن کی نسبت اخراجات زیادہ ہوں گے اور روپیہ کے استعمال میں سمجھ داری کا زیادہ مظاہرہ کرنا پڑے گا ورنہ مالی دباؤ کا سامنا کرنا پڑے گا۔ روپیہ دینے والے ہاتھ روک لیں گے اور لینے والے ہاتھ پھیلا دیں گے۔ مخالفین قانونی کاروائی اور پولیس وغیرہ کی طرف رجوع کریں گے۔ محنت زیادہ کرنی ہوگی اور معاوضہ کم ملے گا۔ تاہم ہمارا مشورہ ہے کہ اس وقت کو قدرے ثابت قدمی سے بسر کر لیں۔ انشاءاللہ آگے آنے والے دنوں میں حالات کی بہتری کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

یکم جنوری تا 3 مارچ

اس وقت جو مسائل سر اٹھائیں گے اِن میں سے اہم ترین پیشہ وارانہ زندگی کے مسائل ہیں چاہے آپ اپنا بزنس کر رہے ہوں یا نوکری کوئی نہ کوئی مسئلہ سامنے آتا رہے گا۔ اسی طرح مالی حوالے سے ذرائع آمدن میں بندش محسوس ہوگی اور اخراجات بڑھ جائیں گے۔ شریک حیات کی توقعات آپ سے بڑھ جائیں گی اور ان کی خواہش ہوگی کہ آپ اسی پر بھرپور توجہ دیں اور یاد رکھیں آپ کی پُرسکون گھریلو زندگی کے لیے ہمارا بھی یہی مشورہ ہے کہ وہی کریں جو آپ کی شریک حیات کی خواہش ہے۔ زیر بحث عرصہ کے دوران جو لوگ فطری طور پر جلد گھبرا جاتے ہیں اور نروس نس کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اِن کو خاص طور پر اپنے اوپر قابو پانے کی کوشش کرنی چاہیے۔ کیونکہ یہ وقت ایسا ہے، جس میں کئی ایک مسائل سامنے آسکتے ہیں۔ اور ان کا سامنا کرنا بھاگنے یا کبوتر کی طرح آنکھیں بند کر کے بیٹھنے کی نسبت بہتر ہوگا۔ اس عرصہ کے دوران ایک اور خاص بات یہ ہے کہ اگر آپ محسوس کریں کہ کچھ معاملات ایسے ہیں جن کو آپ فوری طور پر اپنے حق میں ہموار نہیں کر سکتے تو فی الحال اِن کے حوالے سے کسی فیصلہ میں نہ پڑیں بلکہ دوسرے لوگوں سے اِن کو حل کرنے کے لیے وقت لے لیں اور آگے آنے والے مثبت وقت سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں۔

3 مارچ تا 21 مارچ

ایک اچھا وقت جو کئی مسائل کا حل لے کر آئے گا۔ آپ کی کئی ایک نیک تمنائیں اور خواہشات پوری ہوں گی۔ مال و دولت اور آمدن میں اضافہ ہوگا۔ پیشہ ورانہ زندگی آسان ہو جائے گی اور صاحب اختیار اور حیثیت لوگوں کی سرپرستی حاصل رہے گی۔ بیوی بچوں سے خوشیوں کا حصول ہوگا۔ وہ جو نوکری پیشہ ہیں اِن کو کرسی کے ساتھ جم کر بیٹھنے کی بجائے حرکت یا کام میں تیز رفتاری لانی چاہیے اس سے نوکری کے معاملات میں بہتری آئے گی۔ افسران کی نظر کرم پڑ سکتی ہے۔ ذاتی کاروبار کرنے والے افراد کو بھی نئے گاہک اور نئے راستے تلاش کرنے چاہئیں، اس حوالے سے کامیابی کا واضح اشارہ زائچہ میں موجود ہے۔

21 مارچ تا 20 اپریل

مالی معاملات کے حوالے سے اچھا وقت ہے اور کاروباری حضرات کو خاص طور پر آگے بڑھنے کے مواقع ملیں گے۔ وہ لوگ جو زمین جائیداد یا مکان وغیرہ خریدنے کے خواہشمند ہیں اِن کو بھی اس حوالے سے کوئی نہ کوئی کامیابی ضرور ملے گی۔ وہ نوکری پیشہ افراد جو ترقی چاہتے ہیں وہ عہدہ کی ہو یا تنخواہ کی اِن کو بھی اس حوالے سے مطمئن رہنا چاہیے۔ اس کے بھی واضح امکانات ہیں۔ شیئرز اور جوئے کے کام میں زیادہ رقم نہ لگائیں۔ وہ جن کے گھر اولاد نہیں یا شادی کے خواہشمند ہے اِن کو بھی اس عرصہ میں مَوقع ملے گا۔ جو مختصر دورانیے پر مشتمل ہوگا۔ سال کا یہ حصہ کچھ محنت طلب ہوگا۔ ساتھ کام کرنے والے لوگوں کے ساتھ اختلاف رائے پیدا ہوگا اور اس حوالے سے بحث مباحثہ کچھ فائدہ نہ دے گا بلکہ دباؤ میں اضافہ ہوگا۔ اس سے بہتر یہ ہے کہ حتمی فیصلہ کے لیے افسران بالا کی طرف دیکھیں یہاں سے نسبتاً بہتر جواب ملے گا۔ اپنی اور اہل خانہ کی صحت کا دھیان رکھیں اور بے توجہی اختیار نہ کریں۔ اس عرصہ کے دوران خاص طور پر والدہ کی صحت کے حوالے سے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ گاڑی چلانے، آلات استعمال کرنے اور سڑک وغیرہ پار کرنے میں احتیاط کریں۔ حادثہ کا امکان ہے۔ وہ جو کام چوری، کاہلی یا

سستی سے کام لیں گے اِن کو سمجھ لینا چاہیے کہ اس وقت یہ رویہ ناکامی لانے کا باعث ہوگا اور کئی طرح کے مسائل کا باعث ہوگا۔ گھریلو اُمور پر بھی نظر رکھیں اور وقت پر فیصلہ کریں موقع نکل جانے کے بعد کچھ حاصل نہ ہو گا۔ عمومی طور پر اس وقت اچھے حالات و واقعات پیش آئیں گے۔ گاڑی کی خرید یا مرمت کروانے کے لیے اچھا وقت ہے۔ گھریلو حالات میں اتار چڑھاؤ یعنی ایک کے بعد دوسری تبدیلی آتی رہے گی اور زیادہ امکان اس بات کا ہے کہ معاملات مکمل طور پر قابو میں نہ ہوں گے۔ افرادِ خانہ کے ساتھ بھی اچھے اور خوشگوار تعلقات رہیں گے۔ خاندان میں شادی دعوت اور ایسے کسی دیگر واقعہ کی بھی توقع ہے۔

20 اپریل تا 11 مئی

زمین جائیداد اور مکانات وغیرہ کی خرید و فروخت جیسے کاموں سے فوائد کے حصول ہونے کا امکان ہے۔ ذاتی کاروبار یا نئی ملازمت کی تلاش اس عرصے میں ثمر آور ثابت ہوگی۔ پچھلے عرصے سے جاری سعد لمحات کا ثمر ملتا رہے گا اور کئی نئی سمتوں میں کامیابی کے حصول کی توقع کی جا سکتی ہے۔ وہ تمام لوگ جو معاشرتی یا کاروباری یا خاندانی حوالے سے کسی بہتر پوزیشن کے حصول کے لیے کوشاں تھے اب اِن کی تمنا پوری ہوتی نظر آتی ہے۔ افسران بالا یا حکومتی اداروں سے کوئی کام ہو تو اس کو نکلوانے کے لیے اچھا وقت ہے۔ گو مزاج میں کسی قدر احساس برتری آئے گا تاہم اس کو ایک حد کے اندر رکھنا بہتر ہوگا خاص کر اُس وقت جب آپ اپنے سے بہتر یا برابر پوزیشن کے حامل لوگوں سے مل رہے ہوں۔ خاندانی زندگی کے حوالے سے خوشی نصیب حاصل ہوگی اور ارد گرد کے ماحول میں اپنے آپ کو مطمئن اور آسودہ خیال کریں گے۔ جنسی رویہ خاندانی زندگی پر اثر انداز ہوگا، اس کا خاص خیال رکھیں۔ کیا آپ بے روزگار ہیں؟ اگر ایسا ہے یا آپ کوئی ذاتی کام کرنے کے خواہش مند ہیں تو اس وقت اُمیدیں پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ وہ جو پہلے ہی کسی روزگار سے منسلک ہیں اِن کو اس میں مزید کامیابی، ترقی اور نوکری میں عہدہ یا تنخواہ میں اضافہ جیسی خوشخبری ملے گی۔ خاص طور پر جذباتی رویوں اور مزاجی برہمی سے واسطہ پڑے گا اور اگر مزاج پر قابو نہ پایا گیا تو دوسرے لوگوں اور عزیز و اقارب کے ساتھ بدمزگی اور بدکلامی کی نوبت لازم آئے گی۔ ہمارا مشورہ ہے اس وقت اپنے اوپر قابو رکھیں اور بلاوجہ دوسروں پر غصہ اور رعب نہ ڈالیں۔ اس عرصہ کے دوران گھر کی عورتوں خصوصاً والدہ اور بڑی عمر کی خواتین کی صحت کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ اس برج سے متعلق جو لوگ جائیداد وغیرہ کا کام کرتے ہیں یا اس وقت ذاتی حوالے سے خرید و فروخت یا کرایہ داری وغیرہ کے معاملہ میں ہیں اِن کو دھیان رکھنا چاہیے، دھوکہ فراڈ اور بے وقوفی جیسے واقعات رونما ہو سکتے ہیں۔ زخمی ہونے کا امکان ہے۔ گھر کی مرمت یا ایسے دیگر کام خوب سوچ سمجھ کر کریں۔

11 مئی تا 05 جولائی

اب جو حالات پیش آئیں گے اِن کو نہ تو منفی اور نہ ہی مثبت کہا جا سکتا ہے۔ کچھ یوں ہے کہ کچھ معاملات اچھے طریقے سے طے ہوں گے۔ اور کچھ میں غیر معمولی صورت حال کا سامنا ہوگا۔ کون سے معاملات کیسے طے ہوں گے آئیں اس حوالے سے بات کرتے ہیں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ وہ لوگ جن کا کاروبار یا نوکری کچھ ایسی ہے جس میں سفر سے واسطہ رہتا ہے اِن کے لیے کاروبار و روزگار کے حوالے سے مثبت وقت ہے۔ جس قدر حرکت کریں گے اسی قدر کامیابی کا زیادہ امکان ہے۔ اس عرصے کے دوران اعلیٰ طبقے اور اپنے اپنے شعبوں میں کامیاب لوگوں کے ساتھ تعلق واسطہ پیدا ہوگا۔ اور یوں آپ کا حلقہ اثر دن بدن پھیلتا چلا جائے گا۔ ایک دوسرا شعبہ جو اس عرصہ میں متحرک ہوگا وہ ہے آپ کے جنس مخالف کے ساتھ تعلقات۔ ایک تو شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں جو گرم جوشی ہوتی ہے اس کا فقدان محسوس کریں گے۔ زوجین میں باہم اختلاف کا واضح امکان ہے۔ اسی طرح جنس مخالف کے ساتھ تعلق یا روابط کوئی پائیدار، تعلق کا پیش خیمہ ثابت نہ ہو گا۔ سو یہ کہا جا سکتا ہے کہ آپ چاہے شادی شدہ ہوں چاہے غیر شادی شدہ جنس مخالف کے حوالے سے یہ وقت قابل توجہ ہے۔ شادی، منگنی وغیرہ سے اس عرصہ میں پرہیز رکھیں۔ اپنے سے بہتر حیثیت لوگوں کے ساتھ یا ان کے پیچھے چلنے کی حد تک تو ٹھیک ہے۔ اِن کی برابری کا دعویٰ نہ کر بیٹھیں ورنہ لینے کے دینے پڑ جائیں گے۔

05 جولائی تا 23 اگست

چانس اور انعامی سکیموں میں حصہ لینے والے اپنے حدود اربعہ کے اندر رہ کر کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ تاہم ہمارا مشورہ ہے اس عرصہ کے دوران وراثت سے متعلق معاملات کے حوالے سے قطعاً کوئی لاپرواہی اختیار نہ کریں۔ ورنہ آگے چل کر معاملات منفی شکل اختیار کر جائیں گے۔ وہ لوگ جو دوسروں کے روپے کو اپنے بزنس میں لگانا چاہتے ہیں یا دوسروں کے روپے سے اپنا بزنس کرنا چاہتے ہیں ان کو بھی تکمیل خواہش کا کوئی نہ کوئی راستہ مل جائے گا۔ بیرون ملک سفر یا کام کے حوالے سے جلد بازی لاپرواہی

سے کام نہ لیں۔ یہ دورانیہ ایک اچھے وقت کا اشارہ دے رہا ہے۔ مادی اور کاروباری حوالے سے آسودگی کا حصول ہوگا۔ وہ کاروباری افراد جو عرصے سے کام کو بڑھانے کا سوچ رہے تھے۔ اب وقت ہے کہ ایسا کرسکیں گے۔ اِس طرح نوکری پیشہ افراد کو بھی کوئی نہ کوئی آسودگی یا اضافی آمدن ہوسکتی ہے۔ بہر حال مجموعی طور پر اس برج سے متعلق لوگوں کے حالات میں مثبت تبدیلی آئے گی۔ صاحب حیثیت و مرتبہ افراد کے ساتھ ہوں گے۔ گھریلو اور ازدواجی زندگی خوشگوار ہوگی اور باہم افرادِ خانہ پُرسکون اور لطف اندوز زندگی بسر کریں گے۔

23 اگست تا 20 اکتوبر

کوشش کریں جنس مخالف کے ساتھ تعلقات کے حوالے سے محتاط رویہ کا مظاہرہ ہو۔ لاپرواہی ہوسکتا ہے آپ کی بدنامی اور پریشانی کا باعث بنے۔ اسی حوالے سے نوٹ کرلیں کہ اس عرصے میں رشتہ و منگنی وغیرہ کے حوالے سے پیش رفت نہ کی جائے۔ جاری کو ابھی صورت میں سنجیدہ رویہ اختیار کرلیں۔ پہلی سی آزاد روی اور آسودگی نہ ہوگی بلکہ رکاوٹ اور دباؤ محسوس کریں گے۔ کئی کاموں اور امور میں رکاوٹ اور التواء کا قوی امکان ہے تاہم عمومی حوالے سے مادی و مالی امور میں ابھی بھی آسودگی کا عنصر باقی رہے گا۔ تاہم صحت کے حوالے سے اچھا وقت نہیں ہے۔ ذاتی صحت، شریک حیات اور بچے اگر ہیں تو اِن کی صحت، یعنی کہیں نہ کہیں کوئی نہ کوئی مسئلہ اور خرچہ اس حوالے سے پڑا رہے گا۔ سو ہمارا مشورہ ہے کہ اس حوالے سے جیسے ہی کوئی تکلیف دہ صورت حال سامنے آئے فوری علاج معالجہ پر توجہ دیں اور بے توجہی نہ برتیں۔ اور اگر آپ سائیکل یا گاڑی وغیرہ کے مالک ہیں تو خوب سوچ سمجھ کر اِن کا استعمال کریں۔ ٹریفک اور پیدل چلتے ہوئے بھی محتاط رہیں حادثہ کا خطرہ ہے۔ وہ لوگ جو شراکت وغیرہ کرنے کے خواہش مند ہیں اِن کے لیے یہ رسک لینا ٹھیک رہے گا اور معاملات کو سمجھ داری سے طے کرنا آپ پر ہے اور امید ہے لکھتے پڑھتے آپ کوئی غلطی نہ کریں۔

20 اکتوبر تا 11 دسمبر

اب آپ ایک ایسے وقت میں داخل ہوں گے جو آپ کے معاملات میں آسودگی لانے کا باعث ہوگا۔ کوشش اور ہمت آپ کی ہی ہوگی۔ بہر حال اس وقت خاص طور پر بیرون ملک جانے یا رابطہ قائم کرنے یا بزنس وغیرہ کرنے کے حوالے سے اچھے احکام سامنے آرہے ہیں؟ سو اس حوالے سے اپنی کوشش کریں۔ اللہ بہتر کرنے والا ہے۔ اندرون ملک سفر چاہے میل ملاقات چاہے پیشہ وارانہ ہو مفید ثابت ہوگا۔ اس وقت کے حوالے سے گو اچھے اشارے مل رہے ہیں تاہم ہمارا مشورہ ہے اپنے مزاج پر قابو رکھیں اور بے مقصد بھاگ دوڑ اور کبھی ایک معاملہ اور کبھی دوسرا معاملہ ہاتھ میں لے کر زندگی بسر کرنے کا رویہ مثبت نتائج نہیں لائے گا۔ اپنے ذہن کو ایک جگہ مرتکز کریں اور اپنی تمام تر ذہنی اور جسمانی طاقتوں کو مقررہ منزل کے حصول کے لیے استعمال کریں یہی وقت کا تقاضہ ہے۔

11 دسمبر تا 31 دسمبر

مجموعی طور پر اس وقت کو بہتر کہا جاسکتا ہے اس عرصے میں کی گئی محنت اور کوشش اپنا رنگ ضرور لائے گی۔ پچھلے عرصے کی نسبت یہ وقت معاملات محبت، الفت کے حوالے سے زیادہ بہتر ہوگا اس عرصہ میں جن لوگوں کے ساتھ تعلقات بنیں گے اِن کو زیادہ بہتر اور مفید قرار دیا جاسکتا ہے۔ اسی طرح بیرون ملک میں رہنے والے افراد سے فوائد یا اگر خود باہر جانا چاہیں یا بیرون ملک تعلیم و بزنس کے حوالے سے سفر کرنا چاہیں تو اچھے نتائج حاصل ہوں گے۔ اسی طرح صاحب حیثیت لوگوں، افسران بالا یا اوپر کے طبقے کے بزنس مینوں کے ساتھ تعلق قائم ہوسکے گا۔ تاہم ایک بات یاد رکھیں اس عرصہ کے دوران جہاں آپ اپنی اوقات سے باہر ہوئے وہاں کام خراب ہوجائے گا۔ معاملہ چاہے جنس مخالف کا ہو یا بزنس ڈیل کا۔ اپنے حدود اربعہ اور حد بندی کا تعین بہت ضروری ہوگا۔ یہی وہ بات ہوگی جس پر عمل پیرا نہ ہو کر آپ اپنے لیے لایعنی مشکلات و مسائل پیدا کریں گے۔

یکم جنوری تا 3 مارچ

شراکتی بنیاد یا کسی کی مدد سے کاروبار وغیرہ شروع کرنے کا سوچ رہے تھے تو اب وقت ہے کہ اس حوالے سے اپنی کوشش کا آغاز کریں۔ توقع ہے کہ اللہ کے فضل سے اچھے نتائج آئیں گے۔ یہ وقت بہت سے امور میں کشادگی لائے گا۔ صاحب حیثیت افراد "افسران بالا اور بڑے کاروباری لوگ" آپ کی جو بھی معاشرتی پوزیشن ہے اس کے مطابق آپ کے لیے نرم گوشہ رکھیں گے اور آپ کو مالی و مادی مفاد حاصل ہوں گے۔ وہ لوگ جو سیر تفریح کے لیے عرصہ سے سوچ رہے تھے اب ان کو تفریح کے اچھے مواقع ملیں گے۔ افراد خانہ کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے بہترین وقت ہے۔ عاشقوں کے لیے بھی خوشنودی ہے۔ ان کو بھی عشق و محبت کے چانس ملیں گے تاہم ہمارا مشورہ ہے کہ اگر محبوب کے ساتھ شادی کرنے میں مخلص ہیں تو وقت ضائع کیے بغیر معاملات کو طے کرلیں۔ لوگوں میں اچھی شہرت اور پیار ملے گا۔

3 مارچ تا 21 مارچ

باقی باتیں اپنی جگہ یہ امر سب سے اہم ہے کہ اس عرصہ میں تیزی اور جلد بازی سے کام نہ لیں۔ زبان پر کنٹرول اور فوری ردعمل آپ کی شہرت میں منفی اثرات کا اضافہ کرے گا۔ یہ وقت آسانی والا نہ ہوگا۔ آپ کو بچوں یا شریک حیات وغیرہ کی صحت کے حوالے سے کوئی نہ کوئی پریشانی ضرور دیکھنا پڑے گی۔ اس عرصے کے دوران آپ کو خاص طور پر محتاط کیا جاتا ہے کہ شراکت وغیرہ شروع نہ کریں۔ اگر ایسا کیا گیا تو نتائج آپ کے ہاتھ میں نہ رہیں گے۔ علاوہ ازیں شراکت کاروباری مسائل اور دوسروں سے تعلقات کی نوعیت آپ کے لیے سوالیہ نشان ثابت ہوں گے۔ ذاتی صحت بھی متاثر ہو سکتی ہے۔ تھکاوٹ، سر درد، ٹینشن، ذہن پر دباؤ اور ناقابل شناخت جسمانی دردوں سے گزریں گے۔

21 مارچ تا 20 اپریل

اس وقت کی ابتدا انتہائی اچھے طریقے سے ہوگی۔ وہ لوگ جن کے کام کا دارومدار چلنے پھرنے یا بیرون شہر سے ہے ان کو پوری دلچسپی کے ساتھ کام کرنا چاہیے۔ اچھے امکانات نظر آرہے ہیں۔ اس عرصے کے دوران مستقل بنیاد پر نئی رہائش میں منتقل نہ ہوں۔ شاید جلد یا بدیر پھر تبدیلی واقع ہوگی۔ اندرون ملک سفر اور کام کے لیے آنا جانا فائدہ مند ہوگا۔ شادی شدہ افراد کی ازدواجی زندگی نسبتاً خوشگوار ہوگی۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ اچھے تعلقات ہوں گے اور ان کے ذریعے اگر کوئی فوائد مطلوب ہوں تو حاصل ہوں گے۔ عاشق مزاج افراد کو دل لگی کے مواقع ملیں گے اور عمومی طور پر جنس مخالف کے ذریعے مدد اور کاموں میں سہولت ملنے کا امکان ہے۔ مالی، مادی و تفریح کے حوالے سے خوشگوار نتائج کا حامل ہوگا۔ ہاں وہ جن کی والدہ بیمار ہیں۔ علاج معالجہ پر توجہ دیں ورنہ پریشانی بڑھ سکتی ہے۔ حلقہ احباب میں وسعت اور مشہوری ہوگی اور چاہنے والے ملیں گے۔ اس عرصہ کے دوران تنگ نظری اور بدمزاجی کا شکار ہو سکتی ہیں جو چھوٹے موٹے مسائل کا باعث ہو سکتی ہے۔ توجہ دیں تو اس پر قابو پانا ناممکن ثابت نہ ہوگا۔

20 اپریل تا 11 مئی

کئی حوالوں سے ایک اچھا وقت ثابت ہوگا اور کئی اطراف میں

کامیابیوں کا حصول ہوگا۔ اس بات کے قوی اشارے ہیں کہ کئی ایک جگہ سے دعوت نامے یا بلاوے آئیں گے اور اگر آپ ملنساری کا مظاہرہ کریں گے تو اس حوالے سے کافی مصروفیات رہیں گی۔ بیرون ملک جانا چاہے سلسلہ نوکری، کاروباری یا حج وعمرہ یا سیر کے لیے، جو بھی مقصد ہو اس میں حسب منشاء امکانات نظر آتے ہیں تاہم اس عرصہ میں بیرون ملک جانے کے حوالے سے کسی ایجنٹ کو نہ تو رقم دیں اور نہ ہی مشکوک کاغذات پر سفر کریں ورنہ تمام تر سعادت کے باوجود مسائل اپنی جگہ قائم رہیں گے۔ افراد خانہ میں سے کسی کی خرابی صحت کے باعث پریشانی ہوسکتی ہے۔ اس کے علاوہ اخراجات کا دروازہ اس عرصہ میں زیادہ کھلا نظر آتا ہے۔ ماسوا ابتداء میں سے اس شعبہ کو کنٹرول کریں۔ خفیہ دشمنوں اور مخالفین سے محتاط رہیں اگر کچھ لوگ آپ کے شدت سے مخالف ہیں تو پھر وہ آپ کے خلاف کوئی نہ کوئی خطرناک حرکت کر سکتے ہیں۔ مذہب کی طرف رجحان رہے گا اور روحانی و مذہبی رجحان رکھنے والے افراد کو حج، عمرہ، زیارت وغیرہ کا موقع ملنے کا امکان ہے۔

11 مئی تا 05 جولائی

اس برج سے متعلق وہ لوگ جو چھوٹے پیمانے پر اپنا ذاتی کاروبار کرتے ہیں یعنی مالک بھی خود اور ملازم بھی خود ان کو چاہیے کہ مکمل تندہی اور توجہ سے اپنا کام کریں کیونکہ اس وقت جو ابتداء اور کامیابی ہوگی وہ آنے والے دنوں میں کئی کامیابیوں کا پیش خیمہ ثابت ہوگی۔ اس برج سے متعلق جو لوگ اعلیٰ تعلیم یا مقابلے کے امتحان وغیرہ میں بیٹھنے کے خواہش مند ہوں گے؟ ان کو اچھی خبریں سننے کو ملیں گی۔ یاد رکھیں آپ کی کوشش اور محنت ضرور رنگ لائے گی۔ انشاء اللہ۔ ایک خاص بات اس برج سے متعلق لوگوں کو یاد رکھنی ہے وہ یہ ہے کہ اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں خصوصاً وہ لوگ جو دل، کمر اور سینے کے امراض سے متاثر ہیں یا ان میں سے کسی کے متاثر ہونے کے خطرے سے دو چار ہیں۔ کئی حوالوں سے ایک اچھا وقت ہے۔ کیریئر اور روزگار کے حوالے سے بہتری کا تسلسل جاری رہے گا اور مالی و مادی حوالے سے کامیابی حاصل ہوگی۔ وہ لوگ جن کو ان کے مخالفین پچھلے کچھ عرصہ سے تنگ کر رہے تھے یا ان کے لیے مسائل کا باعث بنے ہوئے تھے۔ اب ایسا وقت آ رہا ہے کہ آپ ان پر غلبہ حاصل کر سکیں گے اور طویل عرصہ سے جاری کشمکش میں آپ حتمی کامیابی کی جانب بڑھیں گے۔ اس سلسلے میں آپ کو کئی لوگوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ فنون لطیفہ آرٹ اور سیاست سے تعلق رکھنے والے افراد کو معاشرے میں مزید نمایاں مقام اور کامیابی ملے گی۔

05 جولائی تا 23 اگست

اب تک آپ جن مسائل میں الجھے ہوئے تھے زیر بحث وقت میں ان سے نکلنے کے کافی زیادہ امکانات ہیں جاری کو ابھی حالت کئی حوالوں سے حالات میں بہتری اور معاملات کی اصلاح کا باعث ہوگی۔ ذاتی اور افراد خانہ ان کی صحت کے جو مسائل تنگ کر رہے تھے اب اس حوالے سے سکون نصیب ہوگا اور بڑے مسئلے حل ہو جائیں گے۔ عمومی حوالے سے اچھے حالات وواقعات کا سامنا ہوگا اور خوش حالی وسکون ملے گا۔ اعتماد میں اضافہ ہوگا اور ذہنی صلاحیتیں آگے بڑھنے اور اپنے کاموں کو بہتر انداز میں کرنے پر طبیعت مائل ہوگی۔ اس عرصہ کے دوران مالی اور کاروباری حوالے سے بہتر مواقع سامنے آئیں گے۔ وہ لوگ جو ایسے کاموں سے منسلک ہیں جن میں شہرت کا حصول ہوسکتا ہے اُن کو معاشرے میں نام اور مقام بنانے کا موقعہ ملے گا۔ التواء میں پڑے کام مکمل ہونے کی سبیل نکلے گی۔ وہ افراد جو نوکری پیشہ ہیں ان کے اپنے مالکوں یا افسران بالا سے تعلقات میں بہتری آئے گی۔ ذہانت سے اِن تعلقات کو اپنے مفادات کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

23 اگست تا 20 اکتوبر

ذرائع آمدن میں وسعت پیدا ہوگی اور ہر گزرتے دن کے ساتھ مالی معاملات میں بہتری آئے گی۔ نوکری پیشہ افراد کو افسران بالا کے تعاون ومعاونت میں بہتری آئے گی۔ نوکری پیشہ افراد کو افسران بالا کا تعاون و معاونت ملے گی اور کاروباری افراد کو بھی آگے بڑھنے کے لیے مختلف لوگوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ اگر کوشش کی گئی تو یہ ناممکن نہیں کہ آپ کو ایک سے زائد جگہوں سے آمدن ہو یا ذرائع آمدن کی سمتیں بڑھ جائیں۔ ہاں اس ساری بھاگ دوڑ میں اپنی خوراک اور صحت کا خیال رکھیں۔ اِن معاملات میں لاپرواہی یا غیر ذمہ دارانہ رویہ صحت کے مسائل کا شکار کر سکتا ہے۔ آدمی روٹی کے لیے ہی کام کرتا ہے۔ اور جو روزی آپ کی جان اور صحت پر بھاری پڑ جائے اس کا کوئی فائدہ نہیں۔ حصول مکان، پراپرٹی یا کرایہ پر نیا مکان وغیرہ لینے یا دوکان لینے کے حوالے سے اچھا وقت ہے اور ایسی کسی صورت حال سے واسطہ بھی پڑے گا عزیز واقارب کے ساتھ تعلق میں بہتری آئے گی اور باہم میل ملاپ بڑھے گا زرعی زمین کے حاملین کو بھی غیر متوقع فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔

20 اکتوبر تا 11 دسمبر

اس وقت مسائل اور اِن کی نوعیت تبدیل ہو جائے گی تاہم مجموعی طور

پر حالات غیر تسلی بخش اور غیر مطمئن کرنے والے ہی ہوں گے۔ ہاں اس وقت ایک مثبت بات یہ ہے کہ حالات کا دھارا موڑنے کی کچھ نہ کچھ صلاحیت اس وقت فطرت کی طرف سے آپ کو بھی ودیعت کی جائے گی اور وہ آپ کا طرز عمل اور طرز سوچ۔ آپ اگر مضبوط قوت ارادی اور ارتکاز توجہ کے حامل ہیں یا اس کا مظاہرہ اس وقت کر سکتے ہیں تو ہمارے حساب سے حالات کا رخ موڑنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ یوں آپ کے حالات و واقعات پر نظر ڈالی جائے تو حساب سے نظر آتا ہے کہ ذرائع آمدن میں کمی واقع ہوگی۔ روپیہ کا بہاؤ سست ہو جائے گا کہ آمدن کی نسبت اخراجات زیادہ ہوں گے۔ عمومی صحت کے مسائل اپنی جگہ تاہم اس عرصہ کے دوران اگر اس برج کے حاملین کو جلدی یا نروس نیس کے مسائل کا سامنا ہو تو بہتر ہے فوری طور پر علاج پر توجہ دیں کیونکہ اِس حوالے سے اس عرصے کے دوران صحت کے مسائل بڑھ سکتے ہیں۔ اس عرصہ کے دوران ایک بات جس کا خاص طور پر دھیان رکھنا ضروری ہے وہ ہے آپ کے نئے بننے والے تعلقات۔ یعنی یہ تعلقات کس قسم اور طبقہ کے لوگوں سے بن رہے ہیں۔ آپ جس بھی معاشرتی پس منظر کے حامل ہیں ایسے لوگوں سے تعلق جو معاشرتی طور پر آپ سے کم تر ہیں آپ کے لیے فائدہ مند نہ ہوگا۔ اہل خاندان اور حلقہ احباب میں اس وجہ سے آپ کی مخالفت پیدا ہوگی اور شاید کئی حوالوں سے یہ لوگ آپ کے بارے میں غیر محتاط رویہ اختیار کریں۔ سو جو بھی قدم اٹھائیں خوب سوچ سمجھ کر اٹھائیں۔

11 دسمبر تا 31 دسمبر

شعبہ تعلیم اور تعلیم حاصل کرنے والے افراد بھی اپنے اپنے شعبہ میں آگے بڑھ سکیں گے۔ وہ جن کے بچے اعلیٰ تعلیم یا عمر کے ایسے حصے میں ہیں جہاں روزگار کا سلسلہ شروع ہوتا ہے ان کو بھی توقع رکھنی چاہیے کہ ان کے بچے ان کے لیے باعث فخر و سعادت ہوں گے۔ عمومی شہرت اور سوشل تعلقات میں اضافہ ہوگا۔ اس عرصہ کے دوران ملے جلے احکام سامنے آتے ہیں۔ صحت اور بیرون ملک سفر ایسے امور ہیں جن کے بارے میں کسی بھی طرح لاپرواہی کو اختیار نہیں کرنا چاہیے۔ صحت کے نئے مسائل تو اتنے زیادہ نہیں ہوں گے جتنا خطرہ یہ ہے کہ وہ لوگ جو پہلے سے کسی نہ کسی مرض میں گرفتار ہیں ان کو لاحق مرض شدت پکڑے یا مزید خرابی کا باعث بنے۔ اسی طرح بیرون ملک جانے والے افراد جلد بازی میں ایسے ایجنٹ کو رقم دے سکتے ہیں جو کام نہ کروا سکے اور پھر رقم کے لین دین کا مسئلہ بنا رہے۔ یا یہ بھی ہوسکتا ہے جن کاغذات پر سفر کرنا چاہ رہے ہیں یہ مشکوک ہوں اور اس وجہ سے متعلقہ مسائل کا شکار رہوں۔ ان امور کے علاوہ مالی و مادی حوالے سے معاملات ٹھیک رہیں گے۔ جس ڈگر پر چل رہے ہیں چلتے رہیں اچھی آمدن ہوگی۔ جو افراد اس عرصہ میں نیا کام شروع کرنا چاہتے ہیں کر سکتے ہیں کامیاب رہیں گے۔ نوکری پیشہ افراد کے لیے بھی موزوں وقت ہے اور ان کو بھی کچھ نہ کچھ فوائد ملنے کی توقع کرنی چاہیے۔

مکر

جدی

یکم جنوری تا 3 مارچ

اس وقت سب سے اہم بات یہ ہے کہ اپنے مزاج پر قابو پائیں۔ غیر محتاط رویہ جلد بازی اور دوسروں کے ساتھ تناؤ کی کیفیت قائم کرنے جیسے امور کی طرف طبع مائل رہے گی۔ بات بے بات آنکھیں نکالنے اور دماغ کی گرمی باہر نکالنے کی ضرورت نہیں۔ اس وقت روزگار اور عمومی زندگی کے حوالے سے کسی لالچی رویہ کا اظہار نہ کریں۔ یہ رویہ ناکامیابی اور مسائل کا شکار کردے گا۔ ضرورت سے زیادہ خوداعتمادی بھی درست نہیں۔ خاندانی زندگی اور کام کرنے کا ماحول، ہردو جگہوں پر مسائل کا سامنا ہوگا اور چھوٹی موٹی تو تو چلتی رہے گی۔ مخالفین سر اٹھانے کی کوشش کریں گے اور جزوی طور پر کامیاب بھی رہیں گے۔ اس کے علاوہ صحت کے مسائل سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے۔ سو چھوٹے چھوٹے امراض سے صرف نظر نہ کریں۔ یہی آثار آگے چل کر بڑے مسائل و امراض کی وجوہات ثابت ہوں گے۔

3 مارچ تا 21 مارچ

ایک ایسا وقت ہے جو خوشی اور غمی، کامیابی اور ناکامی کو بیک وقت ظاہر کرتا ہے یعنی اس وقت کئی کاموں میں آپ کو کامیابی حاصل ہوگی اور کئی ایک میں ناکامیاں التواء کا سامنا بھی ہوگا۔ حکومتی اور افسران بالا سے متعلق لوگ آپ کی بات کو اہمیت دیں گے۔ تاہم دوسرے شعبوں میں رکاوٹ در آئے گی۔ اس عرصے کے دوران خرابی صحت خصوصاً سر درد، بخار اور آنکھوں کے امراض سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ تمام چھوٹے موٹے مسائل کے باوجود یہ کہا جاسکتا ہے کہ اگر آپ نے قوت ارادی کا مظاہرہ کیا اور مشکلات پر قابو پانے کی اپنی سعی کی اور اپنے آپ کو خراب حالات کے سپرد نہ کردیا تو آپ کے بچاؤ اور بہتری کے امکانات ضرور پیدا ہوں گے۔

21 مارچ تا 20 اپریل

مجموعی طور پر اچھا وقت ہے۔ بعض معاملات میں اتار چڑھاؤ کا سامنا ہوگا تاہم مایوس ہونے کی ضرورت نہیں۔ کوئی بھی پریشانی جو آئے گی وہ صرف اور صرف وقتی ہوگی۔ پچھلے کچھ عرصہ سے اچھے حالات و واقعات سے گزر رہے تھے۔ تاہم اب جو وقت ہے اس وقت محتاط رویہ اختیار کریں۔ خاص طور پر لوگوں کے ساتھ لین دین کرنے، معاملات طے کرنے اور گفتگو کرتے ہوئے اپنے مزاج کو کنٹرول میں رکھیں اگر ایسا نہ کیا گیا تو پہلے تناؤ پھر غصہ اور پھر ہاتھا پائی کی نوبت آسکتی ہے۔ اگر معاملہ زیادہ بڑھا تو جسمانی طور پر بھی متاثر ہوسکتے ہیں۔ وہ لوگ جو مزمن امراض کا شکار ہیں وہ محتاط رہیں ان کے اپریشن یا مرض میں بڑھوتری کا خطرہ ہے۔ شان و شوکت کو قائم رکھنے کے لیے روپیہ کا استعمال کرنا چاہیں گے۔ گو ہم اس کا مشورہ نہیں دیتے کیونکہ حاصل کچھ نہ ہوگا۔ وراثت، خاندانی جائیداد اور ایسے معاملات پر خصوصی توجہ دیں۔ پراپرٹی وغیرہ کی خرید و فروخت نہ کریں۔ مالی معاملات میں اتار چڑھاؤ رہے گا اس لیے کسی بھی فرد سے کسی بھی خاص دن یا وقت تک ادائیگی کا وعدہ نہ کریں ورنہ پشیمانی اٹھانی پڑ سکتی ہے۔ مالی امداد اور مادی حوالے سے کئی قسم کے فوائد کا حصول نظر آتا ہے۔ وہ لوگ جو کسی بھی نوعیت کا ذاتی کام یا بزنس وغیرہ کرتے ہیں ان کو خاص طور پر آگے بڑھنے اور کامیابی حاصل کرنے کے مواقع ملیں گے۔ افراد خانہ معاملات زندگی میں مددگار ہوں گے۔ تاہم آسودگی کے عرصے کے دوران اپنی شریک حیات کی صحت کا خاص دھیان رکھیں۔ کسی بھی بیماری کی صورت میں فوری طور پر ماہر طبیب سے رجوع کریں ورنہ معاملات بگڑ بھی سکتے ہیں۔

20 اپریل تا 11 مئی

اس عرصہ میں ادھار کسی کو نہ دیں واپسی نہ ہو گی۔ اپنی صحت کا خیال رکھیں موسمی اثرات سے متاثر ہوں گے۔ جاری وقت کے حوالے سے ہمارا خاص مشورہ یہ ہے کہ اپنے روزمرہ امور اور معاملات میں ٹھہراؤ پیدا کریں۔ جتنا آپ کا مزاج اور آپ کی زبان آپ کے کنٹرول میں ہو گی اتنا ہی معاملات میں بہتری کی اُمید ہے بصورت دیگر آپ سمجھ جائیں گے کہ آپ کے ساتھ کیا ہو گا۔ اس عرصہ کے دوران اگر مزاج پر قابو نہ پایا گیا تو لڑائی جھگڑے اور ایسے دیگر مسائل کا شکار ہو سکتے ہیں۔ ہمارا مشورہ ہے معاملات زندگی کا کوئی بھی پہلو ہو یعنی لوگوں سے گفتگو سے لے کر سڑک پار کرنا یا گاڑی چلانا، محتاط رہیں ورنہ چوٹ اور حادثہ ہونا لازم ہے۔ کاروباری اور مالی معاملات کے حوالے سے زیادہ خوشگوار حالات نظر نہیں آتے سو معاملات کو کچھ عرصہ کے لیے التواء میں پڑا رہنے دیں اور جلد بازی کی بجائے سمجھ داری سے کام لیں۔

11 مئی تا 05 جولائی

جو لوگ تعلیمی شعبے سے کسی طرح منسلک ہیں یا اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں یا حصول تعلیم کے لیے بیرون ملک جانے کے خواہش مند ہیں اِن کو اس وقت اچھے مواقع ملیں گے۔ وہ لوگ جو بانڈ نمبروں اور ریس وغیرہ جیسے کاموں میں پیشہ وارانہ بنیادوں پر ملوث ہیں اِن کے لیے اچھا وقت ہے۔ سمجھ داری سے کام لیتے ہوئے کافی آمدن ہو سکتی ہے۔ تاہم وہ جو شوقین ہیں اور تجربہ نہیں رکھتے وہ باز رہیں اِن کو فائدہ نہ ہو گا۔ اس عرصہ کے دوران اپنی کھانے پینے کی عادات اور دیگر معاملات پر نظر رکھیں۔ ضرورت سے زیادہ کھانا چائے، سگریٹ اور نشہ آور اشیاء کا استعمال عام حالات میں بھی نہ ہو۔ تاہم اس وقت خاص طور پر یہ سب کچھ آپ کی صحت کے لیے غیر مفید اور حد درجہ نقصان دہ ثابت ہو گا اور آپ کو بیماری کی شکل میں بے قاعدگی کی زکوۃ دینا ہو گی۔ اس عرصہ کے دوران سیر و تفریح کے مواقع ملیں گے تاہم سیر و تفریح میں مزاح کو ایک حد کے اندر رکھیں۔

05 جولائی تا 23 اگست

اخراجات میں ہونے والا اضافہ آپ کو تنگ کرے گا۔ اس کا مطلب آمدن میں کمی نہیں بلکہ مختلف امور میں ہونے والے فالتو اخراجات یا غیر ضروری تعلقات و خریداری کے باعث مالی پریشانی در آئے گی۔ سو اس سے بچیں۔ افراد خانہ میں خاص طور پر بچوں کی صحت کا دھیان رکھیں، بیماری کا خطرہ ہے۔ وہ نوکری پیشہ افراد جن کو بطور سزا موجودہ جگہ سے دوسری جگہ یا شہر ٹرانسفر کیا جاتا ہے وہ بھی سخت خطرے میں ہیں، بہت ممکن ہے مخالفین اس میں کامیاب ہو جائیں۔ وہ جو بیرون ملک جانے کے خواہش مند ہیں اس عرصہ میں کوشش کریں۔ معاملات کے آگے بڑھنے کی صورت نظر آتی ہے۔ گھر یا گاڑی کی مرمت یا خوبصورتی کے حوالے سے کوشش کرتے نظر آتے ہیں۔

23 اگست تا 20 اکتوبر

شریک حیات کے ساتھ تعلق میں بگاڑ اور بحث مباحثہ بڑھ جائے گا جو کسی بھی صورت ازدواجی اور گھریلو زندگی کے لیے بہتر نہیں ہے۔ کوشش کریں کہ زیادہ بحث میں نہ پڑیں گو آپ کی شریک حیات کی کوشش یا خواہش بھی ایسی ہی ہو گی سو اب یہ آپ پر ہے کہ آپ کیا طرز عمل اختیار کرتے ہیں۔ وہ لوگ جو بانڈ نمبرز یا ایسے دیگر ذرائع آمدن میں دلچسپی رکھتے ہیں اِن کو اس وقت غیر محتاط ہو کر روپیہ نہیں لگانا چاہیے۔ کم سے کم خرچ کریں یہی بہتر پالیسی اس وقت کی ہے۔ بچوں کی صحت اور دیگر معاملات پر توجہ دیں۔ صاحب اولاد افراد کو ایسے مسائل پیش آئیں گے جو آپ کے مزاج پر گراں گزر سکتے ہیں۔ یہ حالات پڑھنے والا اگر طالب علم ہے کسی بھی شعبہ کا، تو ذہن میں ڈال لے کہ بے توجہی اور لاپرواہی ویسے بھی بری ہوتی ہے اور اب حالات ہی ایسے ہیں کہ معمولی سی غلطی بھی تعلیمی سلسلے میں رکاوٹ اور مسائل لائے گی۔ باقی اپنی عقل سے بھی کام لیں۔ اس عرصہ کے دوران کھانے پینے اور خوش خوراکی کے زیادہ مظاہروں کی ضرورت نہیں ورنہ معدہ جواب دے دے گا اور ہضم سے متعلق مسائل پیدا ہوں گے۔

20 اکتوبر تا 11 دسمبر

پہلے کی نسبت اب آپ کے مخالفین آپ کے خلاف زیادہ سرگرم ہوں گے اور اس پوزیشن میں بھی ہوں گے کہ آپ کو نقصان پہنچا سکیں۔ سو اس حوالے سے کسی لاپرواہی کا مظاہرہ نہ کریں۔ بلکہ مکمل دھیان رکھیں کہ مخالفین کیا چال چل رہے ہیں؟ وہ لوگ جو تاجرانہ ذہن رکھتے ہیں اُن کو اس عرصے میں زیادہ فائدہ ہو گا البتہ وہ لوگ جو اشیا بنانے یا کارخانے وغیرہ جیسے کام کر رہے ہیں اِن کو نسبتاً کم فوائد ہوں گے۔ یعنی ایک ہاتھ سے مال خرید کر دوسرے ہاتھ

بقیہ صفحہ نمبر 54 پر

یکم جنوری تا 3 مارچ

پیشہ ورانہ حوالے سے سفر کرنا پڑے تو ضرور کریں یہ باعث برکت و کامیابی ہوگا۔ عاشق مزاج لوگوں کو اس عرصہ میں عاشقی کے چانس ملنے کا بھی امکان ہے تاہم ایسے تعلقات کو فوری طور پر ازدواجی بندھن میں تبدیل نہ کریں بلکہ کچھ دیر انتظار کریں کہ اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے اور آپ دونوں کے درمیان ہم آہنگی کی سطح کیا ہے؟ فوری فیصلہ مناسب نہ ہے۔ یہی ہمارا مشورہ ہے حالانکہ عاشق کسی کے مشورہ پر زیادہ توجہ نہیں دیتے پھر بھی ہم نے اپنی رائے کا اظہار کر دیا ہے۔ کامیابی کا عمومی تسلسل جاری و ساری رہے گا۔ بچوں کے حوالے سے اوپر جو سطور تحریر کی گئی ہیں اس ماہ کے لیے ان کو بھی شامل تحریر خیال کریں۔ باقی مادی و مالی لحاظ سے خوش قسمت وقت ہے۔ عام طور پر جس بھی کام میں ہاتھ ڈالیں گے اس میں کامیابی ہوتی نظر آتی ہے۔ ماسوائے یہ کہ بلاسوچے سمجھے یا جذبات میں آ کر کوئی بے وقوفی نہ کر بیٹھیں۔ انعامی سکیمیں اور بانڈ وغیرہ کھیلنے والوں کے لیے بھی نسبتاً اچھا وقت ہے۔ سیر و تفریح اور دوستوں کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے اور گھومنے کے مواقع ملیں گے اور زندگی کی خوشیوں سے لطف اندوز ہوں گے۔

3 مارچ تا 21 مارچ

کاروباری افراد کو ملازمین کے ذریعے مفاد کا حصول ہوگا اور ایسے ملازم دستیاب ہوں گے جو باعث سعادت و نفع ہوں۔ پیشہ ورانہ معاملات کے حوالے سے ایک مثبت وقت ہے۔ آپ کا تعلق جس بھی شعبے سے ہو اس میں کامیابی کا واضح امکان ہے۔ نوکری پیشہ افراد کے لیے بھی اچھا وقت ہے۔ اور وہ جو نئی نوکری یا تبدیلی ملازمت وغیرہ کا سوچ رہے تھے اِن کو اس وقت اچھا چانس ملے گا۔ وہ لوگ جو آمادہ دشمنی تھے اب اِن کے مغلوب ہونے اور آپ کے غالب ہونے کا وقت ہے اس برج سے متعلق جو لوگ قانونی و عدالتی کارروائی کا شکار ہیں اِن کو اس سے نکلنے کے لیے کوئی نہ کوئی راستہ میسر آ سکتا ہے۔ تاہم اِن خوشیوں میں خاندان کے بڑی عمر کے افراد کی صحت کا خیال رکھیں اور بیماری کی صورت میں توجہ سے علاج کروائیں۔ ملازمت کی تلاش میں سرگرداں افراد کے لیے نسبتاً بہتر وقت ہے اور توقع ہے کہ روزگار کے اسباب مہیا ہوں گے۔ انسانی حوالے سے اپنی محنت اور کوشش میں کمی نہ چھوڑیں۔ بالیقین اللہ بہتری فرمائے گا۔

21 مارچ تا 20 اپریل

اسی طرح صحت ایک اور ایسا امر ہے جس کے بارے میں آپ کو ہمہ وقت سنجیدہ طرز عمل اختیار کرنا چاہیے۔ بصورت دیگر موسمی اثرات سے متاثر ہونا اور خرابی صحت کا شکار ہونا بالکل معمولی بات ہو گی۔ دمہ، جوڑوں کا درد اور کھانسی وغیرہ کا شکار رہنے والے خاص طور پر محتاط رہیں۔ چھوٹے بچوں کا خاص خیال رکھیں اِن کے زیادہ متاثر ہونے کا امکان ہے۔ وہ لوگ جو کاروبار کرتے ہیں یا جن کی نوکری میں ترقی رکی ہوئی ہے اِن کے لیے عمدہ چانس نظر آتے ہیں۔ کامیابی اور مادی خوشحالی نظر آ رہی ہے۔ اِن کو چاہیے کہ حصول مقصد کے لیے اپنی کوشش کو تیز تر کر دیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ تاکہ زیادہ سے زیادہ مثبت نتائج کا حصول ہو سکے۔ کئی حوالوں سے یہ ایک مثبت وقت ہے اور کئی حوالوں سے محتاط اور مشکل حالات و واقعات کا مظہر وقت۔ سو کہا جا سکتا ہے کہ یہ وقت اچھے برے دونوں طرح کے حالات لے کر آئے گا۔ اس وقت وہ لوگ خاص طور پر محتاط رہیں جو چانس اور اتفاق اور

انعامی طریقوں سے آمدن میں اضافے کا سوچتے ہیں۔ اِن حوالوں سے غیر معمولی آمدن کا حصول ممکن نہ ہوگا۔ بلکہ ایسے تمام کاروبار اور مواقع جو تدبیر کی بجائے چانس کے تحت آتے ہیں وہاں بھی کامیابی ہوتی نظر نہیں آتی۔ اگر کوئی وقتی کامیابی ملی بھی تو جلد ہی کمایا ہوا روپیہ ضائع ہو جائے گا۔

20 اپریل تا 11 مئی

رشتہ داروں کے ساتھ معاملات میں تیزی و تندی کا عنصر در آئے گا۔ اختلاف پیدا ہوں گے اور کئی مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ضد اور اپنے آپ کو بحث کے ذریعے حق پر ثابت کرنا مفید نہ ہوگا۔ خاص طور پر شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اتار چڑھاؤ رہے گا اور زیادہ توقعات وابستہ کرنا مایوسی کا باعث ہوگا۔ اس وقت کوشش کریں کہ زیادہ میل ملاقات اور تیزی کے ساتھ معاملات کو حل کرنے کی بجائے ڈپلومیسی سے کام لیں، جذبات کو کنٹرول میں رکھیں۔ سفر نہ کریں زیادہ تر سفر مایوسی اور ناکامی کا باعث ہوں گے۔ پیش آمدہ حالات و واقعات بہت ممکن ہے آپ کی صحت پر منفی اثر ڈالیں اور تناؤ، نفسیاتی اور دیگر امراض یا مسائل کا شکار ہو سکتے ہیں۔ کوشش کریں کہ غصہ اور تناؤ کنٹرول سے باہر نہ ہو یہ آپ کی صحت اور معاملات دونوں کے لیے بہتر رویہ ہے۔

11 مئی تا 05 جولائی

اس عرصہ کے دوران نیا گھر لینے، گاڑی تبدیل کرنے یا گھر کی تعمیر وغیرہ میں نہ پڑیں۔ جائیداد کی خرید و فروخت بھی نہ کریں۔ اس وقت ان معاملات میں کام کرنا مستقبل میں اچھے نتائج نہ لائے گا۔ افراد خانہ سے زیادہ مباحثہ نہ کریں۔ اس وقت تمام ایسے کام جو رسک لینے کے زمرے میں آتے ہیں اِن سے دور رہیں۔ اس میں تیز گاڑی یا موٹر سائیکل وغیرہ چلانے سے لے کر شیئرز یا جوا یا نمبروں وغیرہ کے سب معاملات شامل ہیں۔ اگر ایسا کیا تو پھر اس کا رزلٹ جلد ہی مل جانے کا زیادہ انتظار نہیں کرنا پڑے گا اور یہ کچھ اچھا بھی نہ ہوگا۔ اس عرصہ کے دوران صحت کے مسائل میں اضافہ ہوگا اور اب آپ اکیلے نہ رہیں گے بلکہ توقع ہے خاندان میں سے کوئی اور بھی صحت کے مسائل و امراض کا شکار ہوگا۔ سو اس حوالے سے محتاط رہیں اور خرابی صحت کو طوالت اختیار نہ کرنے دیں۔ جیسے ہی کوئی متاثر ہو فوری طور پر اس کے علاج معالجہ پر توجہ دیں۔ یہی آپ کے لیے اور یہی دوسرے مریض کے لیے موزوں ہے۔

05 جولائی تا 23 اگست

گھر اور گھر سے باہر عزت و وقار میں اضافہ ہوگا۔ شادی شدہ افراد کو ازدواجی حوالے سے خوشگوار ماحول میسر ہوگا اور خاندانی خوشیاں نصیب ہوں گی۔ اس برج سے متعلق وہ لوگ جو مختلف امراض کا شکار تھے۔ اب وقت ہے کہ اچھے ڈاکٹر کے علاج سے صحت یاب ہوں گے۔ بڑے بہن بھائی فوائد کا باعث ہوں گے۔ ہمسایوں کے ساتھ تعلق میں تناؤ آسکتا ہے۔ ایک ایسا وقت جو کئی حوالوں سے سعادت کا مظہر ہوگا۔ انسان کے دل و دماغ میں کئی ایک خواہشات براجمان ہوتی ہیں اور یہ وقت نجومی لحاظ سے ایسا ہے جو ظاہر کرتا ہے کہ اس وقت آپ کی کوئی نہ کوئی حقیقی خواہش ضرور پوری ہوگی۔ عمومی لحاظ سے دیکھا جائے تو مالی و مادی حوالے سے اچھا وقت ہے، مالی آسودگی اور خوشحالی کا حصول ہوگا۔ وہ لوگ جو پیشہ ورانہ بنیادوں پر کام کرتے ہیں وہ اپنے اپنے پیشے میں نام کمائیں گے۔ میڈیا اور ایسے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو شہرت اور نام ملے گا۔ حلقہ احباب میں وسعت ہو گی اور مختلف لوگوں کے ساتھ تعلقات اور مجالس کا موقعہ ملے گا۔

23 اگست تا 20 اکتوبر

اس عرصہ کے دوران اسٹاک اور رسک لینے والے ایسے دوسرے کاموں سے دور رہیں۔ ہمارے حساب کے مطابق ان سے فائدہ ہوتا نظر نہیں آرہا۔ والدہ کی طبیعت کی خرابی سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ قدیم اور غیر آباد مقامات پر بالکل نہ جائیں چاہے یہ کاروباری مقاصد کے تحت ہو چاہے سیر و تفریح کے، فی الحال اس طرف رخ کرنا مناسب نہیں۔ بچوں کا دھیان رکھیں اِن سے متعلق مسائل بھی سامنے آسکتے ہیں۔ خبردار، محتاط یہ وقت ایسا ہے جیسا کہ آپ ایک استاد کے زیر نگرانی ہوں جو لحہ بہ لحہ آپ کی نگرانی پوری تندہی اور سختی کے ساتھ کر رہا ہے کہ شائد یہی وہ وقت پورے سال کا ہے جب آپ کے لالچ اور زیادہ سے زیادہ مادی فوائد کے حصول کا جذبہ پورے عروج پر ہوگا۔ ایک طرف زمین بلڈنگ اور زراعت جیسے امور سے فائدہ ہوتا نظر آتا ہے۔ کاروباری لحاظ سے اور دوسری طرف خاندانی اور ذاتی جائداد اور زمین وغیرہ کے حوالے سے مسائل سر اٹھاتے نظر آتے ہیں بلکہ یہ کہا جائے تو عملی طور پر غلط نہ ہوگا کہ ذاتی حوالے سے جہاں آپ کمزور ہوئے وہاں آپ کو زک اٹھانی پڑے گی۔ اس عرصے کے دوران ذہنی دباؤ اور مزاج کی تندی کا شکار ہوں گے۔ بہت ممکن ہے آپ کے برج کے بہت سے لوگوں کو رہائش کی تبدیلی وغیرہ جیسے مسائل بھی آگھیریں۔ گھریلو اور خاندانی

حوالے سے یہ وقت مسائل پیدا کرنے والی مشین کے طور پر کام کرے گا۔ اس وقت سے کامیابی سے گزرنے کا واحد راستہ تحمل اور محتاط رویہ ہے۔ جلد بازی اور خودسری کسی طور پر کام نہ آئے گی۔

20 اکتوبر تا 11 دسمبر

یہ وقت پچھلے حالات میں مثبت تبدیلی کا اشارہ دے رہا ہے۔ اب تک جو مسائل درپیش تھے اب اِن میں آسودگی کے اسباب پیدا ہوں گے اور اللہ کی مدد سے بہت سے معاملات میں بہتری آئے گی۔ گو کچھ شعبوں میں مسائل کا سامنا بھی ہوگا مگر یہ سب کچھ کنٹرول ہو سکے گا بشرطیکہ آپ ہمت سے کام لیں۔ منفی حوالے سے دیکھیں تو اس عرصہ کے دوران آپ کے مخالفین آپ کے خلاف اپنی سی چالیں چلنے کی کوشش کریں گے، آپ کے دفتری ساتھی اور کاروباری لوگوں کے ملازم مطلوبہ نتائج نہیں لاسکیں گے اور آپ اِن کی کارکردگی سے نقصان اور تکلیف اٹھائیں گے۔ تاہم اِن مسائل کے باوجود کئی شعبوں میں مثبت حالات بھی نظر آتے ہیں۔ خاص طور پر اس عرصہ میں آپ کا رجحان دین / مذہب کی طرف زیادہ ہوگا، اللہ کی خوشنودی کے لیے کام کریں گے اور حج عمرہ یا زیارت وغیرہ پر بھی جا سکتے ہیں۔ کاروباری حوالے یا تعلیم یا نوکری کے لیے بیرون ملک جانے کے خواہشمند بھی اس وقت قسمت آزمائی کر سکتے ہیں۔ وہ لوگ جو ادب یا تحریر و تقریر کے کاموں سے کسی بھی طرح متعلق ہیں۔ ان کو بھی خصوصی طور پر اپنے اپنے شعبوں میں کامیابی ملے گی۔

11 دسمبر تا 31 دسمبر

اس وقت ہمارا مشورہ ہے کہ اپنی تمام تر توجہ اپنے معاملات کی طرف مبذول کریں۔ کیونکہ نسبتاً سنجیدہ رویہ ہی حالات میں بہتری لانے کا باعث ہوگا۔ اس عرصہ کے دوران اپنے اخراجات اور آمدن میں توازن قائم کرنا ضروری ہوگا بصورت دیگر اس حوالے سے مسائل سامنے آئیں گے کیونکہ صرف اخراجات ہی نہ بڑھیں گے بلکہ آمدن کے ذرائع بھی سکڑتے ہوئے محسوس ہوں گے۔ اس عرصہ کے دوران اس برج سے متعلق وہ خواتین و حضرات جو جدید اور آزاد خیال ذہن کے مالک ہیں وہ جنس مخالف سے تعلق کے حوالے سے محتاط رہیں" خاص طور پر مرد حضرات کیونکہ بدنامی یا غیر معمولی خرچہ کے علاوہ اس معاملہ میں کچھ اِن کی قسمت میں نہ ہوگا۔ صحت کے امر پر خاص دھیان رکھیں۔ خصوصیت کے ساتھ آنکھوں اور بداحتیاطی کی وجہ سے لاحق ہونے والے امراض سے خطرہ ہو سکتا ہے۔

نظر لگنا

وہ بچے یا بڑے جن کو نظر لگ جاتی ہو یا عام طور پر معصوم چہرے والے یا خوبصورت شکل وصورت کے بچے یا اچھی عادات واطوار کے حامل بچے یا زیادہ پڑھنے والے یا اچھی کمائی کرنے والے یا ایسی ہی کسی دیگر خوبی کے باعث نظر سے متاثر ہونے والی بڑے چھوٹوں، لڑکے لڑکیوں ب اور بچوں کو کالے رنگ کے **اونکیس** کا استعمال کرنا چاہیے۔ نظر کے علاج کے لیے مفید اور موثر سحری جوہر ہے۔

یکم جنوری تا 3 مارچ

جنس مخالف کے ساتھ تعلق اور رجحان کی نشاندہی بھی ہوتی ہے تاہم اپنی اپنی عمر کے مطابق یہ کام کریں یعنی یہ جوان لوگوں کے لیے حکم ہے ہر کوئی اس کو اپنے لیے خیال نہ کرے۔ افراد خانہ کے ساتھ مل کر تفریح کرنے کا موقع بھی ملے گا۔ یہ اس لحاظ سے اچھا وقت ہے کہ زندگی میں جو چھوٹے موٹے مسائل آرہے تھے ان میں کسی نہ کسی حوالے سے آرام ملنا شروع ہو جائے گی۔ زندگی میں ایسی کامیابیاں ملیں گی جو آپ کے معاشرتی مقام و مرتبہ کو بڑھائیں گی۔ زندگی میں خوشیاں اور کامیابیاں در آئیں گی اور گھر میں کسی فرد کی شادی یا اولاد بھی متوقع ہے۔ گھر کو بنانے سنوارنے کا شوق پیدا ہوگا اور اچھا بھی ہے جب اللہ نے دیا ہے تو اس کو خرچ بھی کرنا چاہیے۔ وہ لوگ جو گھر بنانا چاہ رہے تھے یا تبدیل کرنے کے خواہشمند تھے یا تبدیلی رہائش کا سوچ رہے تھے تو اب خوش ہو جائیں ان کو اس حوالے سے ضرور اللہ کے فضل سے کامیابی حاصل ہوگی۔

3 مارچ تا 21 مارچ

یہ وقت سفر کا اشارہ دے رہا ہے خاص طور پر جن افراد کو روزگار یا کام کے حوالے سے سفر کرنا پڑے ضرور ایسا کریں۔ مکمل منصوبہ بندی کو ذہن میں رکھ کر چلیں تو توقع ہے اپنے مقاصد میں کامیاب رہیں گے۔ اس عرصہ میں اخراجات اور آمدن میں توازن ایک بڑا سوال بن کر آپ کے سامنے آئے گا۔ آمدن سے خرچ نسبتاً زیادہ ہوگا۔ ریس اور جوا وغیرہ میں روپیہ خوب سوچ سمجھ کر اور کم سے کم مقدار میں لگائیں۔ زیادہ روپے کا استعمال موثر نہ ہو گا اور نقصان کا زیادہ خطرہ ہوگا۔ چھوٹے بچوں کی صحت اور بڑوں کے روزگار وغیرہ کے مسائل اُبھر کر سامنے آئیں گے۔ دوستوں اور تفریحی مقاصد کے حوالے سے ساتھ اُٹھنے بیٹھنے والے افراد کے ساتھ بدمزگی پیدا ہو سکتی ہے۔ شریک کار کے ساتھ یا دوسرے لوگوں کے ساتھ روپے کے لین دین کے معاملات میں بدمزگی پیدا ہوگی۔

21 مارچ تا 20 اپریل

آسیب دیو و پری اور جن سحر و جادو ہر کسی عامل اور جھاڑ پھونک تعویذ گنڈا کرنے والوں کے علاج معالجہ سے آرام ہونا امر محال ہے۔ خصلت دیو و پری جن و بھوت کی ایسی ہے کہ اصل جان ان کی وجود ظاہری یعنی انسان کے بدن میں ظاہر طور سے معلوم نہیں ہوا کرتی۔ اور ایسے ہی جادو ہے کہ اس کی علامتوں سے پہچاننے والے پہچان سکتے ہیں سبب اس کا نہیں معلوم ہو سکتا۔ کسی کے مارنے کے واسطے جادو کیا جاتا ہے تو اس کی چوکی اُڑائی جاتی ہے اور بیمار کیے جانے کے لیے طلسم تیار کیا جاتا ہے وہ کنڈئیں اور پہاڑوں دریاؤں جنگلوں اور کوقاف وقعر سمندر میں ڈالا جاتا ہے۔ تو بیماری لقوہ، فالج اور ایسی ہی اور بیماری سردی یعنی ہاتھ پاؤں میں درد مونڈھوں اور کندھوں میں بھاری پن ہوا کرتا ہے اور جو پتلا بنا کر زمین میں گاڑا جاتا ہے یا ہوا میں لٹکایا جاتا ہے جس کے نام پر یہ عمل کیا ہوتا ہے اس کو بیماری ہول دلی، خفقان، مالیخولیا کی ہوجاتی ہے۔ وحشت زدہ اور مجنونی جیسا پھرا کرتا ہے اپنی نظر سے بیمار کو خود تکلیف اور ایذا پہنچتی ہے۔ جو عامل ناتجربہ کار ہوتا اور وہ اپنے زعم میں حاضرات اور فتیلہ وغیرہ کے ذریعہ ان کو حاضر کر لیتے اور تلوار سے مار ڈالتے ہیں تو اس سے جو کچھ قطرے زمین پر گرتے ہیں اُن ہر ایک قطروں سے ایک ایک ملعون اُسی ملعون کی صورت کا پیدا ہوجاتا ہے اور جو عامل کامل ہوتے ہیں وہ موکلوں کے ذریعے یا حاضرات کر کے جنون اور بادشاہ جنات وغیرہ کو پکڑ کر جلا دیتے ہیں۔ تو بیماری ہر اک بیمار کی رفع ہوجاتی ہے مگر یہ کام بڑے عامل کامل فقیر زبردست صاحب باطن و صاحب کشف کا ہے کہ اپنے کشف کے ذریعہ حال اس ملعون سے معلوم کر کے موکلوں کے زور سے بادشاہ جنات و پریاں، دیو و ساحران و جادوگران معلوم کر لیا کرتے ہیں کہ طلسم ان ملعونوں کا فلاں جگہ گرا ہوا ہے یا فلاں کوئیں اور ندی یا دریا میں پڑا ہوا ہے پس وہ عامل کامل اُسی جگہ سے اگر زمین میں گڑا ہوگا تو اُکھاڑ کر اسی جگہ سے دکھا دیں گے دریا میں ہوگا تو دریا میں سے نکال کر ظاہر کرا دیں گے۔

عامل کامل ایسے مریضوں کا علاج اسم اعظم کے ذریعہ سے کیا کرتے ہیں۔ اسم اعظم کی برکت سے موکل اس کے اس طلسم کو توڑ دیا کرتے ہیں اور ملعون جل کر خاک ہوجاتے ہیں اور موکلوں کو حکم دیا جاتا ہے کہ خاک اس کی دریائے شور میں ڈال آؤ تا کہ نشان باقی نہ رہے۔

جبکہ ڈورہ بارہ اُنگل یا چودہ انگل کم ہو اُس پر آسیب غول بیابانی سمجھنا چاہیے یہ آسیب بہت کم ہوتا ہے پہچان ایسے بیمار کی ہے کہ مریض ہر وقت خاموش رہے اور کسی سے بات کرنا پسند نہ کرے نہ پانی پیئے نہ کھانا کھاتا ہے اگر کھائے تو مٹی زمین کی یا پتے درخت خشک و تر کے اور کبھی آواز دیتا ہے جیسے آواز ہاتھی یا اونٹ، گھوڑے و گدھے کی گیدڑ و ریچھ وحشی درندوں و پرندوں و سانپ کی۔

جب کہ لشکر غول بیابانی کا نکلتا ہے تو آندھی سُرخ آیا کرتی آسمان بھی سُرخ ہوجاتا۔ آفتاب دکھائی نہیں دیتا۔ ستارے دن میں دکھائی دینے لگتے ہیں تو جان لو کہ اُس وقت لشکر غول بیابانی کا نکلا ہے۔ بچوں اور عورتوں کو اس وقت ضرور بچائے رکھنا چاہیے جو ان کی جھپٹ میں آجاتا ہے حال اس کا ایسا ہوجاتا ہے جیسا کہ اوپر لکھا گیا۔ اس غول بیابانی کا ایک بادشاہ جن ہے اس کا عادل شاہ بیابانی ہے۔ عامل کامل حاضرات کے ذریعہ اس بادشاہ کو بلائے اور کہے فلاں شخص پر آسیب ہے اپنی توجہ سے اس کو دفع کرو بہت جلد وہ مریض تندرست ہوجاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

خالد اسحاق راٹھور

خاتمہ ساڑھ ستی ڈھایہ

نحوست زحل، ساڑھ ستی اور ڈھایہ ایسے معاملات ہیں جن کے بارے میں مختلف قارئین مختلف طریق سے سوال تحریر کرتے رہتے ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ عام آدمی بلکہ کسی پیر فقیر یا عامل کو بھی یہ بات مکمل طور پر سمجھنا مشکل ہے کہ نحوست زحل، ساڑھ ستی اور ڈھایہ کیا ہوتے ہیں اور ان کے بارے میں حتمی فیصلہ کس طرح کیا جا سکتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان اُمور کو سمجھنے کے لیے علم نجوم کی سمجھ ہونا بہت ضروری ہے۔ جو کہ ہمارے ہاں کم لوگوں کو ہے۔ زیادہ تر لوگ بس سنی سنائی پر چلتے ہیں۔ یا کسی سے ایک لفظ سن لیا تو اس کو ہر

ساڑھ ستی اور ڈھایہ کی نحوست سے محفوظ رہنے کا ایک خاص عمل

ایک پر لاگو کر دیا۔ بہر حال ذیل کی سطور میں مختصر طور پر بیان کرتا ہوں تا کہ کسی نہ کسی حد تک ''راہنمائے عملیات'' کے قارئین اِن اُمور سے واقف ہوں۔

نحوست زحل

زحل کو ہمارے ہاں بلا سمجھے ہی نحس خیال کر لیا گیا ہے اور اس کو ہمیشہ ہی بد سے بدتر اثرات دینے والا خیال کیا جاتا ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ جن لوگوں کے زائچوں میں یہ شرف یا اوج کی حالت میں ہوتا ہے یا سعد گھر ہوتا ہے۔ ان کو زندگی میں لاتعداد فوائد بھی دیتا ہے۔

اس کے برعکس جب ہبوط، حضیض وغیرہ یا دشمن کے گھر یا نحس نظر یا نحس گھر کے تحت ہو تو اپنی طاقت کے حساب سے نحوست کا اظہار کرتا ہے۔

وہ قارئین جو اپنے زائچہ کے حوالے سے زحل کے اثرات کا جامع جائزہ حاصل کرنے کے خواہش مند ہوں وہ مقررہ فیس ادا کر کے ادارہ سے یہ معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

ساڑہ ستی

یہ زحل کی وہ حالت ہے جب یہ زائچہ کے بارہویں، پہلے اور دوسرے گھروں میں مسلسل حرکت پذیر رہتا ہے۔ یہ کم و بیش ساڑھے سات سال کا عرصہ بنتا ہے اور اکثر لوگوں پر اس عرصہ میں کافی نحس اثرات واقع ہوتے ہیں۔ عقل کا کام نہ کرنا، کاروبار میں نقصان، تعلیمی ناکامی، غلط فیصلے، خرابی صحت، مقدمات اور لڑائی جھگڑا اور ایسے لاتعداد مسائل سے واسطہ پڑتا ہے۔ اس وجہ سے زحل کا یہ عرصہ انتہائی ناقص تصور کیا جاتا ہے اور اس سارے عرصے اور مسائل کو بیک وقت بیان کرنے کے لیے تکنیکی علامت ''ساڑھ ستی'' استعمال کی جاتی ہے۔

ڈھایہ

مندرجہ بالا ساڑھے سات سال کی بجائے زحل جب ڈھائی سال کے لیے کسی کو متاثر کرتا ہے تو اس عرصہ کو ڈھایہ کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ یاد رہے کہ زحل ایک برج میں ڈھائی سال رہتا ہے۔ جب یہ اپنی نشتی حالت کے باعث کسی گھر میں نحس اثر دیتا ہے تو یہ نحس اثر فرد پر ڈھائی سال تک رہتا ہے اور اس حوالے سے ڈھایہ کہلاتا ہے۔ (نوٹ کر لیں ڈھایہ اور ساڑھ ستی الگ الگ ہیں)۔

ساڑھ ستی 29 سال کے عرصے میں ایک دفعہ آتی ہے جبکہ ڈھایہ تین چار مرتبہ آسکتا ہے۔ اس حوالے سے مکمل اور تفصیلی ذاتی معلومات آپ ادارے سے مقررہ فیس ادا کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔

نحوست زحل کا عملیاتی حل

ذیل کی سطور میں ایک عمل تحریر کر رہا ہوں "راہنمائے عملیات اور خالد روحانی جنتری" کے تمام خریداروں کو اپنی ذات کے لیے اس کو استعمال کرنے کی اجازت ہے۔ عمل قدرے پیچیدہ ہے لیکن ہے موثر' سو دفع نحوست کے لیے تھوڑی سے محنت توجہ کے ساتھ کر لیں۔

خیال رہے کہ بہت سے خواتین و حضرات پورا عمل توجہ سے پڑھے بغیر ہی فون ہاتھ میں پکڑ لیتے ہیں کیونکہ فون کال اتنی سستی ہو گئی ہے کہ روٹی اس کے سامنے مہنگی نظر آتی ہے۔ ایسے تمام خواتین و حضرات فون کی بجائے جوابی خط کے ذریعے رابطہ کریں۔ لیکن مضمون پہلے دو تین دفعہ توجہ سے پڑھ لیں۔ شکریہ۔

عمل یوں ہے۔ نام سائل' نام والدہ سائل ایک سطر میں تحریر کریں۔

دوسری سطر میں یہ اسماء تحریر کریں۔

سلام۔ صمد۔ واسع۔ حمید۔ وکیل۔ سمیع۔ جامع

اور تیسری سطر میں حروف نورانی جو کہ درج ذیل ہیں تحریر کریں۔

"ا' ح' ہ' ط' ی' ک' ل' م' ن' س' ع' ص' ق' ر"

بسط حرفی کرنے کے بعد ان سب کوائف کو ایک سطر میں تحریر کر لیں' یہ آپ کی بنیادی سطر ہے۔ اس کی تکسیر تیار کریں۔ اگر طاق سطور کی تکسیر ہو تو اول سطر' درمیانی سطر اور آخری سطر کو الگ سے لکھ لیں۔ (خیال رہے یہ تین الگ الگ سطور ہوں گی)۔

اگر جفت سطور کی تکسیر ہو تو اول سطر' درمیان سے دو سطور اور آخری سطر کو الگ سے تحریر کر لیں۔ یہ کل چار سطور ہوں گی۔

ان تمام سطور کی جو عددی قیمت ہو اس کو مفرد کر لیں۔

جو مفرد عدد ہو اس کو بنیادی سطر جو کہ عمل کی ابتداء میں بنائی تھی کے ہر حرف کے نیچے لکھتے جائیں۔

جب یہ عمل مکمل ہو جائے تو بنیادی سطر کے ہر حرف کو نیچے تحریر کردہ عدد کے مطابق تبدیل کر دیں۔ مثلاً اگر پہلا حرف "ب" ہے اور اس کے نیچے 2 مفرد عدد تحریر ہے تو اس کا مطلب یہ ہے "ب" سے دوسرا حرف اب "ب" کی جگہ آئے گا۔ یعنی "د"۔ یہ تبدیلی دائرہ قمری کے مطابق ہوگی۔

تبدیلی حروف کے بعد جو نئی سطر وجود میں آئی ہے۔ اس میں جن حروف کی تکرار ہو رہی ہے ان کو ختم کر دیں اور یہ خاتمے کا عمل سطر کے آخر سے شروع کریں۔ اب جو سطر باقی بچی ہے اس کے کل اعداد حاصل کر لیں۔ ان اعداد سے چار نقوش تیار کریں۔

اگر ممکن ہو تو چاندی کے پترے پر ورنہ کاغذ پر تحریر کر لیں۔ نقوش میں چاروں چالیں استعمال ہوں گی۔ بادی' خاکی' آبی اور آتشی۔ ان چاروں چالوں کی مناسبت سے یہ نقوش یا الواح استعمال ہوں گی۔ بادی کسی درخت سے ساتھ لٹکا دیں' خاکی زمین میں دفن کر دیں' آبی پانی میں بہا دیں اور آتشی کسی اونچی جگہ ننگے آسمان کے نیچے کسی وزن کے نیچے رکھ دیں۔ جگہ ایسی ہو جہاں دھوپ لازم آتی ہو۔

مضمون کے آخر میں دی گئی چالوں میں سے بادی چال کے حساب سے ایک لوح چاندی پر کندہ کریں اور یہ سائل اپنے پاس رکھے۔

عمل میں جو اسمائے الٰہی استعمال ہوئے ہیں ان کو نقش کے اعداد کی تعداد میں روزانہ پڑھنا ہے۔ اگر طوالت عمل کے باعث یہ ممکن نہ ہو تو اعداد کی عددی قیمت کو باہم جمع کر کے مفرد عدد حاصل کر لیں اور اتنے سو دفعہ ان اسماء کو پڑھ لیں۔

صدقہ

ہفتہ کے دن مغرب کے بعد لیکن عشاء سے پہلے کالا کپڑا' کالے چنے' سرسوں کا تیل' کالے ماش' زندہ کالی مرغی' زندہ جنگلی کبوتری میں سے کسی ایک یا زیادہ اشیاء کا صدقہ اپنی گنجائش کے مطابق دیں۔ کم از کم سات ہفتے یا مسائل کے حل ہونے تک۔ یہی صدقات زیادہ نحس اثرات محسوس کرتے ہوں تو جمعرات کے دن بھی شام کے وقت دے سکتے ہیں۔

جواہر

نیلم لاجورد' عقیق اور پکھراج استعمال کر سکتے ہیں۔ ہیرا بھی زحل کے

تحت استعمال کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ تاہم اس سارے عمل کے حوالے سے میں اسے استعمال نہ کرنے کا مشورہ دوں گا۔ اس کے لیے ذاتی حساب لازم کروالیں ورنہ نقصان زیادہ بھی ہوسکتا ہے۔

پتھر اصلی اور معیاری ہونا چاہیے۔ تاہم اگر معیار زیادہ اچھا نہ ہو تب بھی پتھر داغی، ناقص یا ٹوٹا ہوا نہیں ہونا چاہیے۔ پلاسٹک یا چائنہ یا ہانگ کانگ کے جعلی، پلاسٹک یا مصالحے کے پتھر لینے سے بہتر ہے کوئی پتھر استعمال ہی نہ کریں۔ اس قسم کے جعلی جواہر آپ کی کیمسٹری میں کوئی مثبت تبدیلی نہیں لا سکتے۔

آتشی چال

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

بادی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

آبی چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

خاکی چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

کل اعداد میں سے 30 تفریق کریں اور باقی کو چار سے تقسیم کر دیں۔

تقسیم کرنے سے باقی قسمت ایک بچے تو خانہ 13 میں ایک کا اضافہ، 2 بچے تو خانہ 9 میں ایک کا اضافہ اور اگر 3 بچے تو خانہ 5 میں ایک کا اضافہ کریں۔

انگوٹھی مریخ

جنسی قوت، صحت، توانائی، جسمانی، حیوانی تحفظ، خاتمہ بیرونی اثرات اور ردِ سحر کے لیے اس کو بہت دفعہ تجربے کے بعد زود اثر پایا گیا ہے۔ یہ تانبے پر خاص اوقات میں خاص عمل کے تحت تیار کی گئی ہے۔ تانبے پر یہ خاص انگوٹھی ایک طویل عرصہ سے تیار کی جا رہی ہے اور اپنے اثرات کے حوالے سے اس کو موثر پایا گیا ہے۔

تسخیر موکل ذاتی

خالد اسحاق راٹھور

تسخیر موکل وہمزاد کے یوں تو آپ نے کئی قواعد پڑھے ہوں گے اور شاید کسی ایک یا چند ایک پر عمل بھی کیا ہو۔ کون سا عمل درست ہے؟ کسی طرح کیا؟ کیا مشکلات پیش آئیں؟ اور کیا نتائج حاصل ہوئے؟ اس سے قطع نظر، ذیل کی سطور میں موکل (ذاتی) کے استخراج کا ایک حقیقی، حتمی اور مجرب طریقہ تحریر کر رہا ہوں۔ اس کی تعریف کرنے کی بجائے عمل کی طرف آتے ہیں۔

عمل تسخیر موکل ذاتی

- دائرہ قمری سے نام بمعہ نام والدہ کے اعداد استخراج کریں۔
- تمام اعداد کا میزان حاصل کریں۔
- بلحاظ مراتب ان اعداد کے حروف لے لیں۔
- جو حروف برآمد ہوں ان کے آگے ایل کا اضافہ کر دیں۔
- نام کے اعداد کو ضرب فی النفسہ دیں۔
- جو عدد آئے، اس کی تعداد کے مطابق روزانہ حاصلہ اسم کا ذکر کریں۔
- ایک چلہ چالیس دن پر مشتمل ہے۔
- کسی مسئلہ کی صورت میں یہ ریاضت تین چلوں تک کی جا سکتی ہے۔
- عمل بلا اجازت نہ کریں۔ کیونکہ ایسے اعمال میں جان و مال کا خطرہ ہوتا ہے اور راہنمائی اشد ضروری ہوتی ہے۔ اجازت کے طالب اپنے مکمل کوائف بمعہ جوابی خط ارسال کریں۔ فون پر اجازت طلب نہ کریں۔

قارئین ''تسخیر موکل ذاتی'' کا مکمل قاعدہ بیان کر دیا گیا ہے۔ کوئی دوست یہ پوچھنے کے لیے خط تحریر نہ کرے کہ کیا یہ قاعدہ مکمل ہے یا نہیں۔ یا آپ نے کچھ چھپا تو نہیں لیا۔ کچھ پوشیدہ تو نہیں --- بالکل نہیں --- یہ قاعدہ مکمل ہے۔ تاہم اگر پھر بھی کوئی بات جواب طلب ہو تو اپنے سوال جوابی خط کے ہمراہ ارسال کریں۔ ورنہ جواب سے معذرت۔

☆☆☆☆☆

آپ کا پتھر

خالد اسحاق راٹھور

پتھر اور انسان کا تعلق شاید اتنا ہی قدیم ہے جتنا کہ انسانی ذہانت کی کہانی۔ اس طویل عرصے میں پتھر کبھی مادی افادیت کبھی روحانیت اور کبھی اپنی خوبصورتی کے باعث انسانی تہذیب کا ایک ناقابل فراموش حصہ رہے ہیں۔ انسان نے اپنی حفاظت اور شکار کے لیے سب سے پہلے پتھروں سے بنے ہتھیاروں کی ہی مدد حاصل کی۔ آگ سے روشناس کروانے کا سہرا بھی پتھروں کے سر ہی جاتا ہے۔ جہاں پتھر نے انسان کی حفاظت کا فریضہ انجام دیا۔ اس کو اپنے دشمنوں یعنی دیگر جان داروں پر غالب کیا اور اس کو شکار کرنے کی صلاحیت دی وہاں پتھروں کے ذریعے آگ جلا کر اس شکار کو پکا کر کھانے کی فراست بھی دی۔ روشنی کو منعکس کرنے اور پھیلانے کے لیے ایک عرصہ تک غاروں کے اندر پتھر استعمال ہوتے رہے۔

روحانی اور مادی ترقی کے ساتھ ساتھ انسان نے پتھروں کی مزید خصوصیات کا کھوج لگایا۔ ان کا استعمال انسانی خوبصورتی میں اضافے، مال و دولت کے حصول، تجارت کے مقاصد اور روحانی اور جسمانی قوتوں کو طاقت دینے کے ساتھ دوسرے انسانوں کی جان لینے کے لیے بھی استعمال ہونے لگا۔

جواہرات

وہ پتھر جو عام پتھروں کی نسبت خاص خصوصیات کے حامل ہوتے ہیں اور خوش قسمتی یا حصول صحت یا روحانی اور طبی اُمور میں استعمال ہوتے ہیں حرف عام میں نگینے یا جواہر کہلاتے ہیں۔ یہ جواہر بلحاظ قیمت بھی مہنگے ہوتے ہیں۔ کمیاب، خوبصورت اور خاص کوالٹی کے جواہر عام آدمی ہی کیا بعض حالتوں میں اچھے خاصے دولت مندوں کی قوت خرید سے باہر ہوتے ہیں۔ تاہم جواہرات کی ایک بڑی تعداد کی قیمت اتنی ہوتی ہے کہ عام آدمی بھی ان کو خرید سکتا ہے۔

نقلی و اصلی پتھر

پتھر ہمیشہ اصلی لینا چاہیے۔ گو نقلی پتھر ہمیشہ سے ہی بنتے چلے آرہے ہیں لیکن آج کل جدید سائنس کی بدولت نقل کے کام نے بہت ترقی کر لی ہے۔ اصل سے بہتر نقل دستیاب ہے جو قیمت میں بھی کم ہوتا ہے۔ تاہم میرا مشورہ یہ ہے کہ ان نقلی پتھروں کے استعمال سے کوئی فائدہ نہیں اُٹھایا جا سکتا۔ سو زیادہ پیسے نہیں ہیں تو سستا پتھر خرید لیں لیکن ہو اصل۔ اگر اصل ہوگا تو اس کا فائدہ ہوگا ورنہ نہیں۔ نقلی پتھر ایسے ہی ہے جیسے آپ نے رنگ دار شیشہ یا پلاسٹک پہن رکھا ہو۔

تفصیل جدول جواہرات بمعہ دیگر منسوبات

بروج	عرصہ حکومت	حاکم کوکب	منسوبی حروف	منسوبی رنگ	منسوبی پتھر	دھات	دن
میکھ	21 مارچ تا 21 اپریل	منگل	اُ، ل، ع، ص، ی	سرخ	مرجان، حجر الدم، عقیق یمنی، اوپل، یاقوت	تانبہ، لوہا	منگل
برکھ	21 اپریل تا 21 مئی	شکر	ب، و	نیلا	الماس، ہیرا، در نجف، مرجان سرخ، موتی	پیتل، تانبہ	جمعہ
متھن	21 مئی تا 22 جون	بدھ	ک، ق	زرد، سرخی مائل	زمرد، پنہ، برجد، پکھراج	پیتل، تانبہ	بدھ
کرک	22 جون تا 23 جولائی	چندرماں	ح، ہ	سفید، ہلکا نیلا	موتی، حجر القمر، پکھراج زرد، عقیق زرد، لہسنیہ، نیلم	ٹن	پیر
سنگھ	23 جولائی تا 23 اگست	سورج	م	سنہرا، اورنج	یاقوت، لعل، مانک، عقیق، مرجان، نیلم	سونا	اتوار
کنیا	24 اگست تا 22 ستمبر	بدھ	پ، غ	گہرا زرد	لاجورد، کار کیتک، زرقون، عقیق زرد، زبرجد، اوپل	ٹن	بدھ
تلا	23 ستمبر تا 23 اکتوبر	شکر	ر، ت، ط	ہلکا گلابی، نیلا	سنگ دودھیا، ہیرا، پکھراج، در نجف، لہسنیہ، مرجان	تانبہ، پیتل	جمعہ
برچھک	24 اکتوبر تا 20 نومبر	منگل	ظ، ذ، ض، ز، ن	گہرا سرخ	مرجان، عقیق سرخ، یاقوت، ہیرا	لوہا، تانبہ	منگل
دھن	20 نومبر تا 21 دسمبر	برہسپت	ف	ہلکا ارغوانی	پکھراج زرد، زمرد، فیروزہ، لہسنیہ	ٹن، سونا، چاندی	جمعرات
مکر	21 دسمبر تا 20 جنوری	سنیچر	ج، خ، گ	گہرا نیلا، سلیٹی	نیلم، گاؤمیدک، پلک، عقیق یمنی، موتی، در نجف	سونا، پلاٹینم	ہفتہ
کنبھ	21 جنوری تا 18 فروری	سنیچر	س، ش، ص، ث، ٹ، ڈ	سیاہ	عقیق یمنی، نیلم	پلاٹینم	ہفتہ
مین	19 فروری تا 20 مارچ	برہسپت	ذ، چ	تیز سبز	لاجورد، سنگ یشب، پکھراج سفید، در نجف، لاجورد	ایلومینم	جمعرات

محمد اسد اللہ سلیمانی، جھنگ۔

قارئین خالد ہندی جنتری کے لیے عملیات تسخیر موکلات کے چند ضروری عملیات لکھ رہا ہوں۔ لیکن ایسے عملیات کرنے کے لیے استاد کامل کا ہونا شرط ہے ورنہ نقصان بھی ہوسکتا ہے۔ بہر حال عقلمند کے لیے اشارہ کافی ہے۔

تسخیر موکل کا لاثانی عمل

عبارت عمل

القسمت علیکم یا برھون ابن العجائب بحق یا میکائیل وبحرمت یا خبیر احضروا احضرو احضرو العجل الساعۃ الوحا.

ترکیب عمل

طریقہ یہ ہے کہ سبز چادر بچھا کر اس پر عمل پڑھا کریں اور عامل بھی عمل کے وقت کوئی سبز کپڑا پہنے ہو (تمام لباس سبز کی ضرورت نہیں ہے ایک کپڑا کافی ہے)۔ جگہ تنہائی ہو کوئی دوسرا عمل پڑھتے وقت قریب نہ ہو۔ منہ قبلہ کی طرف ہو۔ اپنا ''خصوصی حصار'' قائم کریں۔ پھر روزانہ 4444 مرتبہ عبارت عمل کو پڑھیں اور پڑھتے وقت لوبان و گوگل کا بخور جلاتے جائیں۔ انشاء اللہ اکیسویں دن سے اثر شروع ہوگا اور اکتالیسویں روز موکل حاضر ہوگا اس سے کوئی چیز طلب کریں اور وہ چیز اپنے قبضہ میں کر لیں۔ بس موکل مسخر ہے۔ جس وقت آپ اس عبارت عمل کو پڑھیں گے وہ فوراً حاضر ہوگا واضح رہے کہ عمل چہار شنبہ یعنی بدھ کے دن شروع کریں۔ طلوع آفتاب کے وقت مگر عروج ماہ میں شروع کریں۔ روزانہ وقت مقرر پر عمل کریں۔ پرہیز جمالی کریں۔ اس عمل کی اجازت ضرور لیں ورنہ نقصان ہوگا۔

تسخیر موکل سورۃ کوثر

یہ عمل نہایت جلالی ہے۔ سورۃ کوثر کے موکل تابع کرنے کے لیے عروج ماہ میں بروز ہفتہ یا سوموار بعداز عشاء اپنے اردگرد ''خصوصی حصار'' کرلیں پھر بخور سلگا کر قبلہ رخ ہو کر بیٹھ جائیں اور عبارت عمل 525 مرتبہ 41 روز مقررہ وقت پر پڑھتے رہیں۔ آخری روز موکل حاضر ہوگا عہد و پیمان سوچ سمجھ کرلیں بعد عمل ہر جائز کام لے سکتے ہیں ناجائز ہرگز کوئی کام نہ لیں ورنہ شدید تباہی ہوگی۔ اجازت ضرور لیں تاکہ کامیابی ہوسکے۔

عبارت عمل یہ ھے

بسم اللہ الرحمن الرحیم اقسمت علیکم یا وعظائیل عظمت علیکم یا و عظائیل حاضر مشو بحق و بحرمت انا اعطینک الکوثر فصل لربک وانحر. ان شانئک ھو الابتر العجل العجل الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا.

میں نے پرہیز کی وضاحت کر دی ہے میرے حق میں دعائے خیر ضرور کریں۔

شہزادہ منظور علی سمون، ٹنڈو محمد خان۔

محبت و حاضری محبوب

قارئین خالد ہندی جنتری 2013ء کے لیے انمول تحفہ:

میرے مضامین گزشتہ 15 سالوں سے خالد روحانی جنتری ماہنامہ راہنمائے عملیات میں شائع ہو رہے ہیں اور میں آپ سب کا مشکور ہوں کہ آپ میرے مضامین کو پسند کرتے ہیں اور عملیات سے فائدہ اٹھا کر ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد کرتے ہیں۔ اس دفعہ بھی پیارے قارئین کے لیے شرف و اوج زہرہ کا مجرب عمل برائے محبت و حاضری محبوب حاضر خدمت ہے۔ یہ عمل ان محبت کے ماروں کے لیے ہے جو عرصہ دراز سے در در کی ٹھوکریں کھا کر تنگ آ چکے ہیں اور عملیات سے بے یقین ہو کر خاموش ہو گئے ہوں۔ یہ عمل ان کے لیے پیغام مسرت ہے۔ ہر دفعہ بندوق کی گولی کی طرح اثر ظاہر ہوتا ہے۔ کبھی خطا نہیں کرتا۔ ایک دفعہ آپ بھی آزمائیں آپ بھی میری طرح سب کے سامنے اس عمل کی تعریف کیے بغیر نہ رہ سکیں گے۔

اوقات شرف یا اوج زہرہ:

اس کو دیکھنے کے لیے راہنمائے عملیات، خالد ہندی جنتری اور خالد روحانی جنتری کا مطالعہ فرمائیں ان میں تفصیل سے اوقات درج ہوتے ہیں۔

طریقہ:

مندرجہ ذیل نقش کی پہلے زکوٰۃ دیں۔ زکوٰۃ بھی آسان ہے، اس کے بعد آپ اثر دیکھیں۔ ایک دن میں پتھر بھی موم بن جائیں۔ نقش بدوح ہے۔ روزانہ 20 عدد نقش سورج طلوع ہونے سے پہلے لکھیں اور ہر نقش پر 20 دفعہ اسم یا بدوح پڑھ کر دم کریں اور ان نقوش کی گولیاں بنا کر چلتے پانی میں ڈال دیں تا کہ مچھلیاں کھا جائیں۔ بلا ناغہ عمل کریں۔ پھر جب محبوب کو محبت میں دیوانہ کرنا ہو تو ایک نقش لکھ کر اپنے بازو میں باندھ لیں۔ دوسرا وزن کے نیچے رکھ دیں۔ بس محبوب کا سکھ، چین، قرار، کھانا پینا سب حرام ہو جائے گا اور تڑپ تڑپ کر اپنے عاشق کے پاس آئے گا۔ جب تک حاضر نہ ہو گا تب تک ہرگز چین نہ پائے گا۔

۷۸۶

ح	و	د	ب
ب	د	و	ح
و	ح	ب	د
د	ب	ح	و

☆☆☆☆☆

لوح رفع رجعت/نحوست زہرہ

زہرہ کی رجعت/نحوست فرد کی زندگی میں خوشیوں اور آسانیوں کی کمی کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ عشق و محبت کے متوالوں کے لیے یا وہ جوڑے جو ازدواجی زندگی کی سچی خوشیوں سے محروم رہتے ہیں درحقیقت کہیں نہ کہیں زہرہ کی رجعت/نحوست ان کو متاثر کر رہی ہوتی ہے۔ وہ لوگ جو شوبز/میڈیا، بیوٹی پارلر، بوتیک اور فیشن کی دنیا سے منسلک ہیں۔ اگر ان کے زائچہ میں زہرہ رجعت/نحوست سے پاک نہ ہو تو وہ عوامی پذیرائی حاصل نہیں کر پاتے ہیں۔ ایسے افراد جو آسان ذرائع سے روپیہ حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں یا وہ جو ریس/لاٹری/سٹاک مارکیٹ وغیرہ جیسے اُمور سے وابستہ ہیں اور فائدے کی بجائے نقصان اُٹھاتے ہیں تو ان کو اس بات کو سمجھ لینا چاہیے کہ زہرہ ان کے پیدائشی زائچہ میں رجعت/نحوست کا شکار ہے۔ سو اپنی زندگی میں خوشیاں اور آسانیاں لانے اور معاملات کار میں روانی کے یہ لوح حاصل کریں اور معاملات زندگی میں آسانیوں کے حصول کو یقینی بنائیں۔

فقیر خاص محمد افضل چشتی، ڈیرہ غازی خان

قارئین محترم! اسلام علیکم۔ آپ سب کو میری طرف سے نیا سال کی آمد مبارک ہوں۔ آج میں اپنے دادا حاجی اللہ بخش زوار چشتی اور نانا حاجی نصیر بخش چشتی کے عطاء کردہ عملیات پتھر دل موم لے کر حاضر ہوں۔

عمل برائے حاضری مطلوب

پہلے خوشبو دار تیل سے چراغ جلائیں اور چراغ کو دیکھتے رہیں۔ یہ عمل جب تک چراغ جلتا ہے آپ کرتے رہیں جب چراغ بجھ جائے تو مطلوب کی طرف پھونک ماریں یہ عمل 7 دن کریں انشاء اللہ کامیاب ہوں گے۔

عمل یہ ہے

قاتو گزبان کردیے فلانے دا چیتا گردان ڈھیے جیڑے پیرے دے پھر میں شمع عو پروانا جلیے مبنوں شام ماتو گزبان۔

عمل برائے بے سکونی مطلوب

یہ عمل عشاء کے بعد 141 مرتبہ پڑھ کر مطلوب کے گھر کی طرف پھونک مارے یہ عمل 7 دن کریں انشاء اللہ کامیاب ہوں گے۔ عمل یہ ہے۔ لاالہ انیس الا اللہ انملیس فلاں کو میلڈر باجو نیدر آرام نہ فیولیس۔

نقش برائے حُب

نوچندی اتوار کو یہ نقش سات عدد لکھیں مطلوب کے پہنیں ہوئے کپڑے پر لکھیں یا کاغذ پر اور 7 یوم چنبیلی کے تیل میں چراغ جلائیں۔ انشاء اللہ کامیابی ہو گی۔

١	١۴		١١	٨
١٢	٧	نام	٢	١٣
٦	٩		١٦	٣
١۵	۴		۵	١٠

نقش برائے حب

نوچندی جمعرات کو یہ نقش سات عدد لکھیں مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر یا کاغذ پر تحریر کریں اور سات یوم چنبیلی کے تیل میں چراغ جلائیں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

٣۵١۵	٣۵١٨	٣۵٣١
٣۵۴٠	نام	٣۵١٦
٣۵١٧	٣۵٣٣	٣۵١٩

واسطے محبت

یہ نقش 9 چندی اتوار کو ایک چڑیا پکڑ کر حلال کر و اس کے خون سے یہ نقش لکھیں پھر اسی وقت اس نقش کو سرخ ریشمی کپڑے میں باندھ کر کسی درخت پر لٹکا دو انشاء اللہ مطلوب جلد حاضر ہوگا۔

نقش

	ع ٣		٣c٧
١٢		نام	٧
	١٢	١٢	
ک ۴			١٢

نقش برائے حب

یہ نقش 7 عدد لکھ کر روزانہ ایک نقش روح افزا لگا کر جلائیں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

١ ٩ ١ ١ و ١ ١ عج ع ١ ١ ١ ١ ١ ١ ٠
الحب فلاں بن فلاں حب فلاں بن فلاں

نقش برائے چکر مطلوب

یہ نقش 1 عدد لکھ کر پنکھے پر باندھیں انشاء اللہ مطلوب آپ کے گھر حاضر ہو گا۔

یَا وَلِیُّ یابدُوح یَا وَلِیُّ

یَا وَلِیُّ یابدُوح یَا وَلِیُّ

طالب

الحب

مطلوب

یَا وَلِیُّ یابدُوح یَا وَلِیُّ

۴م۴ ۴م۴ ۴م۴

نقش برائے حب

نوچندی اتوار کو یہ نقش سات عدد لکھیں مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر یا کاغذ پر تحریر کر کے سات یوم تل کے تیل میں چراغ جلائیں انشاء اللہ کامیاب ہوں گے۔

۵۸۲۴۴	۵۸۳۳	۵۸۲۵۰
۵۸۲۴۹	۵۸۲۴۷	۵۸۳۳۵
۵۸۲۴۲	۵۸۲۵۱	۵۸۲۴۶

نام

نقش برائے حُب

یہ نقش گائے کی ہڈی پر تحریر کے آگ میں ڈالیں انشاء اللہ مطلوب حاضر ہو کر آئے گا۔

ا اسہ ا ا ط ا ا ا ا ے ا ا ا ۰ ا ا ے ا ط ۹ ا ۸ ا ا
ا ۶ ا ۲ ا ا ۵ ۵ ا ا ۳ ا ا ۲ ۵ ا ا ا ۹ عسہ ۵۰

بلیات واثرات

یونس مانسہروی، کراچی۔

اللہ بزرگ و برتر جل شانہ کی حمد وثناء، سرکار کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں لاکھوں ہدیہ درود وسلام کے بعد خیر کے ساتھ شر اور اجالے کے ساتھ تاریکی لازمی ہے۔ لوگ ذرا ذرا سی بات اور اپنی مطلب پرستی اور خودغرضی کی وجہ سے غیر شرعی اور حرام اعمال کے ذریعہ دوسروں کو تکلیف دینے سے بہتر صبر کرنا اور معاف کرنا ہے۔ لیکن اب لوگوں میں نہ تو صبر کرنے کا مادہ ہے اور نہ برداشت کرنے کا حوصلہ۔

یہاں ہم دفع سحر، جادو، شیاطین اور جنات کے لیے نقش دے رہے ہیں۔ بعد عشاء روزانہ ایک سو گیارہ نقش باطہارت لکھیں اور لکھنے کے دوران خوشبو سلگائیں۔ نقش نو دن لکھنے ہیں اور تمام نقش آٹے میں مکس کر کے دریا یا نہر میں ڈال دیں۔ زکوۃ ادا کرنے کے بعد آپ اس کے عامل بن جائیں گے۔ آسیب سحر جادو وغیرہ جس کام کے لیے بھی کسی کو دیں گے، اثر ہوگا۔ اس کے علاوہ یہ نقش بچوں کی نظر بد کے لیے بھی مجرب ہے۔

زکوۃ ادا کرنے کے بعد لکھ کر گلے میں پہن لیں یا سیدھے بازو میں باندھ لیں۔ نقش یہ ہے۔

ابــــوبـــکــر

فــا الــلــہ خیـرٌ حـافـظ
وهــو ارحـم الــراحـمیــن
الـلهـم صلی علی سیدنا و بنینا
و مـولانا مـحـمـد و بار ک وسلم

تمام عامل اور قارئین کرام سے گذارش ہے کہ محترم خالد اسحاق راٹھور، ادارہ راہنمائے عملیات اور فقیر کو دعاؤں میں یاد فرمائیں۔

☆☆☆☆☆

مخدوم پیر مٹھا شاہ، ڈیرہ غازی خان

عمل برائے حب

یہ نقش کسی نیک ساعت میں تحریر کر کے اپنے ناراض محبوب کو شربت یا کسی میٹھی چیز میں کھلا دیں مطلوب جتنا بھی ناراض ہوگا اپنی ناراضگی ختم کر کے طالب کے تابع ہوگا۔

ع ع ع ع ع ع ع ع ب ب ب ب ب ب ب ب د د د د د د د د لا

عمل برائے رشتہ

اگر کہیں رشتہ طے نہ ہو رہا ہو مطلوبہ افراد رشتہ دینے سے انکاری ہوں تو لڑکے کے سربراہ کو چاہیے کہ وہ یہ نقش نیک ساعت میں تیار کر کے پگڑی یا ٹوپی میں رکھ کر اسے پہن کر مطلوبہ افراد سے رشتہ کی بات چیت شروع کرے انشاء اللہ تعالیٰ بات بن جائے گی۔

ا ا ۸ ا ا ا ا ا ا ط ا ا ا ا ا ٥ ۲ ۲ ا ا ا ا

ا ا د ا م ا ا ٥ ا ا ۸ ک ا ا

عمل برائے رزق و محبت

اگر یہ نقش محبت یا رزق کے لیے ساعت مشتری میں تحریر کر کے اپنی پگڑی یا ٹوپی میں رکھیں تو مطلوبہ نتائج حسب منشاء برآمد ہوں گے۔ نقش یہ ہے۔

لا لا لا لا لا لا لا لا
کلا لا کلا
لا لا لا لا لا لال

عمل برائے حب

اگر کسی شخص کو مسلسل محبت میں ناکامی کا منہ دیکھنا پڑ رہا ہو تو اسے چاہیے کہ ان نقشوں کو بہ ترتیب تین راتوں تک جلائے پہلا تعویذ ہفتہ دوسرا اتوار اور تیسرا منگل کی رات کو چنبیلی کے تیل میں جلائے۔ نقوش درج ذیل ہیں۔

ہفتہ۔ دوساادد ر اما مک ہ لاوء وولالا ودالاااا ع۔

اتوار۔ ااا ۲ دوقبح ا ا او ادو ک ح ہودہ اا اومراہ ہو۔

منگل۔ ۹ ا اوع ا ا ا ا الا ا ا ا او ا ا ا راعادوا واماورام موح۔

عمل برائے شادی

اگر کسی شخص کی شادی کی راہ میں رکاوٹ ہو تو یہ نقش کسی نیک ساعت میں مشک و زعفران سے تحریر کر کے مطلوبہ افراد کو پلا دیں مطلوبہ جگہ رشتہ پکا ہو جائے گا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یا سلیس	وبحق حمعسق	بحق کھیعص
و العلم	المص	الحکیم
نستعین برحمتک یا ارحم الراحمین	ایاک نعبدو و ایاک	وما یسطرون

عمل برائے شادی

اگر کسی شخص کی شادی میں رکاوٹیں درپیش چلی آ رہی ہوں رشتہ طے نہ ہو رہا ہو تو اس صورت میں اس نقش سے کام لیا جا سکتا ہے اس نقش کو لکھ کر پتھر کے نیچے رکھ دیں پتھر کا وزن کم از کم تین کلو ضرور ہونا چاہیے۔

۷۸۶

۷۹	۷۳	۸۱
۸۰	۷۸	۷۵
۷۴	۸۲	۷۷

عمل برائے شادی

یہ عمل بھی شادی بیاہ کی رکاوٹیں دور کرنے کے لیے نہایت پُر تاثیر ہے اس نقش کو ساعت نیک میں مشک و زعفران سے تحریر کر کے عطر گلاب لگا کر گلے میں پہنیں۔

ک ک ک ک

۲۵۴	۲۴۶	۲۵۱
۲۴۸	۲۵۰	۲۵۳
۲۴۹	۲۵۵	۲۴۷

ک ک ک ک

عمل برائے حب

مطلوب کی ناراضگی کو دور کرنے کے لیے اس نقش کو زعفران سے تحریر کر کے تیز آگ میں جلائیں مطلوب کتنا ہی دور ہو گا ضرور حاضر ہو گا۔

۱۱ع	۹	۸	۹	۱۱	۵	۸
۱ع۱ع	۹	ح	۹	۱۱۵	ی	۹
۸۱۱ع	۹	۹	۹		۸	۳

عمل برائے حب

یہ نقش میٹھے انار کی لکڑی کی قلم بنا کر ساعت زہرہ میں منہ میں مصری رکھ کر تحریر کر کے ایک نقش اپنے دائیں بازو پر باندھ لے اور دوسرا مطلوب کو پلا دے محبوب راضی ہو جائے گا۔

۷۸۶

القیت	القیت	القیت	القیت
عیک	عیک	عیک	عیک
محبت	محبت	محبت	محبت
منی	منی	منی	منی

عمل برائے دوستی

اگر کوئی شخص دشمن کو دوست بنانا چاہیے یا ناراض دوست کی بے رُخی کو دور کرنا چاہتا ہو تو یہ تعویذ اسے مطلوبہ مقاصد کے حصول کے لیئے نہایت زور اثر ہے اس پُر اثر تعویذ کو لکھ کر اپنے گلے میں ڈالیں بازو پر باندھیں یا پرس میں رکھیں دشمن انشاء اللہ تعالیٰ دوست بن جائے گا۔

ط۱۱۱ ۱ طع۱۱را۱ط۱۵

۸۲۸۱۱۵۱۵۱۱۵ ۱۱۱۱۱۱۱۱۱ط۱ طع۱۱۵۱ط۱۵

ححح ۱۱ ۱۱۲۸۵۱۱۱۵۵

عمل برائے دشمن

اگر کوئی شخص ناحق کسی کو ستاتا ہو اور طرح طرح کی تکالیف دیتا ہو اس دشمن یا ظالم شخص سے چھٹکارہ پانے یا اسے دور کرنے کے لیے اس نقش کو بوقت زوال تحریر کر کے اس کی راکھ دشمن یا اس کے گھر کی طرف منہ کر کے ہوا میں اڑا دے۔

۳۵۲	۳۴۹	۳۵۶
۳۵۵	۳۵۳	۳۵۱
۳۵۰	۳۵۷	۳۴۳

عمل برائے دشمن

یہ نقش دشمن سے حفاظت کے لیے دستورے کے عرق سے لکھ کر اگر بازو یا پھر گردن میں پہن لینے سے دشمنوں کی ہر قسم کی شرارتوں سے محفوظ رہا جا سکتا ہے۔

۷۹	۸۹	۲	۲
۷	۳	۸۳	۸۲
۸۵	۸	۹	۱
۴	۶	۷	۸۲

عمل برائے دشمن

اگر کوئی شخص کسی کا خواہ مخواہ دشمن بن گیا ہو اور وہ اس پر طرح طرح کے ظلم کرتا ہو اور وہ اپنے ظلم یا دشمنی سے بعض نہ آتا ہو اس کے لیے یہ نقش جمعرات کے دن لکھ کر ہرن کی کھال پر مشک و زعفران سے عطر لگا کر بازو پر باندھ لے دشمن دشمنی چھوڑ کر مہربان ہو گا حتیٰ کہ دوست بن جائے گا۔

۷۸۶

۵۱	۴۶	۵۲
۵۲	۵۰	۴۸
۴۷	۵۴	۴۹

عمل برائے ظالم

اگر کوئی شخص کسی کی جان کا دشمن بن گیا ہو اور اس شخص سے ہر وقت جان کا خطرہ رہتا ہو تو اس نقش کو روزانہ سات یوم تک ایک نقش روز تحریر کر کے آگ میں جلائیں تو انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کا انجام اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے مگر ناحق نہ کریں ایسے اعمال کی محض جائز کاموں میں اجازت ہے ورنہ غلط کام لینے والا سخت ترین رجعت کا شکار ہو سکتا ہے۔

۳	۶	۴
لحح	ک	لحح
۱	۵	۱

عمل برائے ظالم

یہ عمل بھی اُوپر دیئے گئے عمل کی طرح ہے دشمن کو اُس کے انجام تک پہنچانے کے لیے منگل یا بدھ کے دن زوال کے وقت تحریر کر کے سات یوم تک تیز آگ میں جلائیں اس نقش کے مطلوبہ نتائج حسب منشا بر آمد ہوں گے۔

ص۳	س۳	ک۳
۳	۵	۳

عمل برائے فتوحات

یہ نقش دشمنوں پر غلبہ قیدی بے گناہ کی رہائی اور فتوحات غیبی کے لیے مشک و زعفران سے تحریر کر کے بازو پر باندھیں۔

۵۳۵	۵۳۰	۵۲۸
۵۳۷	۵۳۷	۵۳۲
۵۳۱	۵۳۹	۵۳۳

مکمل یقین اور اعتماد سے رجوع کریں

گردش حالات/ساڑھ ستی

کیا آپ ساڑھ ستی کا شکار ہیں۔ یہ بات سادہ حساب سے بھی معلوم ہو جاتی ہے لیکن کسی بھی فرد کو تین طریقوں سے ساڑھ ستی کا سامنا ہو سکتا ہے۔

اول: طالع پیدائش

دوم: طالع قمری

سوم: ذاتی نام

ہماری یہ رپورٹ آپ کو تینوں طریقوں سے ساڑھ ستی کی معلومات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ اس کے حل کے لیے ضروری صدقات، اپائے، جواہرات وظائف اور عملیاتی حل بھی بیان کرے گی۔

ڈپریشن اور مایوسی

ایسے امراض کے علاج کے لیے لوگ مہنگے ترین ڈاکٹر اور ادویات کا سہارا لیتے ہیں۔ لیکن اِن امراض کے منفی اثرات فرد کی جان نہیں چھوڑتے۔ ہمارے مشورہ پر اچھے اور اصل گارنٹ کا استعمال کر کے دیکھیں۔ بالیقین اِن امراض میں اصلاح پیدا ہونا شروع ہو گی۔ آزمائش شرط ہے۔

حصول طاقت وتوانائی

وہ جو کمزوری کا شکار ہیں اور صحت وتوانائی کے متلاشی ہیں اِن کو بہتر صحت اور طاقت ور جسم کے حصول کے لیے بلڈ سٹون استعمال کرنا چاہیے۔ اس کو قدیم زمانے سے تحفظ اور طاقت سے منسوب کیا جاتا ہے۔

محمد عمران رضا، شاہدرہ۔

تسخیر امواکیل ذاتی

محترم قارئین خالد ہندی جنتری 2013 آپ کو نیا سال بہت بہت مبارک ہو۔ اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ وہ ہمارے لیے اس سال کو خوشیوں سے بھرپور اور دکھ تکلیفوں اور غموں سے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے میں دور رکھے۔ آمین ثم آمین۔ اس بار خالد ہندی جنتری کے لیے ''تسخیر امواکیل ذاتی'' لے کر حاضر ہوں، مجھے یقین ہے یہ بھی آپ کے ذوق کے عین مطابق ہوگا۔

ادارہ راہنمائے عملیات کے اکثر شماروں اور خصوصاً خالد روحانی جنتری اور خالد ہندی جنتری میں آپ نے ''تسخیر موکل ذاتی'' کا طریقہ پڑھا ہوگا جو ادارہ شائع کر رہا ہے وہ اللہ کے حکم سے مکمل طریقہ ہے۔ اس میں تعدادِ عمل حاصل اعداد کو ضرب فی النفسہ دے کر جو مجموعہ حاصل ہو اُس کے برابر پڑھائی کرنی پڑتی ہے۔

اب مثال کے طور پر آپ میرے نام کے اعداد کو لے لیں:-

205209=453x453

اِس عمل یعنی ''تسخیرِ امواکیل ذاتی'' میں لمبی پڑھائی نہیں ہے لیکن اِس میں یہ ہے کہ یہ مواکیل آپ کے سامنے حاضر نہیں ہوں گے یہ صرف غیبی طور پر آپ کے ساتھ رہیں گے۔ آپ کا کبھی بھی کوئی کام انشاءاللہ نہیں رُکے گا۔

طریقہ عمل

اپنے نام کے اعداد کو ابجد قمری سے نکال کر مربع آتشی چال سے پُر کریں۔ خانہ نمبر 9 میں جو عدد ہے وہ اُٹھا لیں۔ اگر وہ احد ہے تو اُسے لے لیں۔ اگر احد سے زیادہ ہے تو پہلے 2 عدد لے لیں باقی کو چھوڑ دیں۔ مثال کے طور پر نویں خانہ میں 25 ہے تو 5 کو لے لیں اور 2 کو چھوڑ دیں۔ اگر مکمل عشرات ہیں مثلاً 30-40-50 ہے تو صفر کو چھوڑ دیں۔ 3-4-5 کو لے لیں۔

اسی طرح خانہ نمبر

16-15	14-13	12-11	10-9
4	3	2	1

یعنی خانہ نمبر 9 اور 10 کے حروف ملا کر ایک موکل بنائیں اور خانہ 11-12 کے حروف ملا کر موکل بنائیں۔ اِسی طرح خانہ نمبر 13-14, 15-16 کے بھی موکل بنالیں۔

مثال کے طور پر محمد عمران۔ اعداد ابجد 453 کو 4 پر تقسیم کیا تو خارج قسمت 113 آیا اور باقی ایک بچ گیا۔ لہذا خانہ نمبر 13 میں ایک کی بجائے 2 کا اضافہ ہوگا۔

چال آتشی

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقش

۱۲۰	۱۲۳	۱۲۷	۱۱۳
۱۲۶	۱۱۴	۱۱۹	۱۲۴
۱۱۵	۱۲۹	۱۲۱	۱۱۸
۱۲۲	۱۱۷	۱۱۶	۱۲۸

اب خانہ نمبر 9-10-11-12-13-14-15-16 کے اعداد اُٹھا لیتے ہیں۔

9	8	7	6	4	3	2	1	اعداد
16	15	14	13	12	11	10	9	خانہ نمبر

9	8	7	6	4	3	2	1	اب اعداد حاصل ہوئے
ط	ح	ز	و	د	ج	ب	ا	اِن کے حروف یہ بنے

اب خانہ نمبر 9 اور 10 کے حروف ملا کر ایک موکل بنالیں اور خانہ نمبر 11 اور 12 کے حروف ملا کر دوسرا موکل بنالیں اور خانہ نمبر 13-14 کے حروف ملا کر تیسرا موکل بنالیں اور خانہ نمبر 15 اور 16 کے حروف ملا کر موکل بنائیں جو کہ اس طرح ہیں:-

ابائیل. جدائیل. وزائیل. حطائیل

اب ان کی عزیمت اس طرح بنے گی۔

عزمت علیکم و اقسمت و علیکم یا ابائیل یا جدائیل یا وزائیل یا حطائیل احضرو و اطیعو بحق یا رزاق یا مھیمن۔

آخر پر آپ نے اپنے نام کے اعداد کے برابر اسم اعظم لگانا ہے۔ اور اس عزیمت کو آپ نے اپنے نام کے اعداد کے برابر میں پڑھنا ہے۔ یہ اُن حضرات کے لیے تحفہ ہے جنہوں نے اپنے نام کے اسم اعظم کی زکوۃ نکالی ہوئی ہے۔

☆☆☆☆☆

غلام عباس سپرا، جھنگ۔

مصور العملیات قرآنی

سال 2013 میں آپ کے لیے آسان اور مجرب عملیات لے کر حاضر ہیں۔ سورۃ فاتحہ کے چند عملیات پیش کر رہا ہوں۔ خالد اسحاق راٹھور اور دیگر معاونین کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔

عملیات ملاحظہ کریں

(1) سورۃ فاتحہ کو 7 مرتبہ مریض پر دم کریں اور پانی پر دم کر کے روزانہ پلانے سے خسرہ سے نجات ملتی ہے۔

(2) سر درد کے لیے سر کو پکڑ کر 11 مرتبہ دم کرنے سے سر درد رفع ہو جاتا ہے۔ نقش بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

(3) کسی بھی بیماری کے لیے بیمار کا سر پر ہاتھ رکھے۔ سورۃ فاتحہ 28 مرتبہ دم کریں۔

(4) آسیب زدہ کے لیے 11 دن تک 51 مرتبہ سورۃ فاتحہ اول و آخر 7،7 بار درود شریف پڑھ کر اس کے سینے پر دم کریں اور روزانہ پانی پر دم کر کے پلائیں، مجرب ہے۔

(5) بے روزگار بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء 41،41 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دعا کرے۔ صرف 41 دنوں میں روزگار مل جائے گا۔ مجرب ہے۔ سورۃ فاتحہ کے کل اعداد 9461 ہیں۔ نقش مربع استعمال کریں۔

(6) لڑکے یا لڑکی کی شادی کی رکاوٹ اور بندش کو ختم کرنے کے لیے ہر قمری مہینے کے پہلے ہفتہ جس میں قمر در عقرب نہ ہو 11 روز 41 مرتبہ اول و آخر 7،7 مرتبہ درود شریف پڑھیں یہ عمل 11 روز کا ہے۔ جلدی خوش خبری ملے گی۔ کسی بھی مہم میں کامیابی کے لیے روزانہ 41 دفعہ ورد کریں۔

(7) ادائیگی قرض کے لیے بعد نماز عصر 41 مرتبہ سورۃ فاتحہ اول و آخر 7،7 بار درود شریف پڑھیں۔ یہ عمل 14 دن تک کم از کم کرے۔ قرض ادا ہو جائے گا۔

(8) بندش کاروباری یا ملازمت بند ہو جائے یا بے برکتی ہو تو روزانہ نماز فجر کے بعد 13 مرتبہ سورۃ فاتحہ اور اول و آخر 7 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ چند دنوں میں بندش ختم ہو جائے گی۔

(9) کینسر، ایڈز، کالا یرقان، چنبل، بخار وغیرہ کے لیے 41 بار سورۃ فاتحہ اور اول و آخر 7 دفعہ درود شریف پڑھ کر پانی پر اور مریض پر دم کریں۔ صرف 41 دن کا کرنا ہے۔ کرشمہ قدرت دیکھیں۔

(10) 41 دن تک جوڑوں کے دردوں، درد جسمانی یا اعضاء کے لیے۔ وجع المفاصل کے لیے، گھٹنیا یا کسی بھی ضروری حاجت کے لیے روزانہ 41 دفعہ سورۃ فاتحہ فجر کی نماز کی سنتوں کے بعد بسم اللہ کی آخری ''م'' کو ملا کر پڑھے۔ یعنی ملحمد پڑھے۔ اس کے بعد نماز فرض فجر ادا کریں اور مقصد کے لیے دعا کریں قبول ہوگی۔

(11) دار چنبل کے لیے 7 مرتبہ پاک مٹی پر سورۃ فاتحہ دم کر کے مقام مالوف پر ملے۔ جلد شفاء ہوگی۔

(12) انار کے تازہ رس پر 41 مرتبہ بمعہ وصل بسم اللہ کے ساتھ دم کر کے روزانہ دن میں 4 مرتبہ 4 چمچ استعمال کرائیں۔ لگاتار 3 تا 4 ماہ کرنے سے دائمی بخار، تپ دق، دماغی و قلبی کمزوری جگر و معدہ اور تمام قسم کی ہیپاٹیٹس سے شفا ہوگی۔ ثابت قدمی اور اعتقاد واثق شرط ہے۔

زکوٰۃ طریقہ

نوچندی اتوار سورۃ فاتحہ 337 مرتبہ اول و آخر 7،7 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ یہ عمل 28 دن جاری رکھیں۔ 28 دن 362 مرتبہ اول و آخر 7،7 درود کے ساتھ ورد کریں، زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ بعد از زکوٰۃ روزانہ 20 مرتبہ سورۃ پڑھیں۔ اس کے عامل کے رزق میں اضافہ ہوگا۔ ضروری وضاحت کے لیے ادارہ سے رابطہ کریں یا ادارے کی کتاب ''اُصول و قواعد عملیات'' سے مدد لیں۔ آخری میں التماس ہے کہ تمام مرحومین خصوصاً میری والدہ مرحومہ کے لیے سورۃ فاتحہ برائے ایصال ثواب پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے حامی و ناصر ہو۔ اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

طلسم بادشاہت

سید شعیب الرحمٰن شاہ، ایبٹ آباد۔

طلسم بادشاہت

شرف مشتری میں طلسم بادشاہت حکیم افلاطون اور حکیم طمطم ہندی کا ایک خاص عمل ہے۔ میں اس کو خالد ہندی جنتری 2013 کی نظر کرتا ہوں۔ اُمید ہے کہ سب بہن بھائیوں کو پسند ہوگا۔

نحوست چاہے وقتی ہو یا پیدائشی ہو اس لوح کی برکت سے رفع ہوگی۔ نحوست کے بعد جلد اسباب بنانے کے لیے یہ لوح بہت پُر تاثیر ہے۔ یہ لوح میرے برسوں کے معمولات میں سے ہے۔ اس لوح کی برکت سے چند سالوں میں ترقی، مرتبہ، بے اندازہ دولت کے اسباب پیدا ہوتا، کرتا کچھ ہے اور

ہوتا کچھ ہو۔ فراخی رزق، تسخیر خلق، رجوع خلق کے لیے بے پناہ پُر تاثیر ہے۔ حکیم افلاطون کے خاص قاعدوں میں سے ہے۔ میرے پاس گلے میں خود بھی یہ نقش ہے۔ اس کا مشاہدہ کیا ہے۔ یہ بہت پُر اثر ہے۔ سات ستاروں کا بخور جلا کر شرف مشتری کے دوران اس کو نقل کریں۔ اللہ پاک چند سالوں میں ایسے اسباب بنائے گا کہ دولت مند ہو جائیں گے۔ اس کے لیے خالص سفید کاغذ پر عنبر و زعفران سے اس کو لکھیں۔ اللہ بہت برکت دے گا۔ پھر جب یہ تیار ہو جائے تو اس کو مشتری کے سائے میں رکھیں۔ پھر گیارہ ہزار مرتبہ سورۃ فاتحہ و اخلاص اور درود شریف پڑھ کر اس پر دم کریں۔ اس کا ثواب حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو بخشیں۔ یہ عمل اگر خود تیار نہ کر سکے تو ادارے سے تیار کروائیں۔

طلسم بادشاہت

طلسم بادشاہت ایک خاص عمل ہے۔ تسخیر خلق رجوع خلق، تسخیر مستورات کے لیے پُر تاثیر ہے۔ یہ ایک پُر تاثیر عمل ہے۔ میں تمام بہن بھائیوں کو دعوت دیتا ہوں کہ اس کو تیار کریں۔ خالص عنبر و زعفران سے اس کو لکھ کر پاس رکھیں۔ پھر اس پر ۱۱۱ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر دم کریں۔ اس کا ثواب حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو بخشیں، پھر اللہ پاک کی کرم نوازی سے مشاہدہ کریں یہ میری طرف سے تحفہ ہے، قبول کریں۔

وہ خواتین و حضرات جن کو شرف زحل نے فائدہ نہ دیا ہو۔ آئے دن کام بنتے بنتے بگڑ جاتے ہوں، کرتا کچھ ہو اور ہوتا کچھ ہو تو ان کے لیے یہ عمل بہت مفید ہے۔

اللہ پاک سے دعا ہے کہ اللہ پاک آپ سب کو عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور خالد اسحاق راٹھور اور ان کی آل و اولاد کو دن دوگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور خالد اسحاق راٹھور صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔

یہ عمل جب تیار کریں تو اسم اعظم مغنی یا فتاح یا عزیز یا غنی یا مغنی کا ورد کریں۔ اللہ پاک بے پناہ برکات دے گا۔ اللہ پاک آپ کا حامی و ناصر ہو۔

بقیہ صفحہ نمبر 161 پر......

تسخیر خلائق و محبوب

ریاض احمد شہزاد، آزاد کشمیر۔

نایاب عمل تسخیر خلائق و تسخیر محبوب

تسخیر خلائق کے شائقین کے لیے نایاب تحفہ ہے۔ تجربہ شدہ عمل پیش کر رہا ہوں۔ تسخیر محبوب و تسخیر خلائق کے لیے یکساں مفید ہے۔ ستارہ زہرہ کے شرف کا انتظار نہیں کرنا پڑے گا۔ جس میں یہ مشہور ہے کہ ستارہ زہرہ کے شرف میں تسخیر کا عمل تیار کیا جائے تو عمل خوب کام کرتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ستارہ زہرہ میں محبت و تسخیر کے عمل و تعویذ تیار کیے جائیں تو خوب کام کرتے ہیں۔ اس وقت کے علاوہ بھی ایسے اوقات ہیں کہ انسان اپنی روحانی قوتوں کو دوبالا کر کے یکسوئی سے عمل کرے تو عمل میں روحانی قوت آ جاتی ہے۔ کسی بھی عمل میں تاثیر پیدا کرنے کے لیے جہاں اور لوازمات ہیں وہاں وقت بھی اہم حیثیت رکھتا ہے۔ عامل کا دین دار ہونا ضروری ہے۔

یہ عمل عامل و دوکاندار، ڈاکٹر، وکیل، پراپرٹی ڈیلر اور دیگر جن کا عوام کے ساتھ تعلق ہے۔ وہ حضرات کر سکتے ہیں۔

ترکیب چہاردہ رکعت نماز

کسی عروج ماہ میں پنجشنبہ یا جمعہ کی شب کو شروع کریں۔ اول کامل نیت چودہ رکعت کی اس طرح کریں کہ چودہ رکعت نماز پڑھتا ہوں / پڑھتی ہوں میں فلاں بن فلاں۔ (اپنا اور ماں کا نام) کے کان، آنکھیں، زبان، ہاتھ، دل و پاؤں ہفت اندام و سہ صدرگ باندھنے کو اور اپنی جانب مہربان کرنے کو بعد اس کے دو رکعت کر کے پڑھے اول دو رکعت میں یہ نیت کرے۔ نماز پڑھتا ہوں میں فلاں بن فلاں کے کان بند کرنے کو میرے نام پر کسی کی زبانی کوئی بدی کا کلام نہ سنئے بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ اخلاص پانچ بار پڑھے۔ دوسری دو رکعت نماز میں اس طرح نیت کرے۔ نماز پڑھتا ہوں میں فلاں بن فلاں کی آنکھیں بند کرنے کو چاروں طرف سے اور میرے اُوپر مہربانی کی نگاہ رکھے، بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ انا انزلنا پانچ بار پڑھے، تیسری دو رکعت میں یوں نیت کرے نماز پڑھتا ہوں میں فلاں بن فلاں کی زبان بند کرنے کو میرے نام پر کوئی بدی کا لفظ نہ نکالے۔ زبان اپنی سے بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ قریش پانچ بار پڑھے۔ چوتھی دو رکعت میں یوں نیت کرے نماز پڑھتا ہوں میں فلاں بن فلاں کے واسطے بند کرنے ہاتھوں کے چاروں طرف سے میرے نام پر جلد کلمہ خیر و خوش کہہ کر روزانہ کرے اپنے ہاتھ سے، بعد الحمد کے سورۃ النصر پانچ بار پڑھے۔ پانچویں دو رکعت میں نماز کی نیت اس طرح کرے۔ نماز پڑھتا ہوں واسطے بند کرنے دل کے چاروں طرف سے میرے اوپر دل سے مہربان اور تابعدار ہونے کو بعد الحمد کے اول رکعت میں سورۃ الم نشرح پانچ بار اور دوسری رکعت میں سورہ انا انزلنا پانچ بار۔ چھٹی دوسری رکعت کی نیت اس طرح کرے نماز پڑھتا ہوں میں واسطے فلاں بن فلاں ہفت اندام و سہ صدرگ بند کرنے کو ہر طرف سے میرے اوپر مہربان ہونے کو اور تابعدار ہونے کو بعد الحمد کے سورہ قل ھواللہ احد پانچ بار پڑھے۔

ساتویں دوگانہ میں یوں نیت کرے نماز پڑھتا ہوں میں فلاں بن فلاں کے ہفت اندام و سہہ صدرگ بند کرنے کے لیے کہ ہر طرف سے میرے اوپر مہربان ہونے کو اور تابعدار ہونے کو بعد الحمد کے سورۃ والعصر پانچ بار اور دوسری رکعت میں سورۃ اذا جاء پانچ بار پڑھے۔

بعد اختتام چہاردہ رکعت نماز کے دو ہزار مرتبہ یا علیم پڑھے اور اول و آخر 100-100 بار درود شریف پڑھے اور بعد فراغت کے نہایت الحاح و زاری اور خشوع و خضوع کے ساتھ دعا کرے۔ یا الٰہی سپرد کیا میں نے ساتھ تیرے دل و جان اور کان اور آنکھیں اور زبان اور ہاتھ اور پاؤں اور ہفت اندام اور سہ صدرگ اور سر تا بقدم فلاں بن فلاں کو میری طرف مہربان اور تابعدار کر بحق آنکہ تو قادری۔

اگر تسخیر خلائق کے لیے پڑھنا ہو تو فلاں بن فلاں کی جگہ جمع اولاد آدم و بنات حوا پڑھے اور جب تک محبوب مسخر نہ ہو جائے تب تک ہر شب چہاردہ رکعت پڑھتا رہے۔

تسخیر خلائق کے لیے ہمیشہ مداومت کرے پھر تاثیر عظیم دیکھے۔

عمل حصول دولت و روزگار میں ترقی و ملازمت

اگر کوئی بے روزگار ہو روزگار کے حصول میں ناکامی کا سامنا ہو۔ کہیں بھی ملازمت نہ ملتی ہو یا اگر کوئی کاروباری شخص ہو اور اس کا کاروبار سخت مندے کا شکار ہو، کاروبار نہ چلتا ہو تو ایسی صورت میں یہ عمل انتہائی کارگر ثابت ہوگا۔ تجربہ شدہ عمل ہے۔ ذرا محنت کر کے دیکھ لیں، نتیجہ آپ کے

سامنے ہوگا۔

دیگر جائز کاموں میں بھی کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔

عمل یہ ہے:۔

ان الله مولکم نعم المولى و نعم النصير بلى انت مولائى وانا لفقير

عروج ماہ نوچندی بدھ، جمعرات، جمعہ، اتوار کی رات بعد نماز عشاء ایک مقررہ وقت پر باوضو جگہ کا تعین، خوشبو، اگربتی کا بخور جلا کر اول و آخر سات سات بار درود پاک پڑھیں۔ اختتام درود پاک پر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ یا اللہ اپنے کلام پاک کے طفیل میرے روزگار میں غیب سے ترقی فرما۔

صرف اکیس یوم کا عمل ہے اگر فائدہ دیکھیں اور زیادہ ترقی چاہیں تو چالیس یوم پورے کریں اللہ تعالیٰ کے طفیل و کرم سے اس عمل سے روزگار میں ترقی ہوگی۔

یہ عمل ترقی روزگار کے لیے خاص ہے مگر دوسرے نیک مقصد کے لیے بھی آخر میں دعا کریں تو اللہ تعالیٰ دعا کی قبولیت کا شرف بخشتا ہے۔

شروع دن سے آخر دن تک جس مقصد کے لیے عمل کیا جائے اس کی نیت کریں۔ مثلاً ملازمت کے حصول کے لیے روزگار میں خیر و برکت کے لیے۔ مقصد میں کامیابی کے لیے، ادائیگی قرض کے لیے اور شادی بیاہ کے لیے۔ مگر شرط یہ ہے کہ یہ عمل جائز صورتوں کے لیے ہے۔

دعا گوں ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو ہر جائز مقصد میں کامیابی عطا فرمائے۔ والسلام۔

نقش طلسم بادشاہت

لاہور

٨	١١	٩٣٦	١
٩٣٤	٢	٧	١٢
٣	٩٣٩	٩	٦
١٥	٥	٤	٩٣٥

معصوم علی سعید، راولپنڈی۔

صفحہ نکالنا

15000 کا صفحہ پہلے ڈرا کے لیے

اس کے ڈرا کی روٹین کے لیے آپ 15000 کے گزشتہ سال کے پہلے ڈرا کا پہلا نمبر لیں۔ اس کا چھٹا ہندسہ لیں۔

(i) اس عدد کو دو درجہ زیادہ کریں اس عدد کا گھر لیں۔

(ii) اس عدد کو ایک درجہ کم کریں اس عدد کا گھر لیں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی اعداد=3-8-6-1

15000 کا صفحہ دوسرے ڈرا کے لیے

اس ڈرا کے گزشتہ سال کا پہلا نمبر لیں۔ اس کا پہلا ہندسہ لیں۔ اس عدد کو دو درجہ زیادہ کریں۔ ان دونوں اعداد کے گھر لیں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی اعداد=8-7-3-2

15000 کا صفحہ تیسرے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال کے 15000 کے تیسرے ڈرا کا پہلا نمبر لیں۔ اس کا پہلا ہندسہ لیں۔ اس عدد کی باقی لیں۔ اس عدد کو ایک درجہ زیادہ کریں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی اعداد= 8-7-3

15000 کا صفحہ چوتھے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال کے چوتھے ڈرا کا پہلا نمبر لیں۔ اسے دو درجہ زیادہ کریں۔ اس عدد کا گھر لیں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی اعداد=5-0

750 کا صفحہ پہلے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال کے پہلے ڈرا کا پہلا نمبر لیں ان میں سے چھٹا ہندسہ لیں۔ اسے ایک درجہ زیادہ کریں۔ ان دونوں اعداد کے گھر لیں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی اعداد=7-2-6-1

750 کا صفحہ دوسرے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال کے 750 کے دوسرے ڈرا کا پہلا نمبر لیں۔ اس عدد کو ایک درجہ کم اور ایک درجہ زیادہ کریں۔ ان دونوں اعداد کے گھر لیں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی اعداد=7-2-5-0

750 کا صفحہ تیسرے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال کے تیسرے ڈرا کا پہلا نمبر لیں۔ اس کے تمام اعداد جمع کر کے حاصل اعداد کا مفرد عدد لیں۔ اس عدد کا گھر لیں۔ اس عدد کو دو درجہ زیادہ کریں۔ دو درجہ زیادہ والے اعداد لیں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی اعداد=3-2-6-1

750 کا صفحہ چوتھے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال 750 کے چوتھا ڈرا کا پہلا نمبر لیں۔ تمام اعداد جمع کر کے ان کا مفرد عدد لیں۔ اس عدد کو ایک درجہ کم کریں ان دونوں اعداد کے گھر لیں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی اعداد=9-4-0-5

7500 کا صفحہ پہلے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال 7500 کے پہلے ڈرا کا پہلا نمبر لیں۔ اس کا چھٹا ہندسہ لیں۔ اس عدد کو ایک درجہ کم اور زیادہ کریں۔ ان دونوں اعداد کے گھر لیں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی اعداد=8-3-6-1

7500 کا صفحہ دوسرے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال کے دوسرے ڈرا کا پہلا نمبر لیں۔ اس کا تیسرا ہندسہ لیں اسے ایک درجہ کم اور زیادہ کریں۔ ان دونوں اعداد کی باقی لیں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی اعداد=2-8-4-6

7500 کا صفحہ تیسرے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال کے تیسرے ڈرا کا پہلا نمبر لیں۔ اس کا چھٹا ہندسہ لیں اسے تین درجہ زیادہ کریں۔ دوسرے اور تیسرے درجہ والا عدد لیں ان دونوں اعداد کا گھر لیں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی اعداد=1-6-0-5

7500 کا صفحہ چوتھے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال کے چوتھے ڈرا کا پہلا نمبر لیں۔ اس کا چوتھا ہندسہ لیں۔ اسے تین درجہ زیادہ کریں۔ ان میں سے دوسرے درجہ والے عدد کا گھر لیں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی نمبر=8-4-3-2

1500 کا صفحہ پہلے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال کے 1500 کے پہلے ڈرا کا پہلا نمبر لیں۔ اس کا چوتھا ہندسہ لیں۔ اسے ایک درجہ زیادہ کریں۔ ان اعداد کا گھر لیں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی اعداد=5-0-4-9

1500 کا صفحہ دوسرے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال کے دوسرے ڈرا کا پہلا نمبر لیں تمام اعداد کو جمع کر کے حاصل اعداد لیں۔ ان کا مفرد لیں۔ اس عدد کو ایک درجہ کم اور زیادہ کریں۔ مفرد عدد کا گھر لیں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی نمبر=2-8-7-6

1500 کا صفحہ تیسرے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال کے تیسرے ڈرا کا پہلا نمبر لیں۔ اس کا پہلا ہندسہ لیں اسے ایک درجہ زیادہ کریں۔ ان دونوں اعداد کے گھر لیں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی نمبر=8-7-3-2

1500 کا صفحہ چوتھے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال کے چوتھے ڈرا کا پہلا نمبر لیں۔ اس کا دوسرا ہندسہ لیں۔ اسے ایک درجہ زیادہ کریں۔ ان اعداد کی باقی لیں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی اعداد=0-5-6-4

40000 کا صفحہ پہلے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال کے 40,000 کے پہلے ڈرا کا پہلا نمبر لیں۔ اس کا چھٹا ہندسہ لیں۔ اسے تین درجہ زیادہ کریں۔ ان میں سے دوسرا اور تیسرے درجہ والا عدد لیں۔ جب کہ تیسرے درجہ والے عدد کی باقی لیں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی اعداد=6-5-7-3

40000 کا صفحہ دوسرے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال کے دوسرے ڈرا کا پہلا نمبر لیں۔ اس کا تیسرا ہندسہ لیں۔ اسے دو درجہ زیادہ کریں۔ ان دونوں اعداد کی باقی لیں۔ ان میں صفحہ ہونا چاہیے۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی اعداد=8-2-9-1

40000 کا صفحہ تیسرے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال کے تیسرے ڈرا کا پہلا نمبر لیں۔ اس کا پہلا ہندسہ لیں۔ اسے ایک درجہ زیادہ اور تین درجہ کم کریں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

صفحہ، اکڑا اور بنڈل

وہ جو خود نمبر بنانے کے خواہش مند ہوں یا بنے بنائے نمبروں کو ترجیح دیتے ہیں، دونوں قسم کے لوگوں کے لیے یہ کتاب حد درجہ مفید ہے۔

نمبر نکالنا، صفحہ، اکڑا، پیکٹ اور بنڈل وغیرہ کس طرح بنے گا، کیا ہوگا، کیا نہیں ہوگا، اس طرح کے لاتعداد امور کی وضاحت آپ کو اس کتاب میں ملے گی۔ علم نجوم کے ایک خاص پہلو یعنی نظرات کی بنیاد پر تیار کی گئی ایک ایسی کتاب جس سے فائدہ اٹھانا حد درجہ آسان ہے کیونکہ ہر بننے والی نظر کے ساتھ متوقع نمبر کا استخراج کر دیا گیا ہے۔ ایک لاجواب کتاب۔

اس کتاب میں ایک خاص طریقہ کار اس طرح بیان کیا گیا ہے، جس پر عمل کرتے ہوئے ہر فرد چند منٹوں میں صفحہ، اکڑا اور بنڈل نمبر نکال سکتا ہے۔ حل شدہ نظرات کو اکب کے تحت لمحہ بہ لمحہ تبدیل ہوتی نظرات کے تحت دیئے گئے نمبروں سے آپ کسی بھی وقت اور دن کا صفحہ، اکڑا اور بنڈل وغیرہ ایک منٹ میں خود بھی نکال سکتے ہیں۔

وہ جو دن بھر ہونے والی مختلف قرعہ اندازیوں وغیرہ میں حصہ لیتے ہیں اور روزانہ نمبر یا کسی بھی خاص وقت کا نمبر معلوم کرنے کے خواہش مند ہوتے ہیں وہ بھی اس کتاب کی مدد سے چند منٹوں میں خود کسی بھی وقت کا نمبر استخراج کر سکتے ہیں۔

اس کے ساتھ ساتھ پورے سال کے ہر دن کے الگ الگ متوقع نمبر استخراج کر دیے گئے ہیں تاکہ ہر فرد بلا کسی محنت ان سے فائدہ اٹھا سکے۔

لکی اعداد=3-1-0-9

40000 کا صفحہ چوتھے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال کے چوتھے ڈرا کا پہلا نمبر لیں۔ اسے ایک درجہ کم اور زیادہ کریں۔ ان دونوں اعداد کے گھر لیں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی اعداد=8-3-0-5

200 کا صفحہ پہلے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال کے 200 کے پہلے ڈرا کا پہلا نمبر لیں۔ اس کا تیسرا ہندسہ لیں اسے ایک درجہ زیادہ کریں۔ ان دونوں اعداد کی باقی لیں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی اعداد=3-4-7-6

200 کا صفحہ دوسرے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال کے دوسرے ڈرا کا پہلا نمبر لیں۔ اس کا پہلا ہندسہ لیں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

(i) پہلے ہندسے کا گھر لیں۔ (ii) ایک درجہ کم کریں۔

(iii) پہلے ہندسے کو دو درجہ زیادہ کریں۔ دو درجہ زیادہ والا عدد لیں۔ ان میں صفحہ موجود ہے۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی اعداد=2-3-8-5

200 کا صفحہ تیسرے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال کے تیسرے ڈرا کا پہلا نمبر لیں اسے دو درجہ زیادہ کریں۔ ان دونوں اعداد کے گھر لیں۔ ان میں صفحہ موجود ہے۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی اعداد=3-4-8-9

200 کا صفحہ چوتھے ڈرا کے لیے

گزشتہ سال کے چوتھے ڈرا کا پہلا نمبر لیں۔ اسے ایک درجہ کم اور دو درجہ زیادہ کریں۔ پہلے ہندسے کا گھر لیں۔ ان میں آئندہ ڈرا کے لیے صفحہ موجود ہے۔

لکی اعداد=8-3-7-9-4

نوٹ: اگر 0 یا 5 کے اعداد آئے اور ان اعداد کی باقی لینی ہے تو ان اعداد کے گھر لیں۔

کامیابی اور 23 امور زندگی

زندگی کے 23 اہم اُمور پر دلچسپ اور طاقتور احکام

ہماری یہ نجومی رپورٹ اس بات کو مدنظر رکھ کر بنائی گئی ہے کہ آپ کم سے کم رقم خرچ کر کے زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کر سکیں۔ یہ رپورٹ اپنے اندر کیا کچھ لیے ہوتی ہے اس کا مکمل اظہار کے لیے ذیل میں مختصر طور پر اُن معاملات کو بیان کیا گیا ہے جو اس رپورٹ میں زیر بحث آئیں گے۔ یہ رپورٹ آپ صرف اپنے لیے ہی نہیں۔ اپنے بچوں اور اپنے عزیز و اقارب کے لیے بھی بنوا سکتے ہیں۔ بالیقین یہ ایک جامع، دلچسپ اور سستی رپورٹ ثابت ہوگی۔ رپورٹ میں زیر بحث آنے والے 23 امور درج ذیل ہیں۔

1 آپ کا مزاج و کردار کس طرح کا ہے؟
2 زندگی میں خوشیوں اور تکمیل خواہشات کے موضوع کا بیان
3 محبت و رومانس کے معاملات، دیکھیں آپ کے لیے اس میں کیا ہے؟
4 عام ڈگر سے ہٹ کر آپ کی دلچسپیاں اور مشاغل کیا ہو سکتے ہیں؟
5 معاملات صحت کیسے رہیں گے؟ کون سے امراض تنگ کر سکتے ہیں؟
6 مالی معاملات کی صورت کیا ہوگی؟ مال و دولت کی چند خاص باتیں۔
7 آپ کی زندگی اور طریق زندگی آپ کی نظر میں۔
8 کیریئر/ معاشی معاملات میں کامیابی، کہاں اور کیسے؟
9 روزگار کے معاملات کیسے رہیں گے؟ کیا کریں اور کیسے کریں؟
10 آپ کا ذاتی برج کون سا ہے؟
11 آپ کا ذاتی ستارہ کون سا ہے؟
12 کس کس پتھر کا استعمال آپ کے لیے خوش قسمتی کا باعث ہوگا؟
13 ہفتہ کا کون سا دن آپ کے لیے بہتر ہے؟
14 آپ کا خوش قسمتی کا رنگ کون سا ہے؟
15 کون سی دھات آپ حصول خوش قسمتی کے لیے استعمال کر سکتے ہیں؟
16 کون سا عدد/ فگر آپ کے لیے خوش قسمت ہے؟
17 حاجات و مسائل کے حل کے لیے کون سا اسم الٰہی آپ کو پڑھنا چاہیے؟
18 آپ کے زائچہ میں کواکب کی شرف و ہبوط کی حالتوں کا مکمل بیان۔ بلحاظ شرف و ہبوط کون سا کوکب زائچہ میں سعد اور کون سا نحس ہے؟
19 بلحاظ زائچہ آپ کو حلِ مسائل کے لیے کیا چیز، کب اور کس دن صدقہ کرنی چاہیے؟
20 قمری لحاظ سے آپ کا برج اور ستارہ کون سا ہے؟ اور اس کے اثرات کیا ہیں؟
21 شمسی لحاظ سے آپ کا برج اور ستارہ کون سا ہے؟ اور اس کے اثرات کیا ہیں؟
22 طالع کے لحاظ سے آپ کا برج اور ستارہ کون سا ہے؟ اور اس کے اثرات کیا ہیں؟
23 پیدائشی زائچہ بمعہ کواکبی نظرات، کواکب در گھر، کوکب در بروج، کواکبی درجات، طالع عاشر اور دیگر تکنیکی معلومات۔

اپنی نوعیت کی واحد، دلچسپ اور جامع پیش گوئی پر مبنی رپورٹ جو آپ اپنی ذات، بچوں اور گھر والوں کے لیے بھی تیار کروا سکتے ہیں

مقدر کا سکندر

جنوری

مشترک نمبر	مشترک نمبر	حوت	دلو	جدی	قوس	عقرب	میزان	سنبلہ	اسد	سرطان	جوزا	ثور	حمل	تاریخ
7	96	20	80	16	59	70	74	97	77	60	56	77	10	1
